www.dailybolan.com

MEMBER APNS | ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — حب کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203 — Mobile: 0336-6113760

صفحات 8 — قیمت 20 روپے

جلد 37 — ہفتہ 3 اکتوبر 2026ء، بمطابق 20 ربیع الثانی 1448ھ — شمارہ 294

وزیر اعظم: کاروباری سرگرمیوں میں آسانی اور سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ریگولیٹری اصلاحات ناگزیر ہیں

حکومت کاروباری برادری کو سہولت فراہم کرنے اور غیر ضروری ضابطہ کاری کے خاتمے کیلئے مؤثر اقدامات کر رہی ہے، شہباز شریف

ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان میں اصلاحات کے ذریعے اسے جدید خطوط پر استوار کیا گیا ہے، اسی طرز پر دیگر ریگولیٹری اداروں میں بھی اصلاحات لائی جائیں، اجلاس میں ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کاروباری سرگرمیوں میں آسانی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ریگولیٹری اصلاحات ناگزیر ہیں، حکومت کاروباری برادری کو سہولت فراہم کرنے اور غیر ضروری ضابطہ کاری کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ریگولیٹری اصلاحات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کاروبار میں آسانی، سرمایہ کاری کے فروغ اور ریگولیٹری نظام کو مزید مؤثر، شفاف اور کاروبار دوست بنا (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

حافظ نعیم الرحمٰن نے تحریک تحفظ آئین پاکستان کی اے پی سی میں شرکت کی دعوت قبول کرلی

پی ٹی آئی سے مذاکرات بامعنی ہونے چاہئیں، پی ٹی آئی نے بھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا، حافظ نعیم الرحمٰن

ملاقات میں بہت اچھی گفتگو ہوئی اور جماعتِ اسلامی نے آل پارٹیز کانفرنس کی دعوت قبول کرلی ہے، ہم کانفرنس میں شرکت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) تحریکِ تحفظ آئین پاکستان کے وفود نے (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

وائٹ ہاؤس نے شہباز شریف کی ٹرمپ سے ملاقات کی تصاویر جاری کردیں

اسلام آباد (این این آئی) وائٹ ہاؤس نے وزیراعظم شہباز شریف (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

مدینہ منورہ پر حملہ امت مسلمہ کے دلوں اور عقیدے پر حملہ ہے، مولانا فضل الرحمٰن

مسلمان حکمراں اگر حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے متحد نہیں ہوں گے تو پھر کب ہوں گے؟

مدینہ منورہ پر حملے کی خبر سے دل رنجیدہ اور زخمی ہے، مقدس شہر پر حملے کی جسارت سفاکیت کی انتہا ہے، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی زیر صدارت 277 ویں کور کمانڈرز کانفرنس کا انعقاد ہوا

کور کمانڈرز کانفرنس: انتشار پسند دریا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش سے سختی سے نمٹا جائیگا

قوم کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ مسلح افواج پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کے تحفظ کیلئے مکمل تیار ہیں، فیلڈ مارشل

،قوم کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ مسلح افواج پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں، فیلڈ مارشل

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم، سعودی عرب سے اظہار یکجہتی اور حرمین شریفین کے تحفظ و تقدس کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی زیر صدارت کور کمانڈرز کانفرنس میں واضح کیا گیا ہے کہ کسی بھی جواز پر پُرتشدد انتشار یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش سے نمٹا جائے گا، افغانستان سے ہونے والی دہشتگردی کے خلاف ٹارگیٹڈ کارروائیاں پاکستان کا دفاعی حق ہیں، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے زمینی کارروائیوں کے ساتھ بہترین انتظامی اور گورننس کے اقدامات ناگزیر ہیں، مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کیا جائے، قوم کی غیر متزلزل (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

حکومت کا بانی کی رہائی اپوزیشن کا مارچ ختم کرنے سے انکار

علامہ راجہ ناصر عباس کا عدالتی فیصلوں پر مکمل عمل نہ ہونے اور بانی چیئرمین سے ملاقاتوں پر پابندی سمیت حکومتی اقدامات پر مایوسی کا اظہار

عدالتیں اپنا کام کر رہی ہیں اور لانگ مارچ سے متعلق عدالتی فیصلوں پر عمل کروایا جائے گا، رانا ثناء اللہ...... اپوزیشن کا اپنے قائدین کو اعتماد میں لینے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات (آج) ہفتہ کو دوبجے دوبارہ ہونگے۔ مذاکرات پارلیمنٹ ہاؤس میں اسپیکر چیمبر میں، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی زیر صدارت ہوئے۔ حکومتی وفد میں طلال چوہدری، محسن نقوی، شیری رحمٰن، رانا ثناء اللہ اور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری جبکہ اپوزیشن کی جانب سے علامہ ناصر عباس، بیرسٹر گوہر، اسد قیصر، عامر ڈوگر اور سلمان اکرم راجہ مذاکرات میں شامل ہوئے۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

خواجہ آصف: ڈی جی آئی ایس پی آر نے کے پی حکومت کو چارج شیٹ پڑھ کر سنائی

ڈی جی آئی ایس آر نے کے پی حکومت کو واضح پیغام دیا ہے کہ اب ایسا نہیں چلے گا، وزیر دفاع

ڈی جی آئی ایس پی آر نے کے پی حکومت کیخلاف چارج شیٹ پڑھ کر سنائی، خواجہ آصف کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے گزشتہ روز اپنی پریس کانفرنس کے دوران کے پی حکومت کے خلاف چارج شیٹ پڑھ کر سنائی۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں خواجہ آصف نے کہا کہ آپ دہشتگردی (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

بھارتی بارڈر سکیورٹی فورسز کی فائرنگ سے 2 نہتے پاکستانی شہری شہید، ایک زخمی

شہید ہونے والوں میں عظمت رسول اور محسن جٹ کا تعلق جتاں والی حویلی لدھڑ سے ہے

بھارتی فورسز کی شہریوں پر فائرنگ کا واقعہ بارڈر معاہدہ اور ایس او پیز کی کھلی خلاف ورزی ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی بارڈر سکیورٹی فورسز نے پاک بھارت بین الاقوامی سرحد قصور کے قریب 3 پاکستانی شہریوں پر فائرنگ کردی جس سے 2 نہتے پاکستانی شہری شہید ہوگئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق لدھڑ گاؤں کے 3 پاکستانی شہری بارڈر پلر سے چند قدم آگے ہی بڑھے تو بی ایس ایف نے بغیر وارننگ ٹارگٹ کیا، بلا اشتعال فائرنگ سے 2 شہری شہید، ایک شخص زخمی ہوگیا، تینوں نہتے تھے۔ شہید ہونے والوں میں عظمت رسول اور (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر نواب جام کمال خان عالیانی سے وفد ملاقات کر رہا ہے

وزیراعظم شہباز شریف سے رانا مشہود ملاقات کر رہے ہیں

شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کا آپریشن، 7 خوارج ہلاک

سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوانوں کی شاندار کارکردگی ملکی امن وسلامتی کی ضامن ہے، وزیراعظم

فورسز کے بہادر سپوت پوری قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں فورسز کی کامیابیاں قابل تحسین ہیں، وزیر داخلہ محسن نقوی

شمالی وزیرستان / اسلام آباد (این این آئی) شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز کے آپریشن میں 7 خوارج مارے گئے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان کے علاقے عیدک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 7 خوارج جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوانوں کی شاندار کارکردگی ملکی امن وسلامتی کی ضامن ہے۔ جمعہ کو سکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس میں فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائی میں دہشتگردوں کے ٹھکا (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

ٹیکس ریٹرن کی ڈیڈ لائن کے بعد جرمانوں کا سلسلہ شروع ہوگا، بلال اظہر

ٹیکس ریٹرن کی ڈیڈ لائن گزرنے کے بعد جرمانوں کا سلسلہ شروع ہو جائے گا،

پہلے مہینے 10 ہزار، دوسرے مہینے 25 ہزار اور تیسرے مہینے 50 ہزار روپے جرمانہ ہوگا، وزیر مملکت کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ ٹیکس ریٹرن کی ڈیڈ لائن گزرنے کے بعد جرمانوں کا سلسلہ شروع ہو جائے گا، پہلے مہینے 10 ہزار، دوسرے مہینے 25 ہزار اور تیسرے مہینے 50 ہزار روپے جرمانہ ہوگا۔ اپنے بیان میں بلال اظہر کیانی نے کہا کہ دکانداروں (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی کو لانگ مارچ ملتوی یا منسوخ نہیں بالکل ختم کرنا ہوگا، شیری رحمان

ہمارے فوجی شہید ہو رہے ہیں، پولیس والے شہید ہو رہے ہیں

فرد واحد کیلئے ہم کبھی بھی لانگ مارچ نہیں کرتے، نائب صدر پیپلز پارٹی

پی ٹی آئی کے مطالبات پر ابھی کوئی بات نہیں کرسکتی۔ ہم نے ایک دوسرے کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائی

ہماری کوشش ہوگی (آج) ہفتہ کو مذاکرات مکمل ہوجائیں اور کسی نتیجے پر پہنچیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی رہنما شیری رحمان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو لانگ مارچ ملتوی یا منسوخ نہیں بالکل ختم کرنا ہوگا، اسے غیر مشروط طور پر لانگ مارچ ختم کرنا ہوگا۔ حکومت و اپوزیشن ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیری رحمان نے کہا (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

برآمدات کے فروغ اور نئی منڈیوں تک رسائی کیلئے مربوط حکمت عملی اپنانے کا فیصلہ

حکومت نے مالی مشکلات کے باوجود دو، تین پہیوں اور چار پہیوں والی گاڑیوں کو فیول ریلیف دیا، نائب وزیراعظم

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کے تحت سٹرٹیجک پولیٹیکل ڈیفنس کمیٹی کا اجلاس جلد ریاض میں ہوگا، سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی میڈیا بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستانی وفد کا دورہ امریکہ انتہائی مفید اور نتیجہ خیز رہا، وزیراعظم نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب اور کئی عالمی رہنماؤں سے ملاقاتوں کے دوران ایران - امر (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

سنجیدہ سوال کریں بیرسٹر گوہر نے صحافی کو جھاڑ دیا

بانی کی رہائی قومی مسئلہ ہے، ٹک ٹاک کیلئے استعمال نہ کریں، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے صحافی کو جھاڑ پلا دی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر سے صحافی نے سوال کیا کہ آپ عمران خان کی رہائی سے صرف ملاقات تک آ گئے ہیں؟ جس پر بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی کی رہائی قومی مسئلہ ہے اسے ٹک ٹاک کیلئے استعمال نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی حل نہیں ہے۔ اس موقع پر اسد (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

پارلیمنٹ ہاؤس، نماز جمعہ میں حکومت و اپوزیشن کے مذاکرات کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کی کامیابی کیلئے پارلیمنٹ ہاؤس کی مسجد میں خصوصی دعا کی گئی۔ جمعہ کو حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات پارلیمنٹ ہاؤس میں اسپیکر چیمبر میں اسپیکر (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

حکومتی وفد سے مذاکرات کے بعد ہی لانگ مارچ کے حوالے سے فیصلہ ہوگا، عامر ڈوگر

لانگ مارچ کی تیاری جاری ہے، تمام سرگرمیاں آئین اور قانون کے دائرے میں رہ کر کی جائیں گی، رہنما تحریک انصاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عامر ڈوگر نے کہا ہے کہ لانگ مارچ کی تیاری جاری ہے، تاہم تمام سرگرمیاں آئین اور قانون کے دائرے میں رہ کر کی جائیں گی۔ ایک انٹرویو میں عامر ڈوگر نے کہا کہ حکومتی وفد سے مذاکرات کے بعد ہی لانگ مارچ کے حوالے سے آئندہ کا فیصلہ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 27 ستمبر کا لانگ مارچ ملتوی کر کے حکومت کو وقت دیا گیا (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

بلاول بھٹو زرداری کا ملک عیسیٰ خان ملازئی سے والدہ کی رحلت پر دکھ و افسوس کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے نائب صدر ملک عیسیٰ خان ملازئی سے انکی والدہ کی رحلت پر دکھ و افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے ملک عیسیٰ خان ملازئی سے انکی والدہ کی رحلت (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

آئی ایم ایف کے پاکستان کیساتھ مذاکرات، مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود سخت رکھنے کی تجویز

اقتصادی ٹیم نے آئی ایم ایف مشن کے ساتھ متعدد اجلاسوں میں ملکی معاشی اعداد و شمار کے تخمینوں بارے آگاہ کردیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزہ مذاکرات میں آئی ایم ایف نے مارکیٹ بیسڈ ایکسچینج ریٹ رکھنے پر زور دیتے ہوئے مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود سخت رکھنے کی تجویز دی ہے۔ اقتصادی ٹیم نے آئی ایم ایف مشن کے ساتھ متعدد اجلاسوں میں ملکی معاشی اعداد و شمار کے تخمینوں بارے آگاہ کر دیا ہے۔ بریفنگ کے مطابق پاکستان کا معاشی (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

حکومت کا اکاؤنٹس نظام میں 60 فیصد خالی مستقل آسامیاں ختم کرنے کا فیصلہ

کابینہ کے 27 اگست 2024 کے فیصلے کی روشنی میں آسامیوں کے خاتمے کے حوالے سے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری

ختم کی جانے والی آسامیوں میں وہ عہدے شامل نہیں ہوں گے جو تبادلے، پوسٹنگ یا پروموشن کیلئے مختص ہونے کے باعث خالی ہیں، مراسلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اکاؤنٹس نظام (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

طارق فضل چوہدری کی مدینہ منورہ کی سمت حوثی ملیشیا کی حملے کی کوشش کی شدید مذمت

روضہ رسول ﷺ کی جانب کسی بھی جارحیت یا حملے کی خبر امت مسلمہ کے دلوں کو زخمی کر دیتی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے مدینہ منورہ کی سمت حوثی ملیشیا کی حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ روضہ رسو (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

طارق فضل چوہدری: حکومت نے فیصلہ کرلیا کے پی میں جو صورتحال ہے نہیں چل سکتی

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے معاملے پر سنجیدگی سے غور کیا جارہا ہے، ورکنگ مکمل، حتمی فیصلہ مشاورت کے بعد ہوگا

27 ستمبر کو بھی حکومت کی تیاری مکمل تھی اور 4 اکتوبر کے لیے بھی مکمل ہے، اسلام آباد کے تحفظ اور ہجوم کو روکنے کے لیے حکومت تیار ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق وزرانے بتایا ہے کہ معاملے پر سنجیدگی سے غو (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

پاکستانی ٹیکسٹائل برآمدات 17.93 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

مالی سال 2027 کے ابتدائی 2 ماہ میں بھی ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی برآمدات میں اضافے کا رجحان برقرار رہا

ٹیکسٹائل برآمدات میں مسلسل پیش رفت پاکستان کے صنعتی اور برآمدی شعبے کی مضبوطی کی عکاسی کرتی ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی ٹیکسٹائل برآمدات 17 (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

خاران کے مغوی ڈپٹی کمشنر منیر احمد سومرو بازیاب

ڈپٹی کمشنر کو ایک پرائیویٹ گاڑی میں کوئٹہ سے خاران جاتے ہوئے تین دیگر افراد کے ہمراہ اغواء کیا گیا تھا

خاران (این این آئی) ضلع خاران کے ڈپٹی کمشنر منیر احمد سومرو بازیاب ہوگئے، پولیس ذرائع نے تصدیق کردی۔ ڈپٹی کمشنر کے خاندانی ذرائع نے بھی ان کی بازیابی کی تصدیق کی (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی کا لانگ مارچ بھی جاری رکھنے کا اعلان

انصاف مکمل ختم ہوچکا ہے، ہمیں بانی تحریکِ انصاف سے ملاقات اور مشاورت چاہیے، سلمان اکرم راجہ

بانی پی ٹی آئی سے اچکزئی صاحب کی ملاقات کا معاملہ مذاکرات میں رکھا جائے گا، بانی سے ملاقات کے بغیر معاملات حل نہیں ہوسکتے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ مذاکرات حکومت کی خواہش پر شروع ہوئے ہیں، لانگ مارچ ضرور ہوگا اور مذاکرات کے ساتھ ساتھ جاری رہے گا، حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات ہوئے، نماز جمعہ سے قبل پہلا سیشن ہوا جبکہ نماز کے بعد مذاکرات دوبارہ شروع ہوئے۔ اپوزیشن رہنما سلمان اکرم راجہ نے میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ میں انصاف کی بات کروں گا، انصاف مکمل ختم ہو چکا ہے، ہمیں بانی تحریکِ انصاف سے ملاقات اور مشاورت چاہیے، ملاقات ہوئی تو معاملہ آگے بڑھے گا، ورنہ صورتِ حال جوں کی توں رہے گی، بانی تحریکِ (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ہارون اختر: قیمتی پتھروں کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرینگے

ہارون اختر کی زیر صدارت اجلاس، اسلام آباد میں جیم سٹون مرکز کے قیام بارے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایات کے مطابق جیم سٹون کے لیے عالمی معیار کا جدید مرکز قائم کیا جائے گا، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان کی زیر صدارت جیم سٹون کے مرکز کے قیام سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل، ایڈیشنل سیکرٹری حمیرا ضیا مفتی اور جوائنٹ سیکرٹری فریدون اکرم شیخ نے شرکت کی۔ وزارت صنعت و پیداوار کے مطابق اجلاس کے دوران وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جدید ترین جیم سٹون کے مرکز، پراسیسنگ اور نمائش کی سہولیات کے قیام کا جائزہ لیا گیا۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایات کے مطابق جیم سٹون کے لیے عالمی معیار کا جدید مرکز قائم کیا جائے گا، اس شعبے میں (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

حکومت اپوزیشن مذاکرات میں پی ٹی آئی کو فیس سیونگ مل جائیگی، شیر افضل مروت

مارچ ملتوی ہونے کے بعد حکومت پی ٹی آئی کو ٹھینگا دکھا دے گی، رکن قومی اسمبلی

لاہور (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے حکومت اپوزیشن مذاکرات کو برائے نام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ فیصلے دو دن پہلے ہی ہو چکے ہیں، فریقین مذاکرات کو کامیاب قرار دیں گے، پی ٹی آئی مارچ ملتوی کردے گی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حکومت بانی کو ہسپتال لے جانے اور ملاقاتیں بحال کرنے کا بتائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی مارچ کی تیاری نہیں، وہ بھنور (بقیہ 31 صفحہ 7 پر)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کنڈی کی شہید پولیس کی نماز جنازہ میں شرکت

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے تھانہ چمکنی کی حدود مہر گل کلے میرہ کچوڑی میں گزشتہ شب نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید پولیس (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

سورینج کان حادثہ غیر قانونی طور پر بارودی مواد کے استعمال کی وجہ سے پیش آیا

متاثرہ کوئلہ کان میں 16 سال کی عمر کے کان کنوں سے بھی کام لیا جارہا تھا، انکوائری رپورٹ میں انکشاف

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے قریب کوئلہ کان کے ایک حادثے میں 34 کان کنوں کی ہلاکت کی تحقیقات میں انکشاف ہوا ہے کہ حادثہ غیر قانونی طور پر بارودی مواد کے استعمال کی وجہ سے پیش آیا۔ رپورٹ میں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ متاثرہ کوئلہ کان میں 16 سال کی عمر کے کان کنوں سے بھی کام لیا جارہا تھا۔ بشیر احمد بنگلزئی کی سربراہی میں بلوچستان کے وزیراعلیٰ کی انسپکشن ٹیم پر مشتمل اعلیٰ سطح کی (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

وزیراعظم کا ایرانی وزیر خارجہ سے ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ٹیلیفونک رابطے میں وزیراعظم نے ایرانی وزیر خارجہ کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے افسوس کا ا (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ڈی جی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ساؤتھ سے ملاقات

ٹیکس اصلاحات، ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی، ادارہ جاتی رابطہ کاری اور دونوں محکموں کے درمیان باہمی تعاون سے متعلق مختلف اقدامات پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (بولان بیورو) حب میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے چیئرمین عبداللہ خان نے ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ساؤتھ زمان خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ٹیکس اصلاحات، ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی، ادارہ جاتی رابطہ کاری اور دونوں محکموں کے درمیان باہمی تعاون سے متعلق مختلف اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر دونوں جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

ایف آئی اے کی بڑی کامیابی، انسانی اسمگلنگ کے بین الاقوامی نیٹ ورک کا سرغنہ گرفتار

گوجرانوالہ (این این آئی) فیڈرل انوسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے گوجرانوالہ میں کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ کے بین الاقوامی نیٹ ورک کے سرغنہ کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم آسام علی ترکیہ سے لاہور ایئرپورٹ پہنچا، اس کا نام اسٹاپ لسٹ میں شامل تھا۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے کے (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

پاکستان کی مدینہ منورہ پاور سٹیشن پر حوثی حملے کی مذمت، سعودیہ سے اظہار یکجہتی

پاکستان کی مدینہ منورہ میں پاور ڈسٹری بیوشن سٹیشن پر حوثی ملیشیا کے حملے کی مذمت، سعودی عرب کیساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ

مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کو بجلی فراہم کرنے والے انفراسٹرکچر پر قابل مذمت حملہ سنگین اشتعال انگیزی ہے، ایسے اقدامات کے فوری اور غیر مشروط خاتمے کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے ایک بار پھر مدینہ منورہ میں طیبہ پاور ڈسٹری بیوشن سٹیشن پر حوثی ملیشیا کی جانب سے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودی عرب کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کیا ہے۔ جمعہ کو ایک بیان میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کو بجلی فرا (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر مصدق ملک سے امریکی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان ڈی جی ایکسائز ساؤتھ زون زمان ترین سے ٹیکس ایشوز پر میٹنگ کر رہے ہیں

سکیورٹی داخلی خطرات کا سامنا، گڈ گورننس پرفارمنس سے ہوتا ہے — مریم نواز

،صوبے میں آپ کو دہشت گردی نظر نہیں آئے گی، ہم نے کچے کے علاقے میں ریاست کی عملداری کو بحال کیا

خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ صوبے کے وسائل کا استعمال کر کے لانگ مارچ کرتے ہیں، ان سے نہیں پوچھا جاتا کہ یہ پیسہ کہاں سے آیا، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (بولان بیورو) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ دوسرے صوبے میں 16 ارب کا ہیلی کاپٹر خریدا گیا، اس کا کسی کو پتہ نہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مریم نواز نےکہا کہ پنجاب میں ہزاروں کلومیٹر سڑکیں بنیں، لیکن ان پر تنقید کیلئے صرف جہاز کا معاملہ ملا، خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ صوبے کے وسائل کا استعمال کر کے لانگ مارچ کرتے ہیں، ان سے نہیں پوچھا جاتا کہ یہ پیسہ کہاں سے آیا؟ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب میں پولیس اور سی ٹی ڈی کی کارکردگی اور رابطے پر توجہ ہے، صوبے میں آپ کو دہشت گردی نظر نہیں آئے گی، ہم نے کچے کے علاقے میں ریاست کی عملداری کو بحال کیا، دہشت گرد کہیں سے بھی آئیں وہ دہشت گرد ہی ہیں ان کی کوئی درجہ بندی نہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ اپنے اپنے ایجنڈے پر بات کرنے سے ملک ترقی نہیں کر سکتا، ایک وقت تھا خیبر پختونخوا پرامن ہوا کرتا تھا اب دیکھ لیں، آج کے پی میں ہمارے جوان اور افسران شہید ہو رہے ہیں، داخلی طور پر بیرونی سیکیورٹی کی سپورٹ بہت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر ہو رہا ہے، دہشت گردوں نے خیبر پختونخوا کا حسن تباہ کر دیا ہے، گورننس اور پرفارمنس میں بہتری کے بغیر ترقی ممکن نہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ہر حکومت کو پانچ سال پورے کرنا چاہیے اگر وہ اچھا کام کر رہی ہے، پاکستان میں پالیسی کا تسلسل نہ ہونا ترقی کی راہ میں حائل ہو جاتا ہے، پنجاب میں زیادہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت رہنے سے گورننس کا معیار اچھا ہے، دہشت گردی پنجاب میں اب انشاء اللہ نظر نہیں آئیگی، ہمارے بچپن میں خیبر پختونخواہ کے علاقوں کی خوبصورتی اور شان متاثر کن تھی، دفتر سے بیٹھ کر شیشے سے باہر دیکھتے رہیں تو سب اچھا لگتا لیکن حقیقت ایسی نہیں ہوتی، انڈیا کیساتھ جنگ میں دنیا نے پاکستان کا شاندار امیج اور نیا روپ دیکھا، آرمی اور دیگر سیکیورٹی ادارے ملک و قوم کی حفاظت کیلئے قابل قدر کام کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے نیشنل کمانڈ اتھارٹی سینئر آفیسر لیڈر شپ کورس کے وفد نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سینئر لیڈرشپ کورس کے شرکاء کا لاہور آمد پر خیر مقدم کیا۔ چیف سیکرٹری زاہد زمان اختر نے پنجاب حکومت سے متعلق امور پر بریفنگ دی۔ سینئر لیڈرشپ کورس کے شرکاء نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی عوامی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ خیبر پختونخواہ کے افسروں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی عوامی خدمات دیکھ کر کے پی کے والوں کو بھی رشک آتا ہے۔ نیشنل کمانڈ اتھارٹی سینئر آفیسر لیڈرشپ کورس کے وفد سے فکر انگیز گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بطور خاتون وزیراعلیٰ مجھے بہت زیادہ عزت اور احترام ملا۔ ہر حکومت کو پانچ سال پورے کرنا چاہیے اگر وہ اچھا کام کر رہی ہے۔ ہر روز سیکھتی ہوں، جانتی ہوں اس سے عوام کی خدمت کے امور میں بہتری آ رہی ہے۔ اچھے کام کرنے والوں کو ہمیشہ یاد رکھا جاتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ انڈیا کے ساتھ جنگ میں دنیا نے پاکستان کا شاندار امیج اور نیا روپ دیکھا۔ آرمی اور دیگر سیکیورٹی ادارے ملک وقوم کی حفاظت کیلئے قابل قدر کام کر رہے ہیں

سوراب میں امن وامان کی صورتحال تشویشناک، پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے

سوراب کے عوام کو تحفظ چاہیے دعوے نہیں: عملی اقدامات کیے جائیں، چیئرمین میونسپل کمیٹی ایڈووکیٹ منیر احمد آزاد

سوراب (رپورٹ رشید عاطف) چیئرمین میونسپل کمیٹی سوراب ایڈووکیٹ منیر احمد آزاد نے ضلع سوراب میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئے روز چوری، ڈکیتی اور لوٹ مار کی وارداتوں سے شہریوں میں خوف و ہراس پایا جا رہا ہے جس کا فوری نوٹس لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے، پولیس گشت کے نظام کو مؤثر بناتے ہوئے دور دراز علاقوں اور آبادیوں میں بھی نگرانی بڑھائے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف قانون کے مطابق فوری کارروائی کرے۔ ایڈووکیٹ منیر احمد آزاد نے کہا کہ وارداتوں کے بعد صرف مقدمات کا اندراج کافی نہیں عوام کو عملی طور پر تحفظ کا احساس بھی ہونا چاہیے پولیس افسران اور اہلکار عوام سے رابطہ بڑھائیں، مختلف علاقوں کا دورہ کریں اور شہریوں کے مسائل براہِ راست سنیں تاکہ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد مزید مضبوط ہو۔ انہوں نے ڈی سی ایس پی سوراب اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ ضلع میں امن وامان کی صورتحال کا فوری جائزہ لے کر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اور ٹھوس اقدامات کیے جائیں

چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ جسٹس ظفر احمد راجپوت نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز کورٹ بدین کا دورہ کرتے ہوئے ویمن فیسلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کیا

انصاف کی بروقت فراہمی ضروری، تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں ادا کریں — ظفر احمد راجپوت

چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ جسٹس ظفر احمد راجپوت نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز کورٹ بدین کا دورہ کرتے ہوئے ویمن فیسلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کیا

اے جے ڈی ایف کے تحت بدین کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز کورٹ میں ای لائبریری، سولر سسٹم، واٹر کولر اور واٹر ڈسپنسر سمیت مختلف بنیادی اور جدید سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں

بدین (نامہ نگار) چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ جسٹس ظفر احمد راجپوت نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز کورٹ بدین کا دورہ کرتے ہوئے ویمن فیسلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کیا۔ ویمن فیسلیٹیشن سینٹر ایکسس ٹو جسٹس ڈویلپمنٹ فنڈ کے تحت سندھ ہائی کورٹ کی رہنمائی میں قائم کیا گیا ہے، جس کا مقصد عدالتوں میں آنے والی خواتین کو محفوظ، آرام دہ اور معاون ماحول فراہم کرنا ہے اے جے ڈی ایف کے تحت بدین کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز کورٹ میں ای لائبریری، سولر سسٹم، واٹر کولر اور واٹر ڈسپنسر سمیت مختلف بنیادی اور جدید سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں، جن سے عدالتی ماحول کو مزید سہولت بخش بنانے اور جدید تقاضوں کے مطابق سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی اس موقع پر چیف جسٹس سندھ نے قانونی برادری اور وکلا سے ملاقات کی، جس کے دوران عدالتی سہولیات، انصاف کی مؤثر فراہمی اور قانونی پیشے سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف جسٹس سندھ نے نوجوان وکلا سے بھی ملاقات کی اور انہیں محنت، مسلسل قانونی مطالعے، مقدمات کی مکمل تیاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بہتر بنانے پر زور دیا نوجوان وکلا سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس ظفر احمد راجپوت نے کہا کہ قانون کے شعبے میں کامیابی علم، محنت اور مستقل مزاجی سے حاصل ہوتی ہے۔ انہوں نے نوجوان وکلا کو ہدایت کی کہ وہ قانون کے گہرے مطالعے کے ساتھ ساتھ مقدمات کی بہتر تیاری، قانونی تحقیق اور عدالتی نظائر کے مطالعے پر خصوصی توجہ دیں، تاکہ وہ انصاف کی فراہمی میں مؤثر اور ذمہ دارانہ کردار ادا کر سکیں چیف جسٹس سندھ نے ضلع بدین کے جوڈیشل افسران سے بھی ملاقات کی، جس کے دوران عدالتی کارکردگی، کیس مینجمنٹ اور زیر التوا مقدمات کی جلد نمٹانے سمیت مختلف امور پر غور وخوض کیا گیا۔ اس موقع پر سائلین کو بروقت اور مؤثر انصاف کی فراہمی یقینی بنانے اور عدالتی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا گیا اس موقع پر اعلان کیا گیا کہ ایکسس ٹو جسٹس ڈویلپمنٹ فنڈ کے تحت بدین کی تمام عدالتوں اور بار کے لیے ایئر کنڈیشننگ کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ اس اقدام سے عدالتوں اور بار میں آنے والے وکلا، سائلین اور دیگر متعلقہ افراد کے لیے مزید موزوں اور سہولت بخش ماحول فراہم کرنے میں مدد ملے گی چیف جسٹس سندھ کے دورے کے دوران عدالتی افسران اور قانونی برادری کی جانب سے بدین کی عدالتوں میں فراہم کی جانے والی جدید سہولیات اور عدالتی نظام کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی۔

محمد رضوان موبائل فون کے فرانزک تجزیے کے لیے این سی سی آئی اے میں پیش

لاہور (این این آئی) پاکستان کے وکٹ کیپر بلے باز محمد رضوان جمعہ کو نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی میں موبائل فون کے فرانزک معائنے اور تجزیے کے لیے پیش ہوگئے جو گزشتہ ماہ سے ادارے کی تحویل میں ہے۔ این سی سی آئی اے نے نوٹس کے ذریعے محمد رضوان سے تعاون کی درخواست کرتے ہوئے ان کے قبضے سے لیے گئے

محراب پور یونٹ کو مزید فعال، منظم اور مضبوط بنایا جائے، ملک محمد رضوان الحق

محراب پور یونٹ کو مزید فلاحی اسکیمیں فراہم کی جائیں گی

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) ملک فلاحی جماعت و ملک برادری جماعت کے بانی و چیئرمین ملک محمد رضوان الحق ملک سے محراب پور یونٹ کے عہدیداران و ذمہ داران نے سکھر میں ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں یونٹ کی فلاحی سرگرمیوں اور کارکردگی کا جائزہ لیا گیا محراب پور یونٹ کے ذمہ داران نے بتایا کہ مستحق اور بے روزگار افراد کو بلاسود قرضے فراہم کرنے کے ساتھ لیپ ٹاپ، فریج، ریڑھی اور دیگر ضروری سامان آسان اقساط پر فراہم کیا جا رہا ہے، جبکہ ضرورت مند خاندانوں کی مالی معاونت اور مقامی مسائل کے حل کے لیے بھی فلاحی اقدامات جاری ہیں اس موقع پر ملک محمد رضوان الحق ملک نے یونٹ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ محراب پور یونٹ کو مزید فعال، منظم اور مضبوط بنایا جائے

مرکزی مسلم لیگ کی جانب سے ریلی نکالی جارہی ہے

گوٹھ موسانی بیلہ کا دیرینہ مسئلہ، سیلابی حفاظتی بند کی تعمیر جاری

اقدام سینیٹر اسد قاسم رونجھو کی جانب سے علاقے کے عوامی مسائل کے حل کے لیے جاری اقدامات کا حصہ ہے

بیلا (نمائندہ بولان) گوٹھ موسانی بیلہ کا دیرینہ مسئلہ، سیلابی حفاظتی بند کی تعمیر جاری، مکینوں میں خوشی کی لہر سینیٹر اسد قاسم رونجھو سے اظہارِ تشکر تفصیل کے مطابق ضلع لسبیلہ کے قدیمی گوٹھ موسانی بیلہ میں بارشوں اور سیلابی پانی سے آبادی اور قریبی زرعی اراضی کو درپیش دیرینہ مسئلے کے حل کے لیے سیلابی حفاظتی بند (Flood Protection Bund) کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ یہ اقدام چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران سینیٹر اسد قاسم رونجھو کی جانب سے علاقے کے عوامی مسائل کے حل کے لیے جاری اقدامات کا حصہ ہے مقامی مکینوں کے مطابق بارشوں اور سیلاب کے دوران پانی کے تیز بہاؤ کے باعث آبادی اور زرعی اراضی کو نقصان کا خدشہ رہتا تھا، جبکہ حفاظتی بند نہ ہونے کی وجہ سے ہر بار مکینوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ سیلابی حفاظتی بند کی تعمیر سے علاقے کو سیلابی پانی کے ممکنہ نقصانات سے تحفظ ملنے اور مکینوں کے دیرینہ مسئلے میں کمی آنے کی امید ہے گوٹھ موسانی بیلہ کے مکینوں نے بند کی تعمیر کے آغاز پر سینیٹر اسد قاسم رونجھو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ علاقے کے ایک اہم اور دیرینہ مسئلے کی جانب توجہ دے کر عملی اقدام اٹھانا قابلِ تحسین ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حفاظتی بند کی تعمیر مکمل ہونے سے آبادی کے ساتھ ساتھ قریبی زرعی اراضی بھی بارشوں اور سیلابی پانی کے ممکنہ نقصانات سے محفوظ رہ سکے گی مکینوں نے سینیٹر اسد قاسم رونجھو سے اظہارِ تشکر کرتے ہوئے کہا کہ عوامی ضروریات اور مقامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات سے علاقے کے لوگوں کو ریلیف ملے گا

پب جی کے دیئے گئے ٹاسک پر بینک ڈکیتی، گیمر گرفتار، رقم و ہتھیار برآمد

لاہور (این این آئی) جنوبی چھاؤنی کے علاقے بھٹہ چوک میں نجی بینک ڈکیتی کی واردات کا ڈراپ سین ہوگیا۔ پولیس نے واردات میں ملوث ڈاکو کو نجی سوسائٹی سے گرفتار کرلیا۔ ملزم کا اس سے قبل کوئی کریمنل ریکارڈ موجود نہیں اور اس نے پب جی گیم میں ملنے والے ٹاسک پر بینک ڈکیتی کی۔ پولیس کے مطابق بھٹہ چوک کے قریب دن دہاڑے کار میں سوار ایک شخص نجی بینک میں داخل ہوا، اسلحہ نکال کر سکیورٹی گارڈ کو یرغمال بنالیا اور دوسرے گارڈ سے اسلحہ رکھوادیا

عشر زکوٰۃ کمیٹی ضلع ٹھٹھہ کے عاملین، ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ممبران، آفس ملازمین اور کلرکوں کا ایک اہم اجلاس

آفس کلرک مستحق افراد کے اکاؤنٹ بینکوں میں کھلوائیں تاکہ انہیں آئندہ وظائف بروقت مل سکیں

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) عشر زکوٰۃ کمیٹی ضلع ٹھٹھہ کے عاملین، ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ممبران، آفس ملازمین اور کلرکوں کا ایک اہم اجلاس عشر زکوٰۃ کمیٹی ضلع ٹھٹھہ کے مکلی والے آفس میں عشر زکوٰۃ کمیٹی ضلع ٹھٹھہ کے چیئرمین حاجی عبدالکریم شورو کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ زکوٰۃ آفیسر ٹھٹھہ محمد اسلم گبول، ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ممبران محمد شفیق جوکیو، مولوی محمد ایوب نعیمی جوکیو، سانو خاصخیلی، صدام ہنگورو، عبدالرزاق شورو اور دیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں عشر زکوٰۃ کمیٹی ضلع ٹھٹھہ کے چیئرمین حاجی عبدالکریم شورو کی جانب سے تمام عاملین کو ہدایات دی گئیں کہ وہ حقیقی مستحق افراد کے نام درج کرائیں سمیت آفس کلرک مستحق افراد کے اکاؤنٹ بینکوں میں کھلوائیں تاکہ انہیں آئندہ وظائف بروقت مل سکیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عشر زکوٰۃ کمیٹی ضلع ٹھٹھہ کے چیئرمین حاجی عبدالکریم شورو نے کہا کہ ہم غریب، مسکین، معذور افراد کی بلاتفریق خدمت کرنے کے لیے آئے ہیں، ہمیں جتنا وقت ملا ہم غریب، مسکین افراد کی بلاتفریق خدمت کرتے رہیں گے

کوئٹہ، مرکزی مسلم لیگ کے صوبائی صدر حافظ امجد اسلام امجد ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حالات کچھ بھی ہوں، ہمارا جینا مرنا بھوتانی برادران کے ساتھ ہے، حنیف بلوچ

ہم اپنے قائدین کے ساتھ کھڑے تھے، کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے

حب (نمائندہ بولان) حالات کچھ بھی ہوں، ہمارا جینا مرنا بھوتانی برادران کے ساتھ ہے ہم اپنے قائدین کے ساتھ کھڑے تھے، کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے سابق نگران وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار محمد صالح بھوتانی اور سابق ایم این اے و اسپیکر محمد اسلم بھوتانی اور نوجوان لیڈر سابق مشیر سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی نے اپنے دورِ اقتدار میں حب سمیت لسبیلہ بھر میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا تھا ان خیالات کا اظہار بھوتانی عوامی کارواں کے کارکن حنیف بلوچ نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ بھوتانی برادران کی عوامی مقبولیت سے مخالفین خوف زدہ ہیں حب و لسبیلہ کی ترقی اور خوش حالی ہمارے قائدین سے جڑی ہوئی ہے بھوتانی برادران کی عوامی مقبولیت اور عوامی محبت نے مخالفین کی نیندیں حرام کر دی ہیں، ہمارے قائدین نے ہمیشہ صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیاست کو عبادت سمجھ کر کیا ہے انہوں نے ہمیشہ حب اور لسبیلہ کی عوام کے حقوق کے لیے سیسہ پلائی دیوار بن کر سیاسی انداز میں مخالفین کا مقابلہ کیا عوام کے دلوں میں بھوتانی برادران کا اپنا ایک نمایاں مقام ہے مشکلات کے باوجود لوگوں کا بھوتانی عوامی کارواں میں شمولیت اختیار کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ بھوتانی برادران کی مقبولیت دن بہ دن بڑھتی جا رہی ہے۔ یہ ایک عوامی کارواں ہے، جہاں لوگوں کو عزت، پیار اور محبت ملتی ہے انہوں نے کہا کہ مخالفین تمام تر زور آزمائی کے باوجود بھی بھوتانی عوامی کارواں کے کارکنوں کو زیر نہیں کر سکے انہوں نے کہا کہ اس وقت ضلع حب کے عوام جن سہولیات سے مستفید ہو رہے ہیں، ان میں سے زیادہ تر سہولیات ہمارے قائدین کی کاوشوں سے عوام کو میسر ہیں۔ ان سہولیات میں ضلع حب کا قیام، حب بائی پاس، وندر بوائز کالج، حب بوائز ڈگری کالج، حب گرلز کالج اور حب پل کی از سرِنو تعمیر شامل ہیں۔ ان تمام تر کاموں کا سہرا ہمارے قائدین کے سر جاتا ہے انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ بہت جلد ایک مرتبہ پھر سے عوامی خدمت کا سلسلہ شروع ہونے جا رہا ہے۔

روہڑی میں اسنیپ چیکنگ کے دوران 2200 گرام بھنگ برآمد، 2 ملزمان گرفتار

نیو پنڈ پولیس نے بھی کارروائی کرتے ہوئے مبینہ جوا اڈے پر چھاپہ مار کر تین جواری ملزمان میر حسن میرانی، مندر شر اور نوید پٹھان کو گرفتار کرلیا

روہڑی (رپورٹ: اسلم سومرو) ایس ایس پی سکھر احمد چوہدری PSP، QPM کی ہدایت پر روہڑی پولیس کی جانب سے سماجی برائیوں اور منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ایچ او تھانہ روہڑی ثناء اللہ کھنہاروئی کی قیادت میں پولیس نے دوران اسنیپ چیکنگ کارروائی کرتے ہوئے 2200 گرام بھنگ سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران گرفتار کیے گئے ملزمان میں عرفان قریشی اور حبیب اللہ شیخ شامل ہیں، جن کے قبضے سے بھاری مقدار میں بھنگ برآمد کی گئی۔ پولیس نے دونوں ملزمان کے خلاف منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کردی ہے دوسری جانب تھانہ نیو پنڈ پولیس نے بھی کارروائی کرتے ہوئے مبینہ جوا اڈے پر چھاپہ مار کر تین جواری ملزمان میر حسن میرانی، مندر شر اور نوید پٹھان کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے آکڑا پرچی بکس، جوا کے دیگر سامان اور نقد رقم برآمد ہوئی، جن کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے

اسلام آباد میں بزرگ خاتون کے اندھے قتل کا کیس حل، بیٹا اور دو دوست گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے خاتون کے قتل میں ملوث بیٹے اور اس کے دو دوستوں کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی سواں زون حسنین شاہ نے بتایا کہ مقتولہ ساجدہ بی بی کے قتل میں سگے بیٹے سمیت تین ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے، یہ گرفتاریاں تھانہ کورال کی بڑی کامیابی ہے جنہوں نے اندھے قتل کو مختصر وقت میں حل کر دیا۔

مختلف شکایات اور اختیارات کا ناجائز استعمال

محکمہ تعلیم سندھ نے بدین کے دو ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسران معطل کر دیئے۔

بدین (نامہ نگار) محکمہ تعلیم سندھ حکومت نے مختلف شکایات اور محکمہ جاتی بدانتظامی پر نوٹس لیتے ہوئے ضلع بدین کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پرائمری الطاف حسین میمن اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ای / ایس ای اینڈ ایچ ایس انور پارابی کو فوری طور پر 90 روز کے لیے معطل کر دیا۔ چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق دونوں افسران کی معطلی سندھ سول سرونٹس (ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن) رولز 1973 کے رول 5(1) کے تحت کی گئی ہے۔ معطلی کے دوران دونوں افسران کا ہیڈکوارٹر سیکریٹری اسکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی ڈیپارٹمنٹ کا دفتر مقرر کیا گیا ہے، جبکہ نوٹیفکیشن کے مطابق وہ قواعد کے مطابق تنخواہ اور الاؤنسز حاصل کرتے رہیں گے۔

وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہم سب نے طے کیا ہے مذاکرات میں کیا ہوا یہ باہر نہیں بتایا جائیگا، ترجمان تحریک تحفظ

اسلام آباد (این این آئی) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ترجمان اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا ہے کہ ہم سب نے طے کیا ہے مذاکرات کی بات باہر نہیں بتائی جائے گی مگر شیری رحمان نے معاہدے کے خلاف کیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے حوالے سے کوئی بات نہیں کر سکتے ہم سب نے یہ معاہدہ کیا ہے کہ اس حوالے سے کوئی بات باہر نہیں کی جائے گی مگر پی پی رہنما شیری رحمان نے معاہدے کی خلاف ورزی کی ان جیسی سینئر رکن پارلیمنٹ کو اسی طرح غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے تھا۔

تھیلیسیمیا کیئر سینٹر بدین میں خواتین کے لیے 6 اکتوبر کو ایک روزہ مفت طبی کیمپ

جناح ہسپتال کراچی کی ماہر گائنا کالوجسٹ خواتین کا معائنہ کریں گی۔

بدین (نامہ نگار) بدین میں خواتین کے لیے ایک روزہ مفت طبی کیمپ 6 اکتوبر 2026 کو تھیلیسیمیا سینٹر بدین میں منعقد کیا جائے گا۔ مفت طبی کیمپ سوسائٹی فار کیئر آف تھیلیسیمیا پیشنٹس بدین کے زیر اہتمام ہیلتھ آفس بدین کے تعاون سے لگایا جا رہا ہے۔ کیمپ میں جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر جناح اسپتال کراچی سے تعلق رکھنے والی ماہر خواتین ڈاکٹرز کی ٹیم شرکت کرے گی، جو خواتین کا مفت طبی معائنہ کرنے کے ساتھ مختلف بیماریوں کے حوالے سے طبی مشاورت بھی فراہم کرے گی۔ کیمپ کے دوران خواتین میں گائنا کالوجی سے متعلق مختلف بیماریوں، اولاد نہ ہونے کے مسائل، رحم کی بیماریوں اور کینسر کی ابتدائی تشخیص سمیت دیگر طبی مسائل کا ماہر ڈاکٹرز گائنا کالوجی شعبے اور وارڈ بی 9 ڈاکٹر پروفیسر نگہت علی شاہ، جبکہ خواتین کی بیماریوں اور ماں و بچے کی صحت کی ماہر ڈاکٹر پروفیسر ارم ماجد شیخ خواتین کا مفت معائنہ اور ضروری مشاورت کی جائے گی۔ اس کے علاوہ ایسے مریضوں کی بھی نشاندہی کی جائے گی جنہیں مزید علاج، آپریشن یا دیگر طبی سہولیات کی ضرورت ہو۔ ضرورت مند خواتین کے کیسز کا اندراج کر کے انہیں آئندہ مناسب طبی سہولیات اور علاج کی فراہمی کے لیے رہنمائی اور معاونت فراہم کی جائے گی۔

بدین ۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی بدین پیر محمد صالح قریشی رائس مل کا افتتاح کے بعد مل کا معائنہ کر رہے ہیں۔

ووڈورڈ ٹرافی انڈر 17- میں زون چھ وائٹس کی مسلسل دوسری اور زون تین وائٹس کی کامیابی

عبداللہ جاوید کا آل راؤنڈ کھیل، عبداللہ احسن، عبیدہ خان، ریان خان اور اسماعیل آصف کی عمدہ بیٹنگ

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیراہتمام میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے آر سی اے کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے ووڈورڈ ٹرافی انڈر 17- انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ میں گزشتہ روز مزید دو میچز کا فیصلہ ہوگیا۔ نیا ناظم آباد جیمخانہ گراؤنڈ پر کھیلے گئے پہلے میچ میں زون چھ وائٹس نے زون دو بلوز کو 7 وکٹوں سے شکست دے کر مسلسل دوسری کامیابی حاصل کرلی۔ زون دو بلوز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 9 وکٹوں کے نقصان پر 161 رنز بنائے۔ عبداللہ احسن نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 5 چوکوں کی مدد سے 62، محمد کاشان 38 اور علی سلمان نے 18 رنز بنائے۔ آف اسپنر عبداللہ جاوید نے تباہ کن بالنگ کرتے ہوئے 21 رنز دیکر 5 جبکہ مرتضیٰ تقی نے 22 اور مرزا طیب نے 29 رنز دیکر 2-2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں زون چھ وائٹس نے 3 وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ 163 رنز بنا لئے۔ عبداللہ جاوید نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 8 چوکوں کی مدد سے ناقابل شکست 58، ریان خان نے 7 چوکوں ایک چھکے کی مدد سے 45، سومان کبیر نے 38 رنز بنائے۔ زون چھ وائٹس کے عبداللہ جاوید کو شاندار آل راؤنڈ کارکردگی پر میڈی کیم مین آف دی میچ ایوارڈ دیا دیا گیا۔

لیاقت پور، نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ، 42 سالہ شخص جاں بحق

لیاقت پور (این این آئی) تھانہ پکا لاڑاں کے علاقے فیروزہ میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 42 سالہ شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ فیروزہ میں پیش آیا، جہاں نامعلوم مسلح افراد نے شاہد حسین نامی شخص کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں، ریسکیو اہلکاروں نے مقتول کی لاش کو ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا۔



بدین ۔ ماہی گیر رہنما حاجی نبی بخش ملاح بدین پریس کلب میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں ۔

دنیاپور، ٹیچر کی میٹرک کی طالبہ سے مبینہ زیادتی، مقدمہ درج

دنیاپور (این این آئی) ٹیچر کی شادی شدہ میٹرک کی طالبہ سے مبینہ زیادتی کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق طالبہ ٹیوشن کے لئے ٹیچر کے گھر گئی تو ملزم تصویریں اور ویڈیو بنا کر بلیک میل کرتا رہا، ڈیڑھ ماہ قبل طالبہ ٹیوشن کیلئے گئی تو ملزم نے گن پوائنٹ پر زیادتی کی۔ ایف آئی ار کے مطابق شادی شدہ طالبہ نے ملزم کی بلیک میلنگ سے تنگ آ کر خاوند کو بتادیا، متاثرہ طالبہ کے سسر کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا گیا

معیشت کے فروغ اور روزگار کے نئے مواقع کی جانب اہم پیش رفت

چیئرمین میونسپل کمیٹی بدین پیر محمد صالح قریشی نے کارونجھر رائس مل کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

بدین (نامہ نگار) سمال انڈسٹریز بدین میں کارونجھر رائس مل کی افتتاحی تقریب پروقار انداز میں منعقد ہوئی، جس میں شہر کے سیاسی، سماجی، مذہبی، کاروباری اور صحافتی حلقوں سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات نے شرکت کی۔ کارونجھر رائس مل کا باقاعدہ افتتاح میونسپل کمیٹی بدین کے چیئرمین پیر محمد صالح قریشی نے ربن کاٹ کر کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کارونجھر رائس مل کے مالکان ولی محمد خاصخیلی اور محمد یوسف خاصخیلی کو نئے کاروباری سفر کے آغاز پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب اور صحافیوں سے گفتگو کے دوران چیئرمین میونسپل کمیٹی بدین پیر محمد صالح قریشی اور دیگر معزز مہمانوں نے اس امر کو خوش آئند قرار دیا کہ بدین جیسے زرعی ضلع میں چاول کی صنعت اور زرعی پیداوار سے منسلک کاروباری سرگرمیوں کو فروغ مل رہا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ کارونجھر رائس مل نہ صرف مقامی سطح پر چاول کی پروسیسنگ اور کاروبار کو وسعت دینے میں کردار ادا کرے گی بلکہ کسانوں، مزدوروں، ٹرانسپورٹرز اور دیگر شعبوں سے وابستہ افراد کے لیے بھی روزگار اور معاشی سرگرمیوں کے نئے مواقع پیدا کرے گی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ بدین کی معیشت بڑی حد تک زراعت سے وابستہ ہے، اس لیے زرعی پیداوار کو مقامی سطح پر پروسیس کرنے والی صنعتوں کا قیام علاقے کی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ ایسی صنعتوں کے فروغ سے مقامی زرعی پیداوار کو بہتر مارکیٹ، کسانوں کو اپنی فصل کی قدر بڑھانے کے مواقع اور نوجوانوں سمیت مقامی آبادی کو روزگار کے نئے راستے میسر آ سکتے ہیں۔ افتتاحی تقریب میں پیر آف لواری شریف کے سیاسی و سماجی امور کے مینیجر رکن ضلع کونسل عبدالرحمان بلوچ، یونین کونسل لواری شریف کے چیئرمین میر انوار بخش ٹالپر، عبدالعزیز لانگاہ، نشات تنظیم ریجن بدین کے صدر فتح اللہ جویجو، بدین پریس کلب کے سینئر صحافی عبدالشکور میمن، ہائیڈرو الیکٹرک یونین بدین کے چیئرمین مولابخش جویجو سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکا نے کارونجھر رائس مل کی انتظامیہ کو مبارکباد دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ ادارہ بدین میں چاول کی صنعت، زرعی کاروبار اور مقامی معیشت کے فروغ میں مؤثر کردار ادا کرے گا اور مستقبل میں مزید صنعتی و کاروباری سرگرمیوں کے لیے بھی حوصلہ افزائی کا باعث بنے گا۔

آزاد کشمیر کونسل کے انتخابات، چار کامیاب ارکان کا نوٹیفکیشن جاری

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن نے آزاد کشمیر کونسل کے انتخابات میں کامیاب ہونے والے چار ارکان کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے 2 اکتوبر 2026 کو جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ریٹرننگ افسر سے موصول ہونے والے انتخابی نتائج کی بنیاد پر چوہدری لطیف اکبر، مشتاق احمد منہاس، کامیاب ہوئے

آئے روز ٹریفک حادثات میں سینکڑوں قیمتی جانیں ضائع ہو رہی تھیں، حاجی منور عباس بھٹی

قیمتی گاڑیاں کو کھٹارہ ہونے سے بچانے پر علاقے کی عوام وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کرتی ہیں

ملتان (نمائندہ بولان) اب گھنٹوں کا سفر منٹوں میں طے کیا جائے گا وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف نے ملتان وہاڑی دہلی ٹرسٹ فری ون وے کارپٹ روڈ نیا بنوا کر علاقے کی عوام کے دل جیت لئے ہیں ان خیالات کا اظہار ٹبہ سلطان پور شہر کے نواحی علاقہ چک نمبر 124 ڈبلیو بی میں الخدمت فاؤنڈیشن کے چیئرمین حاجی منور عباس بھٹی نے گزشتہ روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا تھے کہ ملتان وہاڑی دہلی روڈ عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کے باعث آئے روز ٹریفک حادثات میں سینکڑوں قیمتی جانیں ضائع ہو رہی تھی جس پر وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف نے علاقے کی عوام کے پرزور مطالبہ پر ملتان وہاڑی دہلی ٹرسٹ فری ون وے کارپٹ روڈ کی پچھلے سال منظوری دے کر علاقے عوام کے لئے نیا آرام دے روڈ بنا کر علاقے کی عوام کا مطالبہ پورا کر کے عوام کو ٹریفک حادثات سے قیمتی جانیں اور قیمتی گاڑیاں کو کھٹارہ ہونے سے بچانے پر علاقے کی عوام وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کرتی ہیں

کرک میں گیس کنکشن کرتے ہوئے دھماکہ، مکان کا ایک حصہ منہدم، 4 افراد جاں بحق

کرک (این این آئی) خیبر پختونخوا میں کرک کے علاقے سپینہ میں گیس کنکشن کے کام کے دوران گھر میں دھماکہ ہو گیا، 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق گیس کے دھماکے سے عمارت کا ایک حصہ منہدم ہو گیا، دھماکے کے نتیجے میں 5 افراد زخمی ہو گئے، جنہیں مقامی ہسپتال منتقل کر دیا گیا

تنظیمی سرگرمیاں تیز کرنے سمیت یونٹس کی سطح پر دستک پروگرام شروع کرنے کی ہدایات جاری

تحصیل جماعت جلد تمام یونٹس کا تنظیمی دورہ کرے گی جہاں ہر یونٹس کی کارکردگی اور تنظیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا جائے گا

سونمیانی وندر (نمائندہ بولان) جمعیت علما اسلام تحصیل سونمیانی وندر کے سینئر نائب امیر مولانا محمد عمر عادل نے تمام یونٹس کے امرا و نظما کو تنظیمی سرگرمیاں تیز کرنے سمیت یونٹس کی سطح پر دستک پروگرام شروع کرنے کی ہدایات جاری کر دی۔ جبکہ تحصیل جماعت جلد تمام یونٹس کا تنظیمی دورہ کرے گی جہاں ہر یونٹس کی کارکردگی اور تنظیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا جائے گا اور کارکردگی رپورٹ بھی طلب کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق جمعیت علما اسلام تحصیل سونمیانی وندر کے سینئر نائب امیر مولانا محمد عمر عادل نے تحصیل سونمیانی وندر کے تمام یونٹس کے امرا و نظما کو اہم ہدایات جاری کرتے ہوئے اپنے علاقوں میں دستک پروگرام کا باقاعدہ آغاز کرنے اور جماعتی سرگرمیوں کو مزید فعال بنانے کی ہدایت کی ہے۔ اپنے بیان میں مولانا محمد عمر عادل نے کہا کہ تمام یونٹ ذمہ داران اپنے اپنے علاقوں میں گھر گھر رابطہ مہم کو مؤثر بنائیں اور جمعیت علما اسلام کے تنظیمی کام کو مزید وسعت دینے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ یونٹ کی سطح پر تنظیم کو مضبوط فعال اور متحرک بنانا تمام ذمہ داران کی بنیادی ذمہ داری ہے انہوں نے تمام امرا و نظما پر زور دیا کہ وہ اپنی تنظیمی سرگرمیوں کو مزید تیز کریں کارکنان سے مسلسل رابطے میں رہیں اور دستک پروگرام کو بھرپور انداز میں آگے بڑھائیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کوئٹہ ویسٹ محمد حنیف نورزئی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر منشیات فروش ملزمان کے خلاف بڑی کارروائیاں جاری

(06) منشیات فروش ملزمان گرفتار بڑی مقدار میں منشیات برآمد کر کے مقدمات درج کیے گئے ہیں

قمبر علی خان (رپورٹ حافظ نور الحق) ایس ایس پی قمبر شہداد کوٹ حسن سردار احمد خان نیازی کے احکامات پر منشیات فروش ملزمان کے خلاف بڑی کارروائیاں جاری ہیں۔ (06) منشیات فروش ملزمان گرفتار بڑی مقدار میں منشیات برآمد کر کے مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ امام بخش جمالی سب انسپکٹر سروپ علی بروہی بمع اسٹاف کی دوران گشت کارروائی میں منشیات فروش ملزم حسین علی گوپانگ کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے (2000) گرام بھنگ برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ جبکہ دوسری کارروائی میں ایس ایچ او تھانہ کھبڑ سب انسپکٹر ایاز حسین چانڈیو بمع اسٹاف کی کارروائی میں منشیات فروش ملزم علی محمد چانڈیو کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے (1000) گرام بھنگ برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ جبکہ تیسری کارروائی میں آئی سی پی پی پکھو سب انسپکٹر عطا اللہ میرانی بمع اسٹاف کی خفیہ اطلاع پر کارروائی میں منشیات فروش ملزم بہادر مغیری کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے (1000) گرام بھنگ برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ جبکہ چوتھی کارروائی میں ایس ایچ او تھانہ ڈرگھ انسپکٹر کریم بخش چانڈیو بمع اسٹاف کی خفیہ اطلاع پر کارروائی میں منشیات فروش ملزم ظہیر علی سولنگی کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے (400) گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

آزاد کشمیر کونسل کے انتخابات، چار کامیاب ارکان کا نوٹیفکیشن جاری

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر الیکشن کمیشن نے آزاد کشمیر کونسل کے انتخابات میں کامیاب ہونے والے چار ارکان کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے 2 اکتوبر 2026 کو جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ریٹرننگ افسر سے موصول ہونے والے انتخابی نتائج کی بنیاد پر چوہدری لطیف اکبر، مشتاق احمد منہاس، چوہدری محمد سعید اور چوہدری منظور احمد کو آزاد جموں وکشمیر کونسل کا رکن منتخب قرار دیا گیا ہے۔

بدین: ماہی گیر رہنما حاجی نبی بخش ملاح کا زمین کے تنازع پر انصاف اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ۔

زمین کے تنازع کے باعث انہیں خدشہ ہے کہ مستقبل میں کسی قسم کا جھگڑا یا ناخوشگوار صورتحال پیدا ہوسکتی ہے

بدین (نامہ نگار) ساحلی گاں کنڈڑی، دیہہ ٹھٹ اور یونین کونسل شہید دودو سومرو کے رہائشی پاکستان فشر فوک فورم ضلع بدین کے صدر حاجی نبی بخش ولد عبدالحکیم ملاح نے کہا ہے کہ یوسی دیہہ ٹھٹ میں واقع ان کی سروے زمین، جو 6 بلاکس پر مشتمل ہے، انہوں نے خریدی ہے اور زمین کی خریداری و ملکیت سے متعلق تمام ضروری دستاویزات اور کاغذات ان کے پاس موجود ہیں۔ بدین پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حاجی نبی بخش ملاح نے کہا کہ گزشتہ روز عبدالخالق ولد کموں ملاح کی جانب سے کی گئی پریس کانفرنس میں مذکورہ زمین کے حوالے سے ان کے خلاف مختلف الزامات اور دعوے سامنے لائے گئے، جن میں زمین کی ملکیت اور قبضے سے متعلق اعتراضات کیے گئے، تاہم وہ ان الزامات کو مسترد کرتے ہیں۔ حاجی نبی بخش ملاح کا کہنا تھا کہ ان کے پاس زمین کی خریداری اور ملکیت سے متعلق دستاویزی ثبوت موجود ہیں، اس لیے وہ کسی بھی فورم پر قانونی طریقے سے اپنا موقف پیش کرنے اور معاملہ قانون کے مطابق حل کرانے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ زمین کے معاملے میں ان کے ساتھ مبینہ طور پر جعلسازی، زیادتی اور ناانصافی کی گئی ہے، جس کے باعث وہ متعلقہ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ معاملے کی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور تمام فریقین کے ملکیتی کاغذات، دستاویزات اور موقف کا جائزہ لیا جائے تاکہ اصل حقائق سامنے آ سکیں۔ ماہی گیر رہنما نے مزید کہا کہ زمین کے تنازع کے باعث انہیں خدشہ ہے کہ مستقبل میں کسی قسم کا جھگڑا یا ناخوشگوار صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے خدشات سے متعلقہ حکام کو پیشگی آگاہ کر رہے ہیں تاکہ کسی بھی ممکنہ ناخوشگوار واقعے کی روک تھام کے لیے بروقت اقدامات کیے جاسکیں۔ حاجی نبی بخش ملاح نے آئی جی سندھ، ڈی آئی جی حیدرآباد، ایس ایس پی بدین اور ڈپٹی کمشنر بدین سے مطالبہ کیا کہ ان کے بیان اور خدشات کو سرکاری ریکارڈ کا حصہ بنایا جائے، تمام فریقین کو سن کر زمین کے تنازع کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، مبینہ جعلسازی اور ناانصافی کے معاملے کی بھی چھان بین کی جائے اور علاقے میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔

مینیجنگ ڈائریکٹر پیپرا افضل خوستی تربیتی ورکشاپ کے شرکاء کو بریفنگ دے رہے ہیں

پشاور ہائیکورٹ کی سہیل آفریدی کے وکلا کو آخری وارننگ

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے ہری پور ضمنی الیکشن میں سرکاری افسران کے خلاف بیان دینے کے معاملے پر الیکشن کمیشن کے نوٹس کے خلاف سہیل آفریدی کی درخواست کی سماعت 7 اکتوبر تک ملتوی کردی۔ جسٹس ارشد علی اور جسٹس محمد فہیم ولی پر مشتمل بینچ نے درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار اور الیکشن کمیشن کے وکلا عدالت میں پیش ہوئے۔ سہیل آفریدی کے وکیل نے عدالت سے آج کی سماعت ملتوی کرنے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ آج ہی وکالت نامہ جمع کرایا ہے،

موج زدہ معیشت مارچ کی متحمل نہیں ہوسکتی: ڈاکٹر اشرف طور

ہمیں اشتعال انگیز سیاسی سرگرمیوں نہیں سودمند معاشی سرگرمیوں کی ضرورت ہے

لاہور (بولان بیورو) امریکن پاکستانی فزیشنز فار جسٹس اینڈ ڈیموکریسی) اے پی پی جے ڈی (کے مرکزی صدر ڈاکٹر محمد اشرف طور نے کہا ہے کہ ہماری موج زدہ معیشت پرتشدد احتجاجی مارچ کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ اپوزیشن میدانوں کا رخ کرنے کی بجائے اپنا چارٹر آف ڈیمانڈ منوانے کیلئے منتخب ایوانوں میں اپنا آئینی کردار ادا کرے۔ مقروض پاکستان کو اشتعال انگیز سیاسی سرگرمیوں سے زیادہ صحتمند اور سودمند معاشی سرگرمیوں کی ضرورت ہے۔ فرد واحد کی رہائی کیلئے ریاستی نظام کیلئے بار بار دھکا یا دھچکا ہماری نحیف وناتواں معیشت کیلئے زہر قاتل ہے۔ وہ اپنے اعزاز میں ایک استقبالیہ سے خطاب کر رہے تھے۔ ڈاکٹر محمد اشرف طور نے مزید کہا کہ ہماری مقروض ریاست پرتشدد سیاست کے نام پر شاہراہوں کی بندش کا بوجھ نہیں اٹھا سکتی۔ شاہراہوں پر کنٹینرز لگائے جانے سے عام شہری بیحد متاثر ہوتے ہیں۔ مزدور طبقہ کئی دنوں تک روزگار سے محروم رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنجیدہ سیاستدان یقیناً ایوان اور مکالمے کے میدان میں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کیا کرتے ہیں۔ حکومت اور اپوزیشن اپنی اپنی پوزیشن کا دفاع کرنے کیلئے ڈائیلاگ کا اہتمام اور مختلف موضوعات پر متفقہ ضابطہ اخلاق کے بعد اس کا اختتام کریں

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

Mobile: 0336-6113760

فون و فیکس 0853-310203

قیمت 20 روپے

ہفتہ 3 اکتوبر 2026، بمطابق 20 ربیع الثانی 1448ھ

رواں مالی سال پاکستان کی شرح نمو 2.6 فیصد رہنے کا امکان، آئی ایم ایف رپورٹ

2024 کی پہلی ششماہی کے دوران پاکستان کو کمزور معاشی سرگرمیوں اور غیر یقینی تجارتی حالات کا سامنا رہا

مہنگائی میں کمی اور مانیٹری پالیسی میں نرمی سے معیشت میں بہتری کے آثار پیدا ہوئے ہیں، ریجنل اکنامک آؤٹ لک رپورٹ

کراچی (این این آئی) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے ریجنل اکنامک آؤٹ لک رپورٹ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ رواں مالی سال 2024 کے اختتام پر پاکستان کی اقتصادی شرح نمو 2.6 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ آئی ایم ایف کی رپورٹ کے مطابق آئندہ مالی سال 2025 میں یہ شرح 3.6 فیصد تک پہنچنے کی توقع ہے۔ آئی ایم ایف کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق 2024 کی پہلی ششماہی کے دوران پاکستان کو کمزور معاشی سرگرمیوں اور غیر یقینی تجارتی حالات کا سامنا رہا، تاہم مہنگائی میں کمی اور مانیٹری پالیسی میں نرمی سے معیشت میں بہتری کے آثار پیدا ہوئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ شرح سود میں 550 بیسس پوائنٹس کی کمی مہنگائی میں کمی کے بعد ممکن ہوسکی، جو مالیاتی استحکام کی طرف ایک اہم قدم قرار دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف نے یاد دلایا کہ اکتوبر 2023 میں جاری پیش گوئی میں پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.2 فیصد بتائی گئی تھی، جواب تازہ تخمینے میں 2.6 فیصد کی سطح پر لائی گئی ہے۔ عالمی مالیاتی ادارے نے انکشاف کیا ہے کہ 2020 سے اب تک پاکستان اور وسطی ایشیائی ممالک کے لیے مجموعی طور پر 49 ارب ڈالر کے قرضے منظور کیے جا چکے ہیں۔ آئی ایم ایف نے کہا کہ وہ پالیسی مشاورت اور مالی معاونت کے ذریعے خطے کے ممالک کو معاشی چیلنجز سے نمٹنے میں مدد فراہم کرتا رہے گا، جبکہ پاکستان کی مالی سال 2025 میں اقتصادی نمو مستحکم رہنے کی پیش گوئی بھی کی گئی ہے۔ پاکستانی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے بات کرتے ہوئے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام مکمل طور پر درست سمت میں گامزن ہے، آئی ایم ایف کا حالیہ جائزہ کامیابی سے مکمل ہوا ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان نے گزشتہ سال آئی ایم ایف سے 7 ارب ڈالر کا بیل آؤٹ پیکیج حاصل کیا تھا، جبکہ مارچ 2025 میں پاکستان 1.3 ارب ڈالر کا Climate Resilience Loan بھی دیا گیا تھا۔ ان امدادی پروگرامز کی بدولت ملک کی 350 ارب ڈالر مالیت کی معیشت استحکام کی جانب گامزن ہے اور دیوالیہ ہونے کا خطرہ ٹل گیا ہے۔ خیال رہے کہ بھارتی مطالبہ پہلگام حملے کے بعد دونوں ممالک کے درمیان جاری کشیدگی کے دوران سامنے آیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھارت نے حملے میں ملوث 3 افراد کی شناخت کی ہے، جن میں سے دو کے بارے میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ وہ پاکستانی شہری ہیں تاہم پاکستان کی جانب سے بھارتی الزامات کی تردید کرتے ہوئے واقعے کی غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

ہم اپ گریڈیشن پر عمل درآمد ضرور کریں گے، فیصل ترکئی

صوبے کی مالی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے پرائمری سکول ٹیچرز کی اپ گریڈیشن تاخیر کا شکار ہوئی، وزیر تعلیم خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر برائے تعلیم فیصل خان ترکئی نے کہا ہے کہ ہم اپ گریڈیشن پر عمل درآمد ضرور کریں گے کیونکہ یہ ہماری پارٹی کے منشور کے مطابق تھے اور اس پر عمل درآمد کیلئے اقدامات کر رہے ہیں تاہم صوبے کی مالی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے پرائمری سکول ٹیچرز کی اپ گریڈیشن تاخیر کا شکار ہوئی اس سلسلے میں ڈیپارٹمنٹ نے اپنا لائحہ عمل تیار کیا ہے۔ اور محکمہ خزانہ کیساتھ اخراجات کے حوالے سے ہوم ورک مکمل کیا گیا

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم این اے جمال شاہ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

مشرق وسطیٰ کی صورتحال انتہائی نازک ہے، سردار مسعود

علاقائی شراکت داروں سے کیے گئے اپنے وعدوں پر قائم رہتے ہوئے وسیع تر تنازعہ کو روکنے کی کوششیں بھی ناگزیر ہیں

جنگ کی غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر تیل کی ترسیل اور متبادل برآمدی راستوں کے فعال ہونے سے متعلق اطلاعات کو محتاط انداز میں دیکھنے کی ضرورت ہے

اسلام آباد (بولان بیورو) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں وکشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کی حمایت کے عزم پر قائم ہے، تاہم خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کو کم کرنے اور وسیع تر تنازعہ کے خطرے کو روکنے کے لیے سفارتی ذرائع کو بروئے کار لانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ واشنگٹن اور تہران کے درمیان جاری سفارتی کوششوں کے تناظر میں نیویارک میں ہونے والے حالیہ رابطے حوصلہ افزا ہیں، خصوصاً اس لیے کہ طویل وقفے کے بعد ثالثوں کے ذریعے دونوں فریقین کے درمیان براہِ راست نوعیت کا رابطہ قائم ہوا ہے۔ ان ملاقاتوں نے عالمی برادری اور بین الاقوامی منڈیوں کے لیے اعتماد سازی کے ایک اہم اقدام کا کردار ادا کیا ہے، تاہم متعدد پیچیدہ معاملات تاحال حل طلب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کے ایجنڈے میں امریکی بحری ناکہ بندی کا خاتمہ، ایران کے منجمد اثاثوں کی بحالی، اقتصادی پابندیوں بالخصوص ایرانی تیل کی برآمدات پر عائد پابندیوں کا خاتمہ اور تمام محاذوں پر جنگ بندی شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ اعتماد سازی کے اقدامات آبنائے ہرمز کھولنے کی راہ ہموار کر سکتے ہیں، جس کے بعد دونوں فریق حساس جوہری معاملے پر بھی پیش رفت کر سکتے ہیں۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ جنگ کی غیر یقینی صورتحال کے پیش نظر تیل کی ترسیل اور متبادل برآمدی راستوں کے فعال ہونے سے متعلق اطلاعات کو محتاط انداز میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بعض اطلاعات کے مطابق سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے راستے متبادل پائپ لائنوں کے ذریعے تیل کی برآمدات جاری رکھنے میں مدد ملی، جبکہ امریکی حکام نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ امریکی تحفظ میں آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل جاری ہے۔

تجارتی خسارے میں سالانہ بنیاد پر 30 فیصد اضافہ ہوا، سٹیٹ بینک

رواں مالی سال کے پہلے ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 25 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، مرکزی بینک کی رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) خدمات کے شعبے کے تجارتی خسارے میں جاری مالی سال کے پہلے 8 ماہ کے دوران سالانہ بنیاد پر 30 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا سٹیٹ بینک کے اعداد وشمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں شعبہ خدمات کے تجارتی خسارے کا حجم 2.250 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 1.73 ارب ڈالر کے مقابلے میں 30 فیصد زیادہ ہے فروری میں خدمات کے شعبے کے تجارتی خسارے کا حجم 304 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال فروری کے 88 ملین ڈالر کے مقابلے میں 245 فیصد زیادہ ہے مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں خدمات کی برآمدات سے 5.45 ارب ڈالر زرمبادلہ حاصل ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 5.15 ارب ڈالر کے مقابلے میں 6 فیصد زیادہ ہے۔ مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں خدمات کی درآمدات پر 7.70 ارب ڈالر زرمبادلہ خرچ ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 6.88 ارب ڈالر کے مقابلے میں 12 فیصد زیادہ ہے دوسری جانب ایک رپورٹ میں مرکزی بینک نے بتایا ہے کہ ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات میں جاری مالی سال کے پہلے ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 25 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے سٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ اعدادوشمار کے مطابق جولائی سے فروری 2025 تک کی مدت میں ٹیکنالوجی خدمات کی برآمدات سے ملک کو 2.482 ارب ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوا

مرغی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، عوام پر مہنگائی کا بم گرا دیا گیا

سویابین کی قیمت میں 50 روپے کمی کے باوجود فیڈ کی قیمت کم نہیں کی گئی، فارمرز کا احتجاج

لاہور (این این آئی) برائلر گوشت کی قیمت میں اضافہ کی بنیادی وجہ سامنے آ گئی، پولٹری انڈسٹری کی بنیادی اکائی چوزے کی قلت کی وجہ سے بحران کی صورتحال پیدا ہوئی، پنجاب میں چوزے کی قیمت بلند ترین سطح پر پہنچ گئی۔ بتایا گیا ہے کہ نجی کمپنیوں کی اجارہ داری کی وجہ سے مارکیٹ میں چوزہ نہ صرف مہنگا ہے بلکہ اس کی قلت بھی پیدا ہوگئی ہے، چوزے کی قیمت کم ہوئے بغیر مرغی کے گوشت کی قیمت میں کمی ممکن نہیں، مرغی کے چوزے کی قیمت میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے تاہم مارکیٹ میں اب مہنگا چوزہ بھی دستیاب نہیں، کئی روز سے چوزہ نہ ملنے کی وجہ سے فارمز میں نیا چوزہ نہیں ڈالا گیا جس وجہ سے مرغی کی نئی کھیپ بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ مزید بتایا گیا ہے کہ سرکاری نرخنامے میں برائلر گوشت کی قیمت 595 روپے مقرر ہے تاہم گزشتہ روز بھی مختلف مقامات پر اس کی 700 سے 720 روپے کلو تک فروخت کی گئی۔ فارمرز کا کہنا ہے کہ فیڈ کی قیمت کم کرنے کا مطالبہ مسترد کر دیا گیا ہے، ہمارا مطالبہ تھا کہ سویابین کی قیمت میں کمی کے ذریعے مرغی کی فیڈ کی قیمت میں کمی کی جائے، سویابین کی قیمت میں پچاس روپے کمی کی گئی جس سے سویابین کی قیمت 230 روپے سے کم ہو کر 180 روپے کلو ہوگئی، سویابین کی قیمت میں کمی کے باوجود فیڈ کی قیمت کم نہیں کی گئی۔ ادھر مہنگائی کا جن بے قابو ہوگیا، پاکستان کے تیسرے بڑے شہر فیصل آباد میں سبزیاں سرکاری نرخوں کے برعکس مہنگے داموں فروخت کی جانے لگیں۔ سرکاری ریٹ لسٹ میں پیاز کا کی قیمت 140 روپے فی کلو مقرر ہے جبکہ مارکیٹ میں پیاز 160 روپے کلو فروخت ہو رہا ہے۔ ٹماٹر کے سرکاری نرخوں میں پانچ روپے کمی کے بعد قیمت 180 روپے کلو مقرر کی گئی ہے لیکن مارکیٹ میں ٹماٹر 220 روپے، آلو 70 روپے کے بجائے 80 روپے فی کلو میں بیچا جا رہا ہے۔

مودی حکومت نے پر امن مظاہرین کیخلاف کالے قوانین کے تحت مقدمات درج کر دیئے

گزشتہ پانچ سال کے دوران جموں وکشمیر کے لوگوں کیخلاف معمولی الزامات پر کالے قوانین کے تحت مقدمات درج کئے گئے، محبوبہ مفتی

ضلع مجسٹریٹ کشتواڑ نے مزید 22 افراد کی قریبی نگرانی کا حکم دیا ہے جو بقول ان کے علاقے میں اہم بھارتی منصوبوں میں رکاوٹ ڈال رہے ہیں

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں مودی کی زیر قیادت بھارتی حکومت نے پانچ بے گناہ کشمیریوں کے خلاف کالے قوانین پبلک سیفٹی ایکٹ (پی ایس اے) اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون (یو اے پی اے) تک مقدمات درج کر دیے جنہوں نے بھارت کے نیشنل ہائیڈرو الیکٹرک پاور کارپوریشن کی طرف سے مقامی آبی وسائل کے استحصال کے خلاف احتجاج میں شرکت کی تھی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی صدر محبوبہ مفتی نے سرینگر میں ایک بیان میں ان ظالمانہ قوانین کے استعمال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس اقدام کی مذمت کی اور اسے پر امن اختلاف رائے کو دبانے کے لئے طاقت کا وحشیانہ استعمال قرار دیا۔ انہوں نے نومنتخب حکومت پر زور دیا کہ وہ شہریوں کے خلاف ایسے قوانین کے بلاجواز استعمال کو روکنے کے لیے فوری اقدامات کرے۔ محبوبہ مفتی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ گزشتہ پانچ سال کے دوران جموں وکشمیر کے لوگوں کے خلاف معمولی الزامات پر پی ایس اے اور یو اے پی اے جیسے کالے قوانین کے تحت مقدمات درج کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ تازہ ترین واقعات حیران کن ہیں کیونکہ لوگوں کو نومنتخب حکومت سے بہت زیادہ توقعات ہیں۔ انہوں نے نئی حکومت پر زور دیا کہ وہ اس معاملے کی فوری تحقیقات کرے تاکہ جائز خدشات کا اظہار کرنے والے شہریوں کے خلاف کالے قوانین کے اندھا دھند استعمال کو روکا جا سکے۔ قابض حکام نے پی ایس اے کے نفاذ کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ احتجاج کرنے والے نوجوان امن عامہ کے لیے خطرہ ہیں۔ دریں اثناء ضلع مجسٹریٹ کشتواڑ نے مزید 22 افراد کی قریبی نگرانی کا حکم دیا ہے جو بقول ان کے علاقے میں اہم بھارتی منصوبوں میں رکاوٹ ڈال رہے ہیں۔

پاکستان کسٹمز سروس میں گریڈ 10 سے 18 تک کی 69 آسامیاں مستقل ختم، نوٹیفکیشن

پاکستان کسٹمز کے 29 مختلف ذیلی محکموں میں خالی آسامیاں ختم کی گئیں، ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی سرکاری اداروں میں رائٹ سائزنگ بارے وفاقی کابینہ کے فیصلے پر عمل درآمد ہوگیا، پاکستان کسٹمز سروس میں گریڈ 10 سے 18 تک کی مزید 69 آسامیاں ختم کردی گئیں۔ ایف بی آر کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پاکستان کسٹمز کے 29 مختلف ذیلی محکموں میں خالی آسامیاں ختم کی گئیں جن میں ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس کراچی، ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنل آڈٹ اسلام آباد بھی شامل ہیں، دونوں محکموں میں گریڈ 18 کے تین اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کے عہدے ختم کر دیئے گئے ہیں۔ کلکٹوریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ ویسٹ کراچی میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کی 13 آسامیاں مستقل طور پر ختم کی گئی ہیں، ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی 6 آسامیوں پر دوبارہ بھرتی نہیں کی جائیگی، ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس کراچی میں آٹھ اور اسلام آباد میں ایک آسامی ختم کی گئی ہے۔ کلکٹوریٹ آف کسٹمز اپریزل کراچی میں آفس ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کے 8 عہدے ختم کر دیئے گئے۔ ڈائریکٹوریٹ آف کراس بارڈ کرنسی سمگلنگ میں اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹری کی آسامی ختم کی گئی ہے پاکستان کسٹمز میں انسٹرکٹرز، اسٹیٹسٹیکل ریسرچ آفیسرز کے عہدے بھی ختم کر دیئے گئے ہیں۔ ایف بی آر کے مطابق ڈپٹی اسسٹنٹ کیمیکلز ایگزیمنر، اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹری کی خالی آسامیاں اور اسسٹنٹ اور آفس ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کے خالی عہدے بھی مستقل طور پر ختم کر دیئے گئے

بٹ کوائن کی قیمت 82 ہزار ڈالر کے قریب پہنچ گئی

واشنگٹن (یو این اے) امریکا کے صدارتی انتخابات میں ڈونلڈ ٹرمپ کی فتح کے فوری بعد پہلی بار ایک بٹ کوائن کی قیمت 82 ہزار ڈالر کے قریب پہنچ گئی ہے، انہوں نے اپنی انتخابی مہم کے دوران امریکا کو کرپٹو کرنسی کا عالمی دارالحکومت بنانے کا اعلان کیا تھا اور یہ بھی کہا تھا کہ وہ اقتدار میں آنے کی صورت میں کرپٹو کرنسیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے والے امریکا کے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کے سربراہ کو عہدے سے ہٹا دیں گے۔ کوائن ڈیسک کے مطابق اتوار کو ایک بٹ کوائن کی قیمت 81,893.33 کی سطح پر ریکارڈ کی گئی

خضدار، کمشنر قلات ڈویژن محمد نعیم خان بازئی سے جے یو آئی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

فنڈز کی قلت، ڈی جی پاسپورٹس نے ریونیو شیئرنگ فارمولا میں مدد مانگ لی

25 نئے پرنٹرز آنے سے پاسپورٹس پرنٹنگ کی صلاحیت بڑھی، فاسٹ ٹریک کیٹیگری میں بیک لاگ ختم کر دیا، ڈی جی پاسپورٹس

اسلام آباد (انٹرنیوز) ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس مصطفیٰ قاضی نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کو بتایا ہے کہ 25 نئے پرنٹرز آنے سے پاسپورٹس پرنٹنگ کی صلاحیت بڑھی، فاسٹ ٹریک کیٹیگری میں بیک لاگ ختم کر دیا ہے، ارجنٹ کیٹیگری میں ایک لاکھ 70 ہزار پاسپورٹس کا بیک لاگ آئندہ 2 سے 3 ہفتوں میں ختم ہو جائے گا، گزشتہ سال 50 ارب، رواں سال اب تک 20 ارب کما کر دیئے ہیں، فنڈز کی شدید قلت ہے، ریونیو شیئرنگ فارمولا میں مدد کی جائے۔ پیر کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی داخلہ کا اجلاس چیئرمین کمیٹی راجہ خرم شہزاد نواز کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پاسپورٹس فراہمی میں تاخیر کے معاملے پر ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس مصطفیٰ قاضی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پاسپورٹس کی تیاری کیلئے 20 سال پرانی مشینوں کو استعمال کیا جا رہا تھا، نئی مشینوں کی خریداری کیلئے پورا سال کوشش کی کس طرح وزارت خزانہ سے پیسے لے لیں۔ انہوں نے بتایا کہ پہلے ہر روز 75 ہزار پاسپورٹس بننے آتے تھے جبکہ صلاحیت 22 ہزار کی تھی مگر اب ہمارے پاس 25 نئے پرنٹرز آنے سے صلاحیت میں اضافہ ہوا ہے، ای پاسپورٹس کی دو نئی مشینیں بھی آ رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ فاسٹ ٹریک کیٹیگری میں بیک لاگ مکمل طور پر ختم کر دیا ہے،

ملک کے مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کیساتھ بارش کی پیشگوئی

اسلام آباد (یو این اے) محکمہ موسمیات نے ملک کے مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کر دی۔ ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہے گا، گلگت بلتستان، بالائی خیبر پختونخوا، کشمیر اور خطہ پوٹھوہار میں مطلع ابر آلود رہنے کے علاوہ تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش اور بلند و بالا پہاڑوں پر ہلکی برفباری کی توقع ہے۔ پنجاب کے زیادہ تر علاقوں میں سموگ چھائے رہنے جبکہ چند میدانی علاقوں میں صبح اور رات کے اوقات میں درمیانی سے شدید دھند پڑنے کا امکان ہے۔ اسلام آباد اور گردونواح میں مطلع ابر آلود رہنے کے علاوہ تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

پشاور ہائیکورٹ، اثاثہ جات کیس، علی امین کے وکیل کی مہلت کی درخواست منظور

نوٹس میں کہا ہے آپ آئیں، ہمارے ساتھ ایک کپ چائے پئیں اور کچھ نہیں لکھا، وکیل الیکشن کمیشن

پشاور (انٹرنیوز) پشاور ہائیکورٹ نے علی امین گنڈاپور کیخلاف اثاثہ جات کیس میں وکیل کو تیاری کا وقت دینے کی درخواست منظور کر لی۔ منگل کو پشاور ہائیکورٹ میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کیخلاف اثاثہ جات کیس میں الیکشن کمیشن کے نوٹس کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ الیکشن کمیشن وکیل نے بتایا کہ نوٹس جاری کیا گیا ہے کہ آپ آئیں اور ہمارے ساتھ ایک کپ چائے پئیں اور کچھ نہیں لکھا۔ وکیل نے کہا کہ ان کی گومل ڈیم کے پاس زمین ہے،

گوہر اعجاز نے عوام پر اضافی ٹیکسوں کا بوجھ ڈالنے کے پلان کی مخالفت کر دی

ٹیکس نظام کی کمزوریوں کے باعث بعض شعبوں میں مقدس گائے غیر معمولی منافع کما رہی ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) سابق نگراں وفاقی وزیر تجارت گوہر اعجاز نے عوام پر اضافی ٹیکسوں کا بوجھ ڈالنے کے پلان کی مخالفت کر دی۔ ایک بیان میں سابق نگراں وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ حکومت 180 ارب روپے کا ٹیکس شارٹ فال پورا کرنے کیلئے عوام پر مزید ٹیکسوں کا بوجھ نہ ڈالے، عوام پہلے ہی بنیادی ضروریات پوری کرنے کیلئے مہنگائی کا سامنا کر رہے ہیں۔ گوہر اعجاز نے کہا

تحریک فساد کا وائٹ پیپر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش ہے، عظمیٰ بخاری

احمد خان بھچر کو وزیر اعلیٰ پنجاب سے اتنا ہی مناظرے کا شوق ہے تو وہ پہلے مجھ سے مناظرہ کریں، وزیر اطلاعات پنجاب

وزیر اعلیٰ پنجاب کے کام نظر آتے ہیں، حالیہ سروے کے مطابق 70 فیصد لوگ مریم نواز کی کارکردگی سے مطمئن ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ تحریک فساد کے "وائٹ پیپر" کی کوئی حیثیت نہیں، جھوٹے الزامات لگا کر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش ہے۔ احمد خان بھچر کو وزیر اعلیٰ پنجاب سے اتنا ہی مناظرے کا شوق ہے تو وہ پہلے مجھ سے مناظرہ کرے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے کام نظر آتے ہیں، حالیہ سروے کے مطابق 70 فیصد لوگ مریم نواز کی کارکردگی سے مطمئن ہیں، سندھ اور خیبر پختونخواہ کے عوام کی خواہش ہے کہ انہیں بھی مریم نواز جیسی وزیر اعلیٰ نصیب ہو۔ پنجاب میں اب لوگوں کو ادویات ان کی دہلیز پر مل رہی ہیں، بزدار دور میں کینسر کے مریضوں کو ادویات سے محروم رکھا گیا۔ عقل کے اندھے اب بینائی سے بھی محروم ہو چکے ہیں، ان کو گراؤنڈ پر کام ہوتا نظر نہیں آتا، نواز شریف کینسر اسپتال کی چار منزلیں مکمل ہو چکی ہیں جبکہ پی ٹی آئی نے صحت کے نام پر کرپشن کے انبار لگائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اسکالر شپ پروگرام کا کوئی ثبوت موجود نہیں، ن لیگ حقیقی معنوں میں تعلیمی مواقع فراہم کر رہی ہے۔ سابق حکومت نے کسانوں سے خیرات کے نام پر پیسے بٹورے، موجودہ حکومت کسانوں کو براہ راست سبسڈی فراہم کر رہی ہے۔ پنجاب میں 100 سے زائد ایئر مانیٹر نصب کیے جا چکے ہیں، ماضی میں اس پر کوئی کام نہیں ہوا۔ اگر احمد خان بھچر کو پنجاب کے کسی منصوبے پر شک ہے تو انہیں دو دن کے لیے سپروائزری کی نوکری دی جا سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اقدامات کے مثبت نتائج عوام کے سامنے آ رہے ہیں۔ حالیہ سروے کے مطابق 70 فیصد لوگ مریم نواز کی کارکردگی سے مطمئن ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے اپوزیشن کے دعوؤں کو مسترد کرتے ہوئے کہا

ملک کے مختلف ریلوے اسٹیشنز پر لگے سیکیورٹی کیمرے و دیگر آلات خراب نکلے

ریلوے سٹیشن پر مسافروں کا سامان چیک کرنے کیلئے کوئی نظام ہی موجود نہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے نے ریلوے اسٹیشنز کی سیکیورٹی کو ہمیشہ ہی نظر انداز کر کے کروڑوں مسافروں کی زندگیوں کو داؤ پر لگا دیا، کروڑوں روپے کی لاگت سے لگائے گئے زیادہ تر سیکیورٹی کیمرے، سکینرز اور دیگر آلات خراب نکلے جبکہ جو ٹھیک بھی کام نہ کرنے کے برابر ہیں۔ ریلوے ذرائع کے مطابق عرصہ دراز سے خراب سیکیورٹی کیمرے اور مسافروں کے سامان سمیت دیگر سامان کی جانچ پڑتال کرنے والے سیکیورٹی اسکینرز کو ٹھیک نہ کروایا جا سکا۔ سیکیورٹی کیمرے اور لگیج سکینر خراب ہونے سے ریلوے اسٹیشنز کی سیکیورٹی رسک بن کر رہ گئی ہے، ریلوے اسٹیشن پر مسافروں کا سامان چیک کرنے کیلئے کوئی نظام ہی موجود نہیں، کیمرے خراب ہونے سے مسافروں کا گمشدہ سامان تلاش کرنا بھی ناممکن ہو گیا ہے

امریکہ نے ایران کو جوہری معاہدے کیلئے 2 ماہ کی مہلت دیدی

ٹرمپ کے اقدام کو مسترد کرنے پر ایران کے خلاف فوجی کارروائی ہو سکتی ہے، امریکی عہدیدار

اگر ایران ٹرمپ کے اقدام کو مسترد کرتا ہے تو فوجی کارروائی کے امکانات نمایاں طور پر بڑھ جائیں گے

واشنگٹن (این این آئی) ایک امریکی عہدیدار اور دو باخبر ذرائع نے بتایا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای کے نام پیغام میں نئے جوہری معاہدے تک پہنچنے کے لیے دو ماہ کی ڈیڈ لائن بھی شامل ہے۔ میڈیا پورٹس کے مطابق یہ واضح نہیں ہے کہ دو ماہ کی مدت خط کی ترسیل کے وقت سے شروع ہوتی ہے یا مذاکرات شروع ہونے کے وقت سے لیکن اگر ایران ٹرمپ کے اقدام کو مسترد کرتا ہے اور مذاکرات نہیں کرتا ہے تو ایرانی جوہری تنصیبات کے خلاف امریکی یا اسرائیلی فوجی کارروائی کے امکانات نمایاں طور پر بڑھ جائیں گے۔ ادھر امریکا نے بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان سے متعلق سوال پر کسی قسم کا ردعمل دینے سے انکار کر دیا۔ ترجمان امریکی محکمہ خارجہ ٹیمی بروس سے میڈیا بریفنگ کے دوران سابق وزیراعظم اور پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان سے متعلق سوال کیا گیا تاہم انہوں نے سوال پر ردعمل دینے سے انکار کر دیا۔ امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی بروس نے کہا کہ کسی دوسرے ملک کے اندرونی معاملات پر بات نہیں کی جائے گی، امریکا کو اپنے پڑوسیوں کی پرواہ ہے۔ پریس بریفنگ کے دوران صحافی نے سوال کیا کہ پاکستان میں مقبول سیاسی رہنما عمران خان گزشتہ چند سال سے جیل میں ہیں، اس پر ترجمان نے کہا کہ کیا آپ بھی اپنا تعارف کروا سکتے ہیں؟ ہم پہلی بار مل رہے ہیں، اس پر صحافی نے کہا کہ میرا نام جلیل آفریدی ہے اور میرا تعلق فرنٹیئر پوسٹ سے ہے۔ ٹیمی بروس نے کہا کہ آپ سے ملکر خوشی ہوئی، اس کے بعد صحافی نے سوال دہرایا کہ پاکستان میں مقبول رہنما عمران خان گزشتہ 2 سال سے جیل میں قید ہیں اور اس عرصے میں پاکستان میں ہر چیز، خواہ وہ جمہوریت ہو، خواتین کے حقوق ہوں، سب کچھ بکھر چکا ہے۔ انہوں نے استفسار کیا

پاکستان امریکی روئی کا سب سے بڑا خریدار بن گیا

31 اکتوبر تک امریکہ سے مجموعی طور پر 72 ہزار 200 روئی کی گانٹھوں کے درآمدی معاہدے کئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں معیاری روئی کی محدود دستیابی کے باعث پاکستان پھر امریکی روئی کا سب سے بڑا خریدار بن گیا جس کے نتیجے میں اندرون ملک کاٹن جنرز کی جانب سے معیاری کپاس کی بھرپور خریداری کے باعث پھٹی کی قیمتوں میں تیزی کا رجحان پیدا ہو گیا ہے۔ چیئرمین کاٹن جنرز فورم احسان الحق نے کہا ہے کہ تازہ ترین امریکی کاٹن ایکسپورٹ کے مطابق پاکستان نے 31 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران امریکہ سے مجموعی طور پر 72 ہزار 200 روئی کی گانٹھوں کے درآمدی معاہدے کیے ہیں

قوم پرستی کے نام پر دہشتگردی، پاکستان دشمن قوتوں کی آلہ کاری کسی صورت میں قابلِ قبول نہیں، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) ملی یکجہتی کونسل پاکستان کے صدر ڈاکٹر ابوالخیر زبیر، سیکرٹری جنرل لیاقت بلوچ نے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر دہشت گردی کی اذیت ناک، المناک واقعہ کی شدید مذمت کی اور کہا کہ دہشت گرد انسانیت دشمن بدترین لوگ ہیں، شہادتیں قومی صدمہ ہے، ہم بلوچستان کے عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں

دہشتگردوں کا مقصد پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنا ہے، سینیٹر اسماعیل بلیدی

ہم اپنی فورسز کے شانہ بشانہ ہیں اور ان کے عزم و حوصلے کی حمایت کرتے ہیں، پیر قاری عبدالمنان انور نقشبندی

کراچی (این این آئی) کوئٹہ میں ہونے والے افسوسناک ریلوے بم دھماکے کی جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں، سینیٹر اسماعیل بلیدی، پیر قاری عبدالمنان انور نقشبندی، حافظ احمد علی، مفتی حماد اللہ مدنی، صدر یوتھ ونگ رانا محمد صابر، مفتی عابد، مولانا عبدالسلام شامزئی، اطہر شاہ، دانش قادری، اسامہ احمد ایڈووکیٹ، عظیم احمد ایڈووکیٹ، مولانا احمد الرحمان نقشبندی، مولانا معین الدین انصاری، عدنان خانزادہ و دیگر نے شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بزدلانہ حملے ہمارے حوصلوں کو پست نہیں کر سکتے، دہشت گردوں کا مقصد پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنا ہے۔ سینیٹر اسماعیل بلیدی نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ بم دھماکے نہ صرف ہمارے ملک کے امن و امان کو متاثر کرنے کی مذموم کوشش ہیں بلکہ یہ ہمارے بے گناہ عوام کو نشانہ بنانے کی بزدلانہ حرکت ہے۔ ہم ان دہشت گردوں کی مذمت کرتے ہیں اور ان کے منصوبوں کو ناکام بنانے کے لیے تمام قوم کو متحد ہونے کی ضرورت ہے۔

ائیریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی الطاف گوہر میمن کا شاہراہ فیصل پر جاری ترقیاتی کاموں کا طویل ہنگامی دورہ

کراچی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی الطاف گوہر میمن نے چیف انجینئر صمد جمالانی کے ہمراہ شاہراہ فیصل پر جاری ترقیاتی کاموں کا طویل ہنگامی دورہ کیا۔ دورہ کے دوران ڈی جی کے ڈی اے الطاف گوہر میمن نے جاری ترقیاتی کاموں کا نہ صرف جائزہ لیا

تحصیلدار چمن میانی شہر میں تجاوزات کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن ہمیں ملک کیلئے متحد ہونا ہوگا، اعجاز چوہدری

ملکوآنہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا ہے کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن ہمیں ملک کیلئے متحد ہونا ہوگا، سیاسی باتیں اور اختلافات چلتے رہتے ہیں، فوج کی دہشت گردی کے خلاف قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ہمیں اس وقت آپس کے اختلاف کو ختم کرتے ہوئے ملکی استحکام کیلئے مل کر آگے بڑھنا ہوگا، سیاسی قیادت اور قوم کو کسی خمصے کا شکار ہوئے بغیر ہر صورت دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہوگا، پارلیمان میں نیشنل سکیورٹی بریفنگ کا خیر مقدم کرتے ہیں، پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے شکر گزار ہیں جنہوں نے سکیورٹی بریفنگ پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ امن اور استحکام کی خاطر چیئرمین بلاول نے ہمیشہ اتحاد اور اتفاق پر زور دیا ہے۔ ہماری لڑائی دہشتگردی کے خلاف لڑائی ہے۔

اسلام آباد میں سرکاری مکانات ختم کر کے بلند عمارتیں تعمیر کرنے کی تجاویز

مجوزہ منصوبے سے سی ڈی اے کو 55 ارب روپے کی آمدن ہوگی، 177 ایکڑ سرکاری جگہ بھی بچائی جا سکتی ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں سرکاری مکانات ختم کر کے بلند عمارتیں تعمیر کرنے کی تجاویز دی گئی ہے۔ پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس (پی آئی ڈی ای) نے سی ڈی اے کو سرکاری مکانات ختم کر کے ہائی رائز عمارات تعمیر کرنے کیلئے لکھے گئے آرٹیکل پر مراسلہ لکھ دیا جبکہ سپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل نے بھی اس بارے میں لکھے گئے آرٹیکل پر سی ڈی اے سے تجاویز مانگ لی ہیں۔ پی آئی ڈی ای نے سی ڈی اے کو اس حوالے سے لکھا گیا آرٹیکل منسلک کر کے خط لکھا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ صرف جی سکس ون میں 186 ایکڑز پر سنگل اسٹوری سرکاری مکانات تعمیر ہیں۔ مراسلے کے مطابق صرف جی سکس ون میں 6 ہائی رائز عمارات 9 ایکڑ پر تعمیر کر کے 177 ایکڑ سرکاری جگہ بچائی جا سکتی ہے

کراچی میں چلنے والی الیکٹرک بسیں "اونٹ کے منہ میں زیرہ" ہیں، پاسبان

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کراچی کے چیف آرگنائزر طارق چاندی والا نے کہا ہے کہ کراچی میں چلنے والی الیکٹرک بسیں "اونٹ کے منہ میں زیرہ" ہیں۔ کراچی، جہاں کی آبادی کروڑوں میں ہے

دہشتگردی کے واقعات ابتر صورتحال کی دلیل ہیں، مولانا عبدالماجد

پائیدار امن کیلئے سنجیدہ اقدامات کئے جائیں امن و امان ہوگا تو ترقی و خوشحالی آئے گی، صدر امن کونسل سندھ

کراچی (این این آئی) صوبائی صدر پاکستان امن کونسل سندھ، مہتمم مدرسہ تعلیم القرآن، امام وخطیب جامع مسجد الخلیل بھٹائی آباد گلستان جوہر مولانا عبدالماجد فاروقی نے کہا ہے کہ ملک میں آئے دن دہشت گردی کے المناک واقعات امن و امان کی ابتر صورتحال کی واضح دلیل ہیں یوں لگتا ہے کہ حکومت کو عوام کی جان و مال کی کوئی پروا نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ ملک میں وقفے وقفے سے دہشت گردی کے المناک واقعات رونما ہو رہے ہیں اور حکمران محض روایتی بیان بازی سے کام چلا رہے ہیں

اسپیشل چلڈرن کی بحالی کیلئے معاشرتی رویے تبدیل کرنا ہوں گے، ندیم شاہ

کراچی (این این آئی) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ، پاکستانی حکومت کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ اور جاپانی قونصلیٹ کے ڈائریکٹر اسرار احمد عدیل نے جسمانی معذوری، ذہنی پسماندہ، سماعت اور بصارت سے محروم اسپیشل بچوں کو معاشرے کے مرکزی دھارے میں شامل کرنے کے مشن پر گامزن انسٹیٹیوٹ اسپیشل چلڈرن سکول کا دورہ کیا۔

ماہ رنگ بلوچ کا نام سفری پابندی کی فہرست سے نکالنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

پی این آئی ایل کا غلط استعمال کیا جا رہا ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بلوچ یکجہتی کمیٹی کی رہنما ماہ رنگ بلوچ کا نام سفری پابندی کی فہرست سے نکالنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ ہائیکورٹ نے ماہ رنگ بلوچ کا نام سفری پابندی کی فہرست سے نکالنے کی درخواست پر سماعت کی۔ ماہ رنگ بلوچ کے وکلاء ایمان مزاری ایڈووکیٹ اور شوہر ہادی علی چٹھہ عدالت میں پیش ہوئے اور دلائل دیئے کہ ماہ رنگ بلوچ نے ٹائمز گالا کے لیے نیویارک جانا تھا، کراچی جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ماہ رنگ بلوچ کو 4 سے 5 گھنٹے تحویل میں رکھا گیا



راولپنڈی، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کر رہے ہیں

صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ بولان حب بلوچستان — Daily BOLAN HUB Balochistan

موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

مسلم لیگ ن کی نوازشیں

یہ مشہور ہے کہ پیپلز پارٹی جب بھی وفاقی حکومت میں آئی اس نے اپنوں کو نوازا جب کہ مسلم لیگ (ن) جب اقتدار میں آئی اس نے پی پی دور کے بھرتی ہونے والوں کو ملازمتوں سے اس لیے فارغ کیا کہ وہ پی پی دور میں خلاف ضابطہ بھرتی کیے گئے تھے یا مذکورہ محکموں میں گنجائش نہ ہونے کے باوجود بھرتی کیا گیا تھا۔ مسلم لیگ (ن) کے وزیراعظم میاں نواز شریف کے دور حکومت میں لوگوں کو بہت کم ملازمتیں ملتی تھیں یا سرکاری ملازمت پانے والے سفارش پر ملازم رکھے جاتے تھے یا وہ مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھنے والے ہوتے تھے۔ ن لیگ کی تینوں حکومتوں میں یہ ضرور دیکھا گیا کہ اس وقت ملک میں پیسہ ہوتا تھا اور نہ ہی پی پی حکومت کی طرح سرکاری ملازمتوں کی بہتات ہوتی تھی بلکہ ان کی حکومت میں گولڈن شیک ہینڈ کی بنیاد پر لاتعداد سرکاری ملازمین کو ان کی مدت مکمل نہ ہونے کے باوجود فارغ کیا گیا تھا۔

بے نظیر بھٹو کی ملک میں دو بار حکومتیں رہیں جب کہ میاں نواز شریف تین بار وزیراعظم رہے جب ان کے بھائی طویل عرصہ وزیراعلیٰ رہنے کے بعد تین سال سے ملک کے وزیراعظم تو ہیں لیکن فرق یہ ہے کہ نواز شریف کی تینوں حکومتوں میں پیپلز پارٹی شامل نہیں ہوتی تھی اور بے نظیر بھٹو کی دونوں حکومتوں میں (ن) لیگ اس کی سخت اپوزیشن ہوتی تھی اور پی پی اور (ن) لیگ ایک دوسرے کی مخالف اور ایک دوسرے کی حکومتوں کے خاتمے کے لیے تحریک چلانے میں پیش پیش ہوتے تھے۔

پیپلز پارٹی میں یہ نعرہ بہت مشہور تھا کہ بے نظیر آئے گی اور روزگار لائے گی راقم کے آبائی شہر شکارپور سے تعلق رکھنے والے الٰہی بخش سومرو جب (ن) لیگی حکومت میں اسپیکر قومی اسمبلی تھے، تو ایک بار اسپیکر قومی اسمبلی سے شکارپور جمخانہ میں ملاقات ہوئی تو راقم نے سومرو صاحب سے کہا تھا کہ آپ بزرگ شخص ہیں اور میاں صاحب آپ کی باتوں کو اہمیت بھی دیتے ہیں تو آپ وزیراعظم کو بتائیں کہ ان کی حکومت میں نہ ملک میں پیسہ ہوتا ہے اور نہ ہی سرکاری ملازمتیں جب کہ بے نظیر حکومتوں میں ملک میں پیسہ بھی ہوتا تھا اور لوگوں کو سرکاری ملازمتیں بھی ملتی تھیں۔

واضح رہے کہ بے نظیر بھٹو کی پہلی حکومت میں وہ اکثر کہتی تھیں کہ قومی خزانہ خالی ہے تو انھی دنوں صدر مملکت غلام اسحاق خان شکارپور آئے تھے تو راقم نے ان سے پوچھا تھا کہ وزیراعظم کہتی ہیں کہ خزانہ خالی ہے تو اقتدار کی منتقلی کے وقت آپ قائم مقام صدر مملکت تھے اور آپ خود وزیراعظم بھی رہے ہیں تو کیا وزیراعظم صاحبہ کی بات درست ہے؟ جس پر صدر مملکت نے مسکرا کر صرف یہ جواب دیا تھا کہ ملک کا خزانہ مغلوں کا خزانہ نہیں ہے کہ جہاں رات کو مال آتا تھا اور صبح خالی ہو جاتا تھا۔ صدر مملکت کا یہ جواب ملک کے اخبارات میں شہ سرخیوں کے ساتھ نمایاں شایع ہوا تھا جس کے بعد وزیراعظم صاحبہ نے خزانہ خالی ہونے کی بات کرنا چھوڑ دی تھی۔

باری باری کی 1999 تک پی پی اور (ن) لیگی حکومتوں میں یہ بھی ہوتا رہا کہ پی پی حکومت لوگوں کو روزگار دیتی تھی اور (ن) لیگی حکومت برسر روزگار لوگوں کو بے روزگار کر دیتی تھی۔ مسلم لیگ (ن) کی سابق حکومتوں میں کبھی اتنی بڑی کابینہ نہیں رہی جتنی بڑی کابینہ اب موجودہ حکومت میں ہے اور 2022 میں پی ڈی ایم اور پی پی حکومت تھی اور شہباز شریف ہی وزیراعظم تھے اور پیپلز پارٹی نے اپنے چیئرمین کو وزیر خارجہ، پارٹی کے متعدد رہنماؤں کو وفاقی وزیر اور لاتعداد اپنے ارکان اسمبلی اور رہنماؤں کو مشیر اور معاونین خصوصی بنایا تھا جب کہ اس وقت ملک دیوالیہ ہونے کے قریب، معاشی حالات نہایت ہی ابتر مگر حکومتی عہدوں پر پی پی، (ن) لیگ اور جے یو آئی بڑی تعداد میں براجمان تھے اور کسی کو ملک کی بدحالی کا احساس نہیں تھا۔ یہی حال 2018 سے 2022 تک پی ٹی آئی حکومت میں تھا جہاں اپنوں کو نوازنے میں کسر نہیں چھوڑی گئی تھی۔

لندن میں سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے کہا ہے کہ مجھ میں اور شہباز شریف میں کوئی فرق نہیں ہم دونوں ایک ہیں۔ میاں نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف کے درمیان ماضی میں اسٹیبلشمنٹ کے سلسلے میں واضح فرق رہا ہے جو شاید ملکی حالات نے ختم کر دیا ہے اور نواز شریف کا سابقہ بیانیہ اب موقعہ دیکھ کر بانی پی ٹی آئی اپنا چکے ہیں کیونکہ ان کے پاس عوام کو دکھانے کے لیے اب کوئی بیانیہ نہیں تھا جو انھیں جیل سے رہائی دلا سکے اور ان کے اقتدار میں بالاتروں سے جیسے تعلقات تھے اس سے کہیں اچھے تعلقات اب وزیراعظم شہباز شریف کے ہیں۔ میاں نواز شریف کی تینوں حکومتوں میں ان کی مرضی کی وفاقی کابینہ ہوتی تھی جس میں وزیروں کی کچن کیبنٹ ہوتی تھی مگر اب ایسا نہیں ہے۔ وزیراعظم کی کابینہ میں ان کے قریبی پسندیدہ بعض وزرا بھی موجود ہیں اور ان کی کوئی کچن کیبنٹ بھی نہیں ہے جس کا ملک بھر میں سب کو پتا ہے۔ شہباز شریف بڑے میاں صاحب کے برعکس اپنوں کے لیے بڑے مخیر ثابت ہوئے ہیں اور موجودہ حکومت کی فیاضی کا یہ حال ہے کہ پارلیمنٹ کے سربراہوں کی پانچ گنا تنخواہ بڑھا کر سب کو حیران کر دیا ہے اور ملک میں ہونے والے اعتراض پر اضافے کی رپورٹ بھی طلب کر لی ہے۔

آبی آفات

تقریباً آدھا پاکستان اس وقت زیر آب ہے۔ ایسا لگتا ہے، اس قوم نے گزشتہ پون صدی میں تنکا تنکا جوڑ کر جو آشیانہ بنایا تھا، پانی وہ سب بہا لے جائے گا۔ فوری اور تازہ ترین مسئلہ تو یہی لیکن دوسری طرف بھارت کی آبی جارحیت ہے۔ مئی کے معرکے میں شکست کھا جانے کے بعد بھارت نے پہلے انڈس واٹر ٹریٹی سے نکل جانے کا اعلان کیا پھر بارشوں کی وجہ سے اس کے ڈیم بھر گئے تو اس نے روکا ہوا پانی بہ مع بارشوں کے پانی کے پاکستان پر واٹر بم چلا دیا۔ اس سے پہلے خیبر پختون خوا، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں بارشیں اور گلیشیرز کے پگھلنے سے تباہی مچ چکی تھی جس میں سینکڑوں قیمتی جانوں کے ساتھ بھاری مالی نقصان پہنچ چکا تھا۔ اسی سبب سے پہلے سے اقتصادی مسائل کے شکار پاکستان پر معاشی بوجھ میں اضافہ ہوگیا ہے۔ سوال یہ ہے پاکستان کے لیے مستقل نقصان کا باعث بننے والے اس مسئلے کا حل کیا ہے؟ اس سوال کا ایک آسان جواب تو یہ ہے کہ کبھی پانی کی کمی اور کبھی بے قابو سیلابی ریلے ہمیں بار بار یہ احساس دلاتے ہیں کہ پاکستان پانی ذخیرہ کرنے کے کسی مؤثر نظام سے محروم ہے۔ بڑے ڈیم بنانے کی بات ہمیشہ ہوتی ہے لیکن ہمارے یہاں بدقسمتی سے یہ معاملہ متنازع ہو چکا ہے۔ دوسرے بڑے ڈیموں کی تعمیر وقت طلب اور مہنگا معاملہ ہے، ایسی صورت میں فوری اور متبادل راستہ کیا ہو؟

پاکستان کونسل آف ریسرچ اِن واٹر ریسورسز (PCRWR) کی تحقیق کے مطابق اس سوال کا جواب چھوٹے ڈیم فراہم کر سکتے ہیں۔ چھوٹے ڈیم بڑے ڈیموں کی جگہ نہیں لے سکتے لیکن ان کی کچھ خوبیاں بھی ہیں۔ انھیں گاؤں دیہات اور مخصوص علاقوں کی ضرورت کے مطابق بنایا جاتا ہے۔ یوں یہ پاکستان کے موجودہ سیاسی اور زمینی حالات سے مطابقت رکھتے ہوئے اور فوری، کم لاگت اور مؤثر حل پیش کرتے ہیں۔ اس ضمن میں چند مقامات کو ہدف بنا کر کام کیا جائے تو اچھے نتائج میسر آ سکتے ہیں جیسے پوٹھوہار۔

پوٹھوہار بارانی خطہ ہے۔ یہاں بارش خوب ہوتی ہے لیکن یہ پانی فوراً ہی دریاں میں جا گرتا ہے جس کی وجہ سے یہ خطہ مستقل طور پر پانی کی کمی کا شکار رہتا ہے۔ اگر یہاں بارانی پانی جمع کرنے والے چھوٹے ڈیم تعمیر کیے جائیں تو نہ صرف زراعت ترقی کرے گی بلکہ زیر زمین پانی کی سطح بھی بلند ہو جائے گی۔ ڈاکٹر پرویز عامر جیسے ماہرین اس خطے کو بارش کے پانی کو سنبھالنے کے لیے سب سے زیادہ موزوں قرار دیتے ہیں۔

کوہِ سلیمان کے دامن میں بسنے والے لوگ اچھی طرح جانتے ہیں کہ اچانک آنے والے سیلابی ریلے کس طرح بستیاں اجاڑ دیتے ہیں۔ ہر سال یہ مناظر دیکھنے کو ملتے ہیں لیکن ہم کچھ کر نہیں پاتے۔ اگر یہاں چھوٹے حفاظتی ڈیم بنا دیے جائیں تو یہ ریلے قابو میں آ سکتے ہیں۔ نہ صرف انسانی جانیں اور فصلیں بچ سکتی ہیں بلکہ یہ پانی بعد میں کھیتی باڑی اور چراگاہوں کے لیے بھی کارآمد ہو سکتا ہے۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (NDMA) کی رپورٹیں اس جانب توجہ مبذول کرا چکی ہیں۔

کوہاٹ کی وادی اپنی زرخیزی کے باوجود پانی کی کمی کا شکار رہتی ہے۔ چھوٹے ڈیم یہاں زندگی بدل سکتے ہیں۔ زرعی زمینوں کو سیراب کرنے والے یہ ڈیم مقامی زراعت کو نئی زندگی بخش سکتے ہیں بلکہ مقامی آبادی کے لیے پینے کا پانی بھی فراہمی کا ذریعہ بھی بن سکتے ہیں۔ یوں ایک چھوٹا سا منصوبہ بڑے معاشی اثرات کو ممکن بنا سکتا ہے۔

بلوچستان کے وسیع اور بلند علاقے بارش کی کمی کے باعث خشک سالی کا شکار رہتے ہیں۔ لیکن جب بارش ہوتی ہے تو پوٹھوہار کی طرح پانی بہہ کر فوراً ہی ضائع ہو جاتا ہے۔ چیک ڈیم اور بارش کا پانی ذخیرہ کرنے والے ڈیم اس خطے کی ضرورت ہیں۔ یہ ڈیم زیرِ زمین پانی کی سطح بلند کرنے میں بھی مددگار بننے کے علاوہ خشک سالی میں بھی کمی لا سکتے ہیں۔ عالمی بینک (World Bank) International Water Management Institute (IWMI) کی رپورٹوں میں بھی بلوچستان کے لیے ایسے منصوبوں کی سفارش کی گئی ہے۔

چترال اور گلگت بلتستان کے لوگ گلیشیر پگھلنے اور اچانک پھٹنے سے بننے والی جھیلیں بن جانے جیسے مسائل کا ہمیشہ شکار رہتے ہیں۔ ایسی صورت میں ہنستی بستی بستیاں دیکھتے ہی دیکھتے لقمہ اجل بن جاتی ہیں۔ محکمہ موسمیات کے ایک سابق افسر اعلیٰ ڈاکٹر غلام رسول کے مطابق شمالی علاقہ جات کا یہ سب سے بڑا چیلنج ہے۔ ایسے خطوں میں چھوٹے حفاظتی ڈیم زندگی اور موت کے درمیان فاصلہ بڑھا سکتے ہیں۔ ایسے ڈیموں کی مدد سے نہ صرف اچانک آنے والے ریلوں کو روکا جا سکتا ہے بلکہ پانی کو محفوظ طریقے سے پانی کو ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔

سب سے آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ پاک کا ہم گنہگاروں پر بڑا فضل و احسان ہے کہ اس نے ہمیں اپنے پیارے حبیب آخری نبی محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا امتی بنایا۔ ہمارے پیارے آقا سارے رسولوں اور نبیوں سے افضل ہیں اور اللہ رب العزت کی رحمت سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت پچھلی تمام امتوں سے بہتر ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ پاک کا سب سے آخری نبی ماننا ضروریاتِ دین میں ہے، جو اس کا انکار کرے یا اس میں ذرہ برابر بھی شک کرے، وہ اسلام سے خارج اور کافر و مرتد ہے۔ اللہ پاک قرآن کریم کی سور احزاب آیت 40 میں واضح ارشاد فرماتا ہے: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں لیکن اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں کے آخر میں تشریف لانے والے ہیں اور اللہ سب کچھ جاننے والا ہے۔ (ترجمہ کنز العرفان) علامہ سید محمد نعیم الدین مراد آبادی خزائن العرفان میں لکھتے ہیں کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آخری نبی ہیں، اب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا، نبوت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ختم ہوگئی ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کے بعد کسی کو نبوت نہیں مل سکتی حتیٰ کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے تو اگرچہ نبوت پہلے پا چکے ہیں مگر نزول کے بعد شریعت محمدیہ پر عامل (یعنی عمل کرنے والے) ہوں گے اور اسی شریعت پر حکم کریں گے اور کعبہ شریف کی طرف نماز پڑھیں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آخری نبی ہونا قطعی یعنی یقینی ہے اور یہ قطعیت قرآن و حدیث سے ثابت ہے۔ قرآنِ مجید کی صریح آیت بھی موجود ہے اور احادیث تواتر کی حد تک پہنچی ہوئی ہیں۔ ان سب سے ثابت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے آخری نبی ہیں اور آپ کے بعد کوئی نبی ہونے والا نہیں، جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کے بعد کسی اور کو نبوت ملنا ممکن جانے وہ ختم نبوت کا منکر، کافر اور اسلام سے خارج ہے۔ خاتم کا مطلب: مفتی احمد یار نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خاتم ختم سے مشتق ہے اور ختم کے معنی مہر اور آخری کے ہیں بلکہ مہر کو بھی خاتم اسی واسطے کہتے ہیں کہ وہ مضمون کے آخر میں لگائی جاتی ہے یا یہ کہ جب کسی تھیلے پر مہر لگ گئی تو اب کوئی چیز باہر کی اندر اور اندر کی باہر نہیں جا سکتی، اسی طرح یہ آخری مہر لگ چکی، باغ نبوت کا آخری پھول کھل چکا، خود حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خاتم النبیین کے معنی بیان فرمائے ہیں کہ لا نبی بعدی یعنی میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ (شان حبیب الرحمٰن ص 171) جانور بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آخری نبی مانتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ بنی سلیم کا ایک اعرابی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر کہنے لگا: میں اس وقت تک آپ پر ایمان نہیں لاؤں گا جب تک میری یہ گوہ آپ پر ایمان نہ لائے۔ یہ کہہ کر اس نے گوہ (یعنی چھپکلی سے ملتے جلتے اس جانور) کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے ڈال دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گوہ کو پکارا تو اس نے لبیک وسعدیک یعنی میں حاضر ہوں اور فرمانبرداری کیلئے تیار ہوں، اتنی بلند آواز سے کہا کہ تمام حاضری نے سن لیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: تیرا معبود کون ہے؟ گوہ نے جواب دیا: میرا معبود وہ ہے کہ جس کا عرش آسمان پر ہے اور اسی کی بادشاہی زمین پر ہے، اس کی رحمت جنت میں ہے اور اس کا عذاب جہنم میں ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: اے گوہ، یہ بتا کہ میں کون ہوں؟ تو گوہ نے بلند آواز سے کہا: آپ اللہ رب العالمین کے

تحریر: مولانا محمد الیاس عطار قادری

رسول اور آخری نبی ہیں۔ جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہچانا وہ کامیاب ہوگیا اور جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جھٹلایا وہ نامراد ہوگیا۔ یہ دیکھ کر اعرابی اس قدر متاثر ہوا کہ فوراً کلمہ پڑھ کر مسلمان ہوگیا۔ (معجم اوسط، ج4، ص283) عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت: عقیدہ ختم نبوت سے مراد یہ ماننا ہے کہ ہمارے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے آخری نبی ہیں۔ اللہ پاک نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پر سلسلہ نبوت کو ختم فرما دیا ہے۔ حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ظاہری زندگی کے زمانے سے لیکر قیامت تک کوئی نیا نبی نہیں ہو سکتا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تشریف لانے سے عقیدہ ختم نبوت پر کوئی فرق نہیں پڑے گا کیونکہ خاتم النبیین کے معنی یہ ہیں کہ محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ظہور کے بعد کسی کو نبوت نہ ملے گی، حضرت عیسیٰ علیہ السلام پہلے کے نبی ہیں، آپ بحیثیت نبی اپنی شریعت کی تبلیغ نہیں فرمائیں گے بلکہ اللہ پاک کے سب سے آخری نبی محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت پر ہی عمل کرائیں گے، گویا حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امتی ہونے کی حیثیت سے آئیں گے۔ (تفسیر نسفی ص 943 سے خلاصہ) یاد رہے کہ کسی نبی کو نبوت ملنے کے بعد اس سے نبوت زائل نہ ہوگی بلکہ ہمیشہ ان کی نبوت قائم رہتی ہے۔ فتاوی رضویہ میں مذکور ہے: حاشا! نہ کوئی رسول رسالت سے معزول کیا جاتا ہے نہ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام رسالت سے معزول ہوں گے، نہ حضور کا امتی ہونا رسالت کیخلاف۔ عقیدہ ختم نبوت کا وہی درجہ ہے جو عقیدہ توحید کا ہے یعنی دونوں ہی ضروریاتِ دین سے ہیں لہٰذا مسلمانوں کیلئے جس طرح اللہ پاک کو ایک ماننا ضروری ہے ایسے ہی اس کے پیارے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سب سے آخری نبی ماننا بھی ضروری ہے۔ کوئی دلیل نہیں مانگی جائے گی: حضرت امام ابو منصور ماتریدی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد نبی کے آنے کا دعویٰ کرے تو اس سے کوئی دلیل نہیں مانگی جائے گی بلکہ اس کا انکار کیا جائیگا کیونکہ اللہ پاک کے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما چکے ہیں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ جھوٹے نبی سے معجزہ طلب کرنا کیسا؟ ملفوظاتِ اعلیٰ حضرت میں مذکور ہے: عرض کیا جھوٹے مدعی نبوت (یعنی نبی ہونے کا جھوٹا دعویٰ کرنے والے) سے معجزہ طلب کیا جا سکتا ہے؟ ارشاد فرمایا: اگر مدعی نبوت (یعنی نبی ہونے کا دعویٰ کرنے والے) سے اس خیال سے کہ اس کا عجز (یعنی ناکامی اور ہار) ظاہر ہو معجزہ طلب کرے تو حرج نہیں اور اگر تحقیق کیلئے معجزہ طلب کیا کہ یہ معجزہ بھی دیکھا سکتا ہے یا نہیں تو فوراً کافر ہوگیا۔ (فتاوی عالمگیری) ایمان کی سلامتی کی فکر نہ کرنے کا نقصان: ایک انسان کیلئے سب سے قیمتی بلکہ انمول چیز اس کا ایمان ہے، اللہ پاک کی رحمت سے جسے ایمان کی دولت حاصل ہے وہ مال کے اعتبار سے اگرچہ غریب ہو مگر ایمان کی دولت سے محروم کروڑوں، اربوں پتی شخص سے بھی بڑا مالدار ہے جبکہ دولت اسلام سے محروم مالدار درحقیقت مفلس و نادار ہے اور معاذ اللہ ثم معاذ اللہ اسی حالت (یعنی کفر کی حالت) میں مرنے والا ہمیشہ ہمیشہ کیلئے جہنم میں رہے گا۔ ہر مسلمان کو چاہیے کہ ہمیشہ ایمان کی سلامتی اور خاتمہ بالخیر کی بارگاہِ رب العزت میں دعا کرتا رہے۔ اس پرفتن دور میں جہاں نیک اعمال کرنے میں بے حد سستی آ چکی ہے وہیں ایمان کی حفاظت کی فکر بھی بہت کم نظر آتی ہے، آئے دن نئے نئے فتنے مختلف انداز سے مسلمانوں کے ایمان کو کھوکھلا کرنے میں مصروف ہیں، ایمان کی سلامتی کی فکر نہایت ضروری ہے، چاہے ساری زندگی نیکیوں میں گزاری ہو لیکن خدانخواستہ خاتمہ ایمان پر نہ ہو تو ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دوزخ میں رہنا ہو گا۔ فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اعمال کا دارومدار خاتمے پر ہے۔ (صحیح بخاری) صحیح بخاری کی ایک حدیث میں مذکور ہے: میری اور مجھ سے پہلے انبیا کی مثال اس شخص کی طرح ہے جس نے ایک بہت حسین و جمیل گھر بنایا، مگر اس کے ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی، لوگ اس کے گرد گھومنے لگے اور تعجب سے یہ کہنے لگے کہ اس نے یہ اینٹ کیوں نہ رکھی؟ پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں وہ (آخری اینٹ) ہوں اور نبیوں میں آخری نبی ہوں۔ دوسری روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: اس اینٹ کی جگہ کو پر کرنے والا (میں ہوں، میں آیا تو نبیوں) کے سلسلے (کو ختم) یعنی مکمل (کر دیا)۔ (صحیح مسلم) مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث پاک کی شرح میں لکھتے ہیں: سبحان اللہ! کیسی پیاری مثال ہے، نبوت گویا نورانی محل ہے، حضرات انبیا کرام علیہم السلام گویا اس کی نورانی اینٹیں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گویا اس محل کی آخری اینٹ ہیں جس پر اس عمارت کی تکمیل ہوئی۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آخری نبی ہیں، آپ کے زمانے میں یا آپ کے بعد کوئی نبی نہیں۔ جیسے اس آخری اینٹ سے وہ محل مکمل ہو جائے گا اور اس کے بعد اس میں کسی اینٹ کی جگہ نہ رہے گی، یوں ہی مجھ سے نبوت کا محل مکمل ہوگیا اب کسی نبی کی گنجائش نہ رہی۔ خیال رہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام قریبِ قیامت زمین پر تشریف لائیں گے مگر وہ پہلے کے نبی ہیں، بعد کے نبی نہیں) اور (یہ اینٹ پہلے کی لگی ہوئی ہے نیز وہ اب نبوت کی شان سے) یعنی اپنی نبوت کے احکام جاری کرنے کیلئے (نہ آئیں گے بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے امتی ہو کر۔ خیال رہے کہ آخری بیٹا وہ ہے جس کے بعد کوئی بیٹا پیدا نہ ہو، یہ ضروری نہیں کہ پچھلے سارے بیٹے مر چکے ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آخری نبی ہونے کے معنی یہ ہیں کہ آپ کے زمانے میں اور آپ کے زمانے کے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہوگا، اگر پہلے کے کوئی نبی) ظاہری طور پر بھی (زندہ ہوں تو) اس میں (مضائقہ نہیں۔ چار نبی اب تک) ظاہری طور پر بھی (زندہ ہیں، دو زمین پر حضرت خضر اور حضرت الیاس علیہم السلام اور دو آسمان پر حضرت ادریس اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام، ان کی زندگی حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کیخلاف نہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اول مخلوق ہیں اور آخری نبی ہیں۔

انڈونیشیا میں احتجاجی مظاہرے

پچھلے تین دنوں سے) آبادی کے لحاظ سے (عالمِ اسلام کا سب سے بڑا ملک آتش و خون اور حکومت کے خلاف زبردست مظاہروں کی حدت میں جل رہا ہے۔ انڈونیشیا کے 29 کروڑ عوام کمر توڑ مہنگائی، ملک کی کرپٹ اشرافیہ، بدعنوان پولیس اور انڈونیشیا کے ارکانِ اسمبلی کی تنخواہوں میں بے تحاشا اضافے پر حکومت، انتظامیہ اور بیڈ گورننس کے خلاف بپھر گئے ہیں۔ دیکھا جائے تو یہی حالات پاکستان کے 25 کروڑ عوام کو بھی درپیش ہیں۔ یوں کہا جا سکتا ہے کہ پاکستان اور انڈونیشیا، دونوں اسلامی ممالک کے عوام سنگین سماجی، سیاسی اور معاشی مسائل و مصائب کے لحاظ سے ایک ہی کشتی میں سوار ہیں۔ فرق یہ ہے کہ انڈونیشیائی عوام کے صبر کا پیمانہ چھلک پڑا ہے اور وہ دیوانہ وار اپنی حکومت کے خلاف شدید احتجاج کرتے ہوئے سڑکوں پر نکل آئے ہیں، جب کہ پاکستان کے عوام نے ابھی یہ راستہ اختیار نہیں کیا ہے۔ اس عوامی صبر سے ہماری حکومت اور ہمارے ہمہ قسم کے حکمرانوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ عوام میں حکومت کے خلاف باہر نکلنے کی سکت ہے نہ ہمت۔ شاید حکومت کو یہ غلط فہمی ہے۔ ملک میں مہنگائی، سیلاب کی تباہ کاریوں اور ان تباہ کاریوں کے سامنے مرکزی اور تمام صوبائی حکومتوں اور حکمرانوں کی ناکامی) اور حکمرانوں کے مسلسل جھوٹ (کے کارن سیلاب متاثرین کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے۔ معلوم نہیں یہ پیمانہ کب چھلک پڑے؟

انڈونیشیا کے عوام اپنی حکومت اور اپنے صدر کے وعدوں کے لالی پوپ پر اعتبار کرنے کو مطلق تیار نہیں ہیں کہ جانتے ہیں یہ وعدے وقتی اور بدنیتی پر مبنی ہیں، بالکل ہمارے ہر قسم کے مرکزی و صوبائی حکمرانوں کی مانند! پہلے تو انڈونیشیا کے صدر) پرابوسوبیانتو (اور ان کی انتظامیہ نے اپنے عوام کے احتجاج پر، حسبِ معمول، کان ہی نہ دھرا، مگر جب بروز جمعہ 29) اگست (2025 غصے اور غیظ میں بپھرے انڈونیشیا کے عوام نے انڈونیشیا کے دارالحکومت، جکارتہ، میں پولیس ہیڈ کوارٹر پر زبردست سنگباری کی اور ہیڈ کوارٹر سے متصل عمارت کو نذرِ آتش بھی کر دیا تو صدر پرابوسوبیانتو (Prabowo Subianto) کی آنکھیں کھلیں اور انھوں نے عوامی غیظ و غضب کو ٹھنڈا کرنے کے لیے یوں بیان دیا: میری حکومت اور میری لیڈر شپ پر اعتماد کریں۔ میں آپ کے غصے اور احتجاج کو سمجھتا ہوں۔ آپ لوگوں کے مطالبات کو جلد از جلد پورا کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

پرابوسوبیانتو کے بیان آنے تک مگر بہت دیر ہو چکی تھی۔

تحریر: خزیمہ انصاری البانده

نذرِ آتش ہونے والی عمارت میں کئی لوگ جل مرے۔ انڈونیشیا کے احتجاجی اور غصہ ور عوام کو اس بات کا بھی غم و طیش ہے کہ اسی جمعہ کو متکبر پولیس کی ایک گاڑی نے ایک غریب اور دیہاڑی دار ٹیکسی ڈرائیور کو ٹکر مار کر ہلاک کر ڈالا تھا اور افسوس تک نہ کیا۔ اب پرابوسوبیانتو صاحب اس خونی سانحہ کی تحقیقات کروانے اور مرنے والے کے لواحقین کو مالی امداد فراہم کرنے کا اعلان کیا کر رہے ہیں، مگر عوام اس وعدے پر بھی یقین کرنے کو تیار نہیں ہیں۔ پاکستان میں بھی حکمرانوں کا یہی وتیرہ ہے۔ انڈونیشیا حکومت اور انڈونیشیائی صدر کے خلاف بپھرے انڈونیشیائی عوام کو اس بات کا بھی غصہ ہے کہ حکومت نے انڈونیشیائی پارلیمنٹ کے ارکان) جن کی تعداد 580 ہے (کی تنخواہوں میں یک بیک بے تحاشا اضافہ کر دیا ہے۔ یہ اضافہ ایک عام انڈونیشیائی سرکاری ملازم کی تنخواہ سے 10 گنا اور ایک عام انڈونیشیائی مزدور کی مزدوری سے 20 گنا زیادہ ہے۔ اس اضافے پر انڈونیشیا کے عوام تڑپ اٹھے ہیں اور وہ بلند آواز سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ ان تنخواہوں میں کٹوتی کی جائے۔ احتجاج کناں انڈونیشیائی عوام کے ایک لیڈر (Gajayan Memanggil) کا کہنا ہے کہ ہم ملک کی مقتدر، بدمعاش اور بدعنوان اشرافیہ کو عوام کا خون مزید نہیں پینے دیں گے۔

انڈونیشیا کے عوام بہادر ہیں کہ اپنی طاقتور سیاسی و غیر سیاسی کرپٹ اشرافیہ کو للکار بھی رہے ہیں اور ان کی سرکاری مراعات کو کم کرنے کی جدوجہد کے لیے سڑکوں پر بھی ہیں۔ جب سے صدر پرابوسوبیانتو اقتدار میں آئے ہیں، انھیں پہلی بار اتنے بڑے عوامی احتجاج کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ یہ صاحب خیر سے سابق انڈونیشیائی جنرل ہیں۔ انڈونیشیا کے عوام کو ہم اس لیے بھی غیور اور بہادر کہہ سکتے ہیں کہ وہ اپنے سیکڑوں ارکانِ پارلیمنٹ کی تنخواہوں میں بے تحاشا اضافے پر حکومت کے خلاف سڑکوں پر ہیں، جب کہ یہ کام ہم پاکستان کے عوام نہیں کر سکے۔ فروری 2025 میں جب پاکستان کے سیکڑوں ارکانِ پارلیمنٹ کی تنخواہوں میں 300 فیصد اضافہ کیا گیا تو پورے پاکستان کے عوام کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی۔ اور جون 2025 میں اسپیکر قومی اسمبلی اور چیئرمین سینیٹ کی تنخواہوں میں 500 فیصد اضافہ کیا گیا تو بھی پاکستانی عوام خاموش ہی رہے۔

تو کیا اس خاموشی کا یہ مطلب ہے کہ پاکستانی عوام نے پاکستان کی منہ زور اشرافیہ کی نہ رکنے والی زیادتیوں پر صبر کر رکھا ہے؟ غربت و مہنگائی، بے روزگاری اور بے سروسامانی کے بڑھتے گراف پر پاکستان کے عوام کے دماغوں اور دلوں میں ہمہ قسم کے حکمرانوں، مقتدرین اور فیصلہ سازوں کے خلاف مسلسل غصہ اور طیش بڑھ رہا ہے، بالکل انڈونیشیا کے عوام کی مانند۔ رواں ماہ کے دوران پاکستان میں آٹے، گھی اور چینی کے نرخوں میں ایک بار پھر بے تحاشا اضافہ ہوا ہے، کیا عوام اسے مزید ٹھنڈے پیٹوں برداشت کر لیں گے؟ حیرانی کی بات یہ بھی ہے کہ مرکزی حکومت مسلسل کہہ رہی ہے کہ ملک میں مہنگائی کا گراف نیچے آیا ہے۔ ارے، کہاں اور کب نیچے آیا ہے؟ لگتا ہے اشرافیہ کبھی آٹا لون لینے باہر نکلی ہی نہیں۔ جب پنجاب سیلابی پانیوں میں غرقاب ہو رہا تھا اور پنجاب کے عوام کا کوئی پرسانِ حال نہیں تھا، عین ان ایام آزمائش سے چند دن پہلے ہمارے صوبائی حکمران بیرونِ ملک Pleasure Trip سے واپس آئے تھے۔

17 ہزار سے زائد جزائر پر آباد انڈونیشیا کے 29 کروڑ عوام کو اپنی کرپٹ پولیس، بے تحاشا مہنگائی اور ہر روز بڑھتے ٹیکسوں کے خلاف جو غصہ ہے، پاکستانی عوام کے قلوب میں بھی بالعموم ایسا ہی غصہ پنپ رہا ہے۔ ہماری اشرافیہ نے مگر اس عوامی پنپتے غصے پر اپنی آنکھیں بند کر رکھی ہیں۔ سیلابوں کی بے انت تباہ کاریوں کے سامنے مرکزی حکومت اور چاروں صوبائی حکومتیں) بشمول آزاد کشمیر و گلگت بلتستان (جس بری طرح سیلاب زدگان کی دستگیری کرنے میں ناکام ہوئی ہیں، اس منظر نامے نے عوامی غیظ و غضب کو دوچند کر دیا ہے۔

روایتی سیاسی بیانات

وزیراعظم شہباز شریف نے بارشوں اور سیلاب سے ہونے والی تباہیوں پر پھر کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث تمام صوبوں کی مشاورت سے آبی ذخائر کے سلسلے میں فیصلے کریں گے اور موثر پالیسی بنائیں گے۔ موسمیاتی تبدیلی ایک حقیقت ہے جس کے لیے موثر تیاریوں سے ہی قدرتی آفات سے بچا جا سکتا ہے یہ قومی مسئلہ ہے جس پر مل کر کام کرنا ہوگا ورنہ سیلابی و برساتی تباہیوں کا ہر سال یہی حال رہے گا۔

وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ آبی گزرگاہوں پر تعمیرات کی اجازت دیں گے نہ معاوضہ، غیر قانونی تعمیرات کا ازالہ نہیں ہوسکتا۔ عالمی بینک نے لاہور کو سب سے زیادہ خطرے سے دوچار شہر قرار دے دیا ہے۔ سندھ سے تعلق رکھنے والے پی پی چیئرمین کو بھی ماننا پڑا ہے کہ ہم موسمی تبدیلیوں کے نشانے پر ہیں اب ہر منصوبہ ماحولیات کو مدنظر رکھ کر بنانا ہوگا۔ اسپیکر قومی اسمبلی کا کہنا ہے کہ سیلاب کی حالیہ تباہ کاریاں 2022 سے زیادہ ہیں اور دریاؤں کے سکڑنے اور دریاؤں میں تجاوزات کے قیام نے سیلاب کی شدت کو بڑھایا جس کی وجہ سے موسمی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والا واحد ملک پاکستان بن گیا ہے۔

حکومتی وزرا نے بھی کوئی نئی بات نہیں کی اور دو تین ماہ سے

تحریر: حمدان عبداللہ

کے پی میں دریاؤں کے کنارے تجاوزات ہاؤسنگ منصوبوں اور غیر قانونی تعمیرات کی باتیں دہرائی ہیں جو کے پی سے متعلق مسلسل میڈیا اور عوامی حلقوں میں بلند ہوتی آ رہی ہیں۔ انھوں نے تسلیم کیا کہ دریاؤں کے کنارے ہوٹل، تجاوزات اور سارے ریزورٹس امیروں کے ہیں کسی غریب کا کوئی ہوٹل تک نہیں مگر حیرت ہے کہ وہاں طاقتوروں کو غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات کے قیام کے لیے این او سی مل جاتی ہے۔

وزیر موسمیاتی تبدیلی کے مطابق وزیراعظم نے اب واضح پیغام دے دیا ہے کہ اب ریاست ایسے بااثر افراد کے آڑے آئے گی۔ ایسے بیانات 2022 میں پی ٹی آئی حکومت میں بھی سامنے آئے تھے اور تین سال بعد اب موجودہ حکومت میں بھی سامنے آئے ہیں اور اس سے قبل بھی جس حکومت میں سیلابی اور برساتی تباہ کاریاں ہوتی تھیں حکمرانوں کی طرف سے ایسے ہی انتہائی اعلانات سامنے آتے تھے مگر بعد میں صورت حال بہتر ہونے، متاثرین کی مالی امداد اور سرکاری طور پر غریبوں کے گھر، فصلیں تباہ ہو جانے پر حکومتیں عارضی اقدامات کر کے اپنے اعلانات بھول جاتی تھیں جواب پھر ملک گیر تباہی پر دیے جا رہے ہیں اور کچھ عرصے بعد ہونا وہی ہے جو ہوتا آیا ہے اور ہمیشہ غریب لوگ ہی اپنے اوپر گزرنے والی تباہی کو یاد رکھتے ہیں اور ابھی وہ سنبھل بھی نہیں پاتے کہ پھر موسم رنگ بدلتا ہے اور بارشوں و سیلابوں کا سلسلہ پھر سامنے آتا ہے اور یہ سلسلہ سالوں سے جاری ہے کبھی حکومتیں بدل جاتی ہیں مگر سیلابی متاثرین کی قسمت کبھی نہیں بدلتی۔ چار عشروں سے سنا جا رہا ہے کہ ملک میں آبی ذخائر کی شدید کمی اور نئے ڈیموں کی اشد ضرورت ہے کیونکہ سیلابوں میں بڑی مقدار میں پانی ضایع ہوتا آ رہا ہے

ڈیم بنائے جائیں

پچھلے کئی سالوں سے عالمی سطح پر یہ کہا جاتا رہا ہے کہ آئندہ جنگیں پانی کے مسئلے پر ہوا کریں گی، یعنی اگلے چند سالوں میں خشک سالی کے سبب یا بارشیں کم ہونے کے سبب دنیا کے کئی ممالک صاف پانی کی کمی کا شکار ہو جائیں گے اور ہوسکتا ہے پانی نہ ملنے کی وجہ سے یہ ممالک آپس میں لڑ پڑیں گے۔

انھیں اپنی زرعی زمینیں خشک ہوتی نظر آنے لگے گی اور وہ قحط کی خوف سے ایک دوسرے پر حملہ آور ہو سکتے ہیں۔ ابھی پچھلے دنوں ہمارے ازلی دشمن بھارت نے ہمارا پانی روکنے کا جب عندیہ دے ڈالا تھا تو ہم کس طرح سیخ پا ہوگئے تھے اور سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی پر عالمی سطح پر شور مچانا شروع کر دیا تھا۔ ہمیں خطرہ لاحق ہونے لگا تھا کہ پانی روکے جانے کی صورت میں ہمارا کسان بے روزگار ہو جائے گا اور سارا ملک غذائی اجناس کی کمی کا شکار ہو جائے گا۔ ہمیں اس کی اس دھمکی میں اپنی موت نظر آنے لگی تھی لیکن وہ مرحلہ ابھی آیا نہیں تھا کہ اس خطے میں قدرت کی مہربانیوں کی وجہ سے اس قدر زیادہ بارشیں ہونے لگیں کہ ہمیں سیلابی صورتحال کا سامنا ہونے لگا۔ ایسے میں بھارت نے اپنا اضافی پانی بھی پاکستان کی طرف دھکیل دیا اور ہم ایک بار پھر واویلا مچانے لگے کہ یہ ایک آبی جارحیت ہے۔ ہم وہ قوم ہیں جو کسی حال میں خوش نہیں ہوتی۔ بھارت پانی روک دے تو بھی اور وہ پانی چھوڑ دے تو بھی۔ دنیا میں یہ ہوتا آیا ہے کہ جب بارشیں زیادہ ہوا کرتی ہیں تو ڈیموں کو بچانے کے لیے اس کے کچھ اسپیل کھولنے پڑ جاتے ہیں۔ ورنہ خطرہ ہوتا ہے کہ کہیں پانی کے زیادہ دباؤ کی وجہ سے ڈیم کو نقصان نہ پہنچ جائے، اگر اسپیل نہ کھولے گئے اور ڈیم ٹوٹ جائے تو بہت زیادہ تباہی ہو سکتی ہے۔

اس سال ہم نے پہلے کی طرح اپنے کچھ ڈیموں کے اسپیل اسی خطرے کی وجہ سے کھولے ہیں اور بھارت نے بھی شاید یہی کچھ کیا ہے۔ مگر ہم نے ہمیشہ کی طرح اپنی نااہلی کی ذمے داری اس بار بھی بھارت کے اسپیل کھولے جانے پر ڈال دی۔ دنیا ہماری اس چیخ و پکار پر کچھ نہ بولی کیونکہ وہ جانتی ہے کہ اسپیل کھولنا ہر اس ملک کا استحقاق ہے جس نے یہ ڈیم بنائے ہیں۔ ہم اسے آبی جارحیت کا نام دیں یا کچھ اور لیکن ہم اس پانی کو روک نہیں سکتے تھے۔ پانی بند کر دینے کی صورت میں سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی پر ہم اس کے ساتھ جنگ لڑ سکتے تھے یا اسکے ڈیموں کو بم سے اڑا سکتے تھے لیکن یاد رہے کہ اسپیل کھولے جانے پر ہم اس کے خلاف کچھ نہیں کر سکتے ہیں۔ ہمیں خود اپنے طور پر اس سیلابی پانی سے بچاؤ کے انتظامات کرنا چاہیے تھے۔

دو برس قبل جب کچھ ایسی ہی صورتحال کے سبب پنجاب اور سندھ میں سیلاب نے زبردست تباہی مچادی تھی اور لاکھوں گھر تباہ ہوگئے تھے اور دنیا ہمارے شور کو سن کر ہماری مدد کو بھی آ پہنچی تھی۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل کی ذاتی کوششوں سے کئی ارب ڈالرز بھی امداد کی شکل میں مل گئے تھے لیکن دنیا ہر سال اس طرح ہماری مدد ہرگز نہیں کر سکتی ہے۔ ڈیموں کی تعمیر کے خلاف احتجاج کرنے والوں کو اب سوچنا ہوگا کہ ہم کب تک ایسی صورتحال کا سامنا کرتے رہیں گے۔ جو بڑے ڈیمز ایوب خان کے دور میں بنائے گئے تھے ہم آج تک انھی پر اکتفا کیے ہوئے ہیں۔

اس کے بعد جب بھی کسی اور بڑے ڈیم کی تعمیر کی بات کی جاتی ہے سندھ اور خیبر پختون خوا سے اس کے خلاف آوازیں بلند ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ یہ آوازیں اس قدر سخت اور سنگین ہوتی ہیں کہ ملک کی سالمیت کو خطرہ لاحق ہونے لگتا۔ لاشوں پر سے گزر جانے کی باتیں کی جانے لگتی ہیں۔ کالاباغ ڈیم چالیس سال پہلے تجویز کیا گیا تھا اور آج تک بن نہیں پایا۔ کسی جمہوری حکمران تو کیا کسی غیر جمہوری حکمران نے بھی ہمت دکھانے کی کوشش نہیں کی۔ ذرا سوچا جائے کہ اس ملک کو ایک نہیں اب کئی بڑے ڈیموں کی اشد ضرورت ہے۔ وہ اگر نہ بنے تو ہم ہر سال ایسی ہی تباہی سے دوچار ہوتے رہیں گے۔ کلائمیٹ چینج کے اثرات ہمارے لیے ایک چیلنج بن چکے ہیں۔ ہم نے ابھی بھی ہوش کے ناخن نہ لیے تو پھر کوئی بھی ہماری مدد کو نہیں آئے گا۔ سیلابی آفات سے بچنے کا واحد راستہ پانی کے وافر اور بڑے بڑے ذخائر بنانے میں مضمر ہے۔ ہم نے ذخائر بنانے کے بجائے سیلابی پانی کی گذرگاہوں کو اور بھی چھوٹا اور مختصر کر دیا ہے۔

دریاؤں کے راستوں پر مکانات اور بستیاں آباد کر لی ہیں۔ ہم سمجھ بیٹھے تھے یہ دریا اب خشک ہو چکے ہیں اور شاید پھر سے کبھی بھی نہیں بھریں گے۔ دریائے چناب، ستلج، جہلم اور دریائے راوی کے ساتھ بھی ہم نے یہی سلوک کیا۔ اِن دریاؤں کو ہم نے اس قدر چھوٹا کر دیا اور وہاں سیوریج کا پانی بھی داخل کر دیا کہ اب ذرا سے اضافی پانی سے وہ کناروں سے باہر نکل آئے۔ راوی کو خشک ہوتا دیکھ کر وہاں ایک نئی بستی بلکہ ایک نیا شہر آباد کرنے کی ٹھان لی۔ RUDA کے نام سے ایک ایسی اتھارٹی بنا ڈالی کہ لاکھوں ایکڑ پر مشتمل جس میں زرعی زمینیں بھی شامل تھیں سوسائٹی بنانا شروع کر دی۔ ہمارے ایک سابق وزیراعظم خود اس منصوبے کو لے کر اتنے جذباتی ہوگئے کہ اس کی پبلسٹی بھی میڈیا پر آ کر کرنے لگے۔ وہ اسے اسلام آباد سے بھی اچھا ایک نیا شہر کا نام دے رہے تھے اور سارا کریڈٹ بھی اپنے نام کرنے لگے تھے۔ اس منصوبے کی تشہیر اس لیے بھی کی جا رہی تھی کہ غریب اور معصوم عوام بھی اس کے دھوکے اور شکنجے میں آ کر اپنی جمع پونجی اس میں لگانے لگے۔ آج وہ سارا منصوبہ دریا برد ہو چکا ہے اور منصوبے کے کرتا دھرتا ایک دوسرے کو الزام دینے میں لگے ہوئے ہیں۔ سیلابی پانی کچھ دنوں میں بستیاں اجاڑ کر سمندر میں جا گرے گا اور ہم اسے محفوظ بنا کر اپنی زراعت کے استعمال سے بھی محروم رہ جائیں گے۔

ہم ویسے سارا سال پانی کی کمی کا رونا روتے ہیں لیکن جب قدرت اپنی فیاضی دکھاتے ہوئے ہمیں وافر مقدار میں پانی فراہم کرتی ہے تو ہم اسے لاکھوں لوگوں کے لیے ذخیرہ بھی نہیں کر پاتے۔ ہم نے اپنی زرعی زمینوں کو بھی مکانوں اور سوسائٹیوں کی تعمیر کے لیے استعمال کر لیا ہے۔ قدرت نے تو ہمیں بے تحاشا نعمتوں سے نوازا تھا، مگر ہم نے اس کی قدر نہیں کی۔

آج یہ سیلابی پانی کو بھی ہم اگر ایک نعمت سمجھ کر ذخیرہ کر دیتے تو ہم سے بڑا خوش نصیب کوئی اور نہیں ہوتا۔ ہوسکتا ہے کل قدرت ہماری اس ناشکری پر ہم پر یہ مہربانیاں روک دے اور ہم بوند بوند کو ترسنے لگیں جب ہمیں احساس ہوگا کہ ہم نے کس قدر کفران نعمت کیا تھا۔ ویسے بھی کلائمیٹ چینج مستقل ہمیں آنکھیں دکھا رہا ہے۔ آج اگر بارشیں ہو رہی ہیں تو ہوسکتا ہے کل خشک سالی دروازے پر آ کھڑی ہو۔ پھر ہمارے پاس پچھتاوے کے سوا کچھ باقی نہ رہے گا۔ ہمیں ابھی سے آئندہ آنے والے حالات کے لیے تیار رہنا ہوگا۔ بڑا دکھ ہوتا ہے یہ دیکھ کر جب یہ صاف پانی دریاؤں سے گزر کر سمندر میں جا گرتا ہے۔ ہمیں اب سنجیدگی سے اپنے طرز عمل پر غور کرنا چاہیے اور ڈیم بنانے کی مخالفت چھوڑ کر کسی مستقل حل پر تیار ہونا پڑے گا۔ ایسے ڈیم بنانے ہوں گے جن سے ہم سارا سال مستفید ہوتے رہیں اور اپنی زمینوں کو خشک سالی سے بچاتے رہیں۔

آبی جارحیت

سچ پوچھیے تو اب ذہن میں صرف سوالات ہی سوالات ہیں۔ ہر طرح بلکہ ہر نوعیت کے بدرنگے، کڑوے سوال۔ گزشتہ چند دہائیوں سے طاقتور طبقہ نے زبردستی ملک کو جو کچھ بنا ڈالا ہے اس صورت حال میں اب تو کسی لکھی ان لکھی بات کا جواب بھی نہیں چاہیے، ضرورت ہی نہیں رہی۔ اگر صرف حقیقت جاننے کی معمولی سی خواہش آپ کی زندگی شخصیت یا مستقبل پر سرخ نشان لگانے کا سبب بن جائے، تو پھر کون سا سچ اور کون سا جھوٹ؟ سب کچھ ٹھیک ہے بلکہ اتنا درست ہے کہ دم گھٹتا چلا جا رہا ہے۔ کافی عرصہ پہلے گزارش کر چکا ہوں کہ ملکی ٹی وی چینل بالکل نہیں دیکھتا۔ اکثریت کے غیر معیاری ہونے پر دو رائے نہیں۔ سیاست اور لفظی جگالی اب میڈیا کی عادت بن چکی ہے۔ بے مقصد سی لا حاصل گفتگو اب واقعی برداشت کرنا مشکل ہو چکا ہے۔ ہاں! سوشل میڈیا پر بہرحال نظر ڈال لیتا ہوں۔

آج کل ہر طرف سیلاب کی تباہ کاریوں کا ماتم ہو رہا ہے۔ مگر سوچنے کی بات ہے، کیا مون سون کی بارشیں اچانک ہوگئیں۔ نہیں صاحب بالکل نہیں، موسمیات کے تمام ماہرین عرصے سے ہر ایک کو آگاہ کر رہے تھے، اس بار غیر معمولی بارشیں ہوں گی۔ اس کا منطقی نتیجہ صرف اور صرف مہیب سیلاب ہوں گے۔

ہندوستان نے تو خیر کافی تیاری کر لی، لیکن کیا ہمارے ملک کے غیر سنجیدہ حکمرانوں اور ان کے طبلچیوں نے میڈیا پر آ کر قوم کو اعتماد میں لیا کہ قیامت صغریٰ برپا ہونے والی ہے؟ قطعاً نہیں۔ کیا ملک کی نوکر شاہی نے اپنے تئیں بھرپور تیاری کر لی کہ تباہ کن سیلاب کے دوران انسانی ہلاکتوں کو کیسے کم سے کم کیا جائے؟ دونوں جگہ ایسا رویہ دیکھنے کو ملا جسے کم سے کم منفی الفاظ میں ادنیٰ کہا جا سکتا ہے۔ آج بھی یہی صورت حال ہے۔ وزیراعظم کا حالیہ بیان کہ آبی ذخائر بنانے میں صوبوں میں مشاورت کا عمل اب ضروری ہے۔

شاید معاملات کی سنگینی کی ترجمانی نہیں کرتا۔ آپ تو اس ملک کے حکمران ہیں۔ سرکاری مشینری آپ کے ماتحت ہے، پھر اتنی تاخیر کیوں؟ کیا سیلابی علاقوں کا فضائی دورہ زخموں پر نمک چھڑکنے کے برابر نہیں؟ مگر صاحب! کسی قسم کی کوئی منصوبہ بندی نظر نہیں آتی۔ مگر ہمیں بتایا جا رہا ہے کہ حکومت اور سرکاری اداروں نے کمال حفاظتی

تحریر: قاضی عابد

انتظامات کیے ہیں اور آج بھی سیلاب میں ڈوبی ہوئی بدقسمت قوم کی خدمت جاری و ساری ہے؟ اس وجہ سے اب پوچھنا عجیب سا لگتا ہے۔ کہ اس مہیب صورت حال سے نپٹنے کی پیش بندی کیوں نہیں کی گئی؟ خیر دو چار لفظ لکھنے سے کیا فرق پڑتا ہے۔ پڑھنے کی نوبت اور پھر عمل کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

عرض کرتا چلوں کیا اس قیامت خیز آفت کا ملک کے بالائی طبقے پر کوئی اثر پڑا ہے؟ بالکل نہیں۔ کچھ دن پہلے لندن سے ایک تاریخ دان آئے ہوئے تھے۔ ان کے اعزاز میں لاہور کے ایک بہترین سماجی کلب میں ایک مختصر سی دعوت تھی۔ ہال میں ہم فقط چار پانچ افراد تھے جو اس تقریب میں شامل تھے۔ مگر پورا ہال جس میں سو کے قریب افراد کے کھانے کا معمول کا اہتمام تھا۔ کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ میک اپ میں لتھڑی ہوئی خواتین ہر عمر کے بچے مرد بوڑھے۔ ہر طرح کے لوگ موجود تھے۔ بتاتا چلوں کہ ان کا ہماری تقریب سے کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں تھا۔ بوفے میں ستر کھانے لگے ہوئے تھے۔ پاکستانی چائنیز اٹالین تھائی کونٹی نینٹل جنھیں شمار کرنا تک مشکل تھا۔ اکثر افراد حد درجے بدتہذیبی سے بوفے کی ٹیبل سے کھانے لے کر وہیں طعام شروع کر بیٹھے تھے۔ روایت کے مطابق میوزک بینڈ بھی موجود تھا۔ جہاں چند گائیک خاصے غیر مناسب طریقے سے اچھے گانوں کا اپنی آواز سے تیا پانچا کرنے میں مصروف تھے۔ ہر طرف خوشی کا ماحول تھا۔ ایسا لگ رہا تھا کہ اس ملک میں کوئی قدرتی آفت صدیوں سے نازل ہی نہیں ہوئی۔ دل چاہتا تھا کہ گلا پھاڑ پھاڑ کر بتاؤں کہ جناب یہ رنگ رلیاں تو دہائیوں سے چل رہی ہیں۔ کلب سے صرف پندرہ میل دوری پر دریائے راوی قیامت برپا کر چکا ہے۔ لوگ دربدر ہو چکے ہیں۔ مگر شاید میری آواز کوئی سننے کے لیے تیار نہ ہوتا۔ دو گھنٹے بعد غیر ملکی مہمانوں کے ہمراہ باہر آیا تو ان کو ایک ہی سوال تھا، کیا واقعی آپ کے ملک میں پانی بربادی برپا کر چکا ہے؟ اگر سچ ہے؟ تو پھر شہر کے یہ لوگ اتنے بے حس کیوں ہیں کہ انھیں کسی کی خوشی اور سوگ کچھ بھی نظر نہیں آ رہا؟ میرے پاس اس مشکل سوال کا کوئی جواب نہیں تھا۔ مجھے تو ایسا لگا کہ لوگ خوش ہو کر واقعی کہہ رہے ہیں۔ سیلاب مبارک! پانی مبارک؟

سامنے کی بات ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں دہشت گردی کی ایک بھیانک واردات کے بعد ہندوستان نے سندھ طاس معاہدہ معطل کر دیا۔ لفظوں کا تیر پھر سے۔ انھوں نے اسے عملی طور پر مؤثر کر ڈالا۔ اگر اس شدید ناانصافی کے جواب میں پاکستان کی حکومت نے کیا اقدام اٹھائے؟ چند لکھے لکھائے بیانات اور محدود سا احتجاج اس کے علاوہ کیا ہوا۔ کیا یہ لازم نہیں تھا کہ کسی بڑے طاقتور فریق کو شامل کر کے ہندوستان سے پانی اور صرف سندھ طاس معاہدے کی بحالی پر دلیل سے مذاکرات کیے جاتے۔ مگر ایسا کچھ بھی نہیں ہوا۔ اول تو کوئی بھی کامیاب ملک ہمارے تنازعات کو گود لینے کے لیے تیار نہیں ہے۔

اگر آج امریکا اپنے فائدے کے لیے ہندوستان سے دوری اختیار کیے ہوئے ہے۔ تو اس سے ہمارا کوئی مفاد حل نہیں ہوگا۔ امریکی قیادت صرف اور صرف اپنے ملکی مفادات کی حفاظت کرتی ہے۔ ہمارے جیسے ملک ان کے مفادات کی حفاظت کرنے کے لیے اپنی سلامتی تک کھو دیتے ہیں۔ ہنری کسنجر کی یہ بات بالکل درست ہے۔ کہ امریکا کی دشمنی خطرناک ہے۔ مگر اس کی دوستی اس سے بھی زیادہ خطرناک ثابت ہوتی ہے۔ یہ بات ہمیں بھی سمجھ نہیں آتی۔ بات سندھ طاس معاہدے کی ہو رہی تھی۔ بامقصد مذاکرات کے بجائے ہمارے چند فارغ العقل افراد نے یہاں تک فرمایا کہ اگر ہندوستان نے ہمارے حصے کا پانی روکا تو ہم اس کے آبی ذخائر اڑا دیں گے۔ ان کو ادراک ہی نہیں تھا کہ ایسے فلسفے کی کار بند ہندوستانی حکومت آبی جارحیت کو ایک نئے رخ سے پیش کرے گی۔ یہی ہوا۔

کوئی پرسان حال ہو تو کہوں

ہر سال مون سون کے موسم میں بارشیں جب غیر معمولی طور پر شدت اختیار کر لیں تو دریاؤں اور ندی نالوں میں پانی کا بہاؤ نہ صرف حد سے تجاوز کر جاتا ہے بلکہ رفتار کی تیزی کے باعث کناروں اور بندوں کو توڑتا ہوا باہر نکل کر آبادیوں کو بھی ڈبو دیتا ہے۔ گزشتہ ماہ خیبر پختونخوا، کشمیر، گلگت بلتستان، پنجاب اور سندھ میں شدید بارشوں اور گلیشیئر کے پگھلنے کے باعث سیلابی صورت حال پیدا ہوگئی تھی۔

سیکڑوں لوگ موت کے منہ میں چلے گئے، گھر سے بازار، اسکول یہاں تک کہ پورے پورے دیہات پانیوں میں ڈوب گئے، ان کا نام و نشان تک مٹ گیا۔ جانی نقصان کے ساتھ ساتھ لوگوں کو مالی نقصانات بھی برداشت کرنا پڑے۔ صوبائی حکومتوں اور وفاقی حکومت نے اپنی بساط کے مطابق سیلابی صورت حال سے نمٹنے کی مقدور بھر کوششیں کیں جس میں پاک فوج نے امدادی کاموں میں حسب سابق اپنا کردار احسن طریقے سے ادا کیا۔ محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق رواں ماہ میں بھی خطرناک بارشوں کا سلسلہ جاری رہے گا اور سیلابی صورت حال میں شدت پیدا ہو سکتی ہے۔

ابھی قوم گزشتہ بارشوں کے المیے سے پوری طرح سنبھل بھی نہ پائی تھی کہ بھارت نے آبی جارحیت کا ارتکاب کرتے ہوئے دریاؤں میں پانی چھوڑ دیا۔ مئی 2025 کی جنگ میں پاکستان نے بھارت کو جس عبرت ناک شکست سے دوچار کیا تھا وہ اس کے زخم آج تک چاٹ رہا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ دشمن شکست کھانے کے بعد بدلے اور انتقام کی آگ میں جلتا رہتا ہے، بھارت بھی آج کل اسی کیفیت سے گزر رہا ہے۔

پہلگام سانحے کی آڑ میں اس نے پاکستان پر نہ صرف جنگ مسلط کی بلکہ سندھ طاس معاہدہ معطل کر کے پاکستان کا پانی روک لیا اور مودی سرکار کے ہمنوا دعوے کرتے رہے کہ وہ پاکستان کو پانی کی بوند بوند سے ترسا دیں گے۔ عالمی ثالثی عدالت نے سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے پاکستان کے حق میں فیصلہ جاری کرتے

تحریر: جاوید سندھی

ہوئے واضح کیا کہ بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ معطل نہیں کر سکتا، اسے معاہدے کی تمام شقوں پر عمل درآمد کرنا ہوگا، لیکن بھارت نے ثالثی عدالت کے فیصلے کو ماننے سے بھی انکار کر دیا۔

اب جب شدید بارشوں نے بھارت میں تباہی مچائی اور پانی روکنا اس کے بس میں نہ رہا تو حسب سابق اس نے آبی جارحیت کا ارتکاب کرتے ہوئے پاکستان آنے والے تین دریاؤں راوی، ستلج اور بیاس میں پانی چھوڑ دیا جس نے پنجاب کے 50 فی صد سے زائد علاقوں کو سیلابی ریلوں میں ڈبو دیا۔ سیکڑوں دیہات ڈوب گئے، کھڑی فصلیں برباد ہوگئیں، مال مویشی تیز سیلابی ریلوں میں بہہ گئے، لوگ محفوظ مقامات پر محصور ہوگئے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سیلابی علاقوں کا دورہ کر کے صورت حال کا جائزہ لیا اور متاثرین کو ہر ممکن امداد فراہم کرنے کے سخت احکامات دیے۔

پنجاب کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں مقامی انتظامیہ کی امدادی ٹیموں کے ہمراہ پاک فوج کے جوان بھی اپنی روایتی خدمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے لوگوں کی بھرپور امداد کر رہے ہیں۔ پنجاب کے سیلاب سے شدید متاثرہ علاقوں میں گوجرانوالہ ڈویژن، سیالکوٹ، سرگودھا، لاہور، جھنگ، چنیوٹ، حافظ آباد، لودھراں وغیرہ شامل ہیں۔ دریائے راوی، ستلج اور چناب میں اونچے درجے کا سیلاب ہے۔ بعض اضلاع اور علاقوں کو سیلاب سے بچانے کے لیے بند توڑ دیے گئے۔ ہیڈ قادر آباد کے علاقے کو سیلابی ریلوں سے محفوظ رکھنے کے لیے دریائے چناب کے دو بند توڑنے پڑے۔ محکمہ موسمیات نے سندھ میں بھی شدید بارشوں اور سیلاب کی پیش گوئی کی ہے ملک کے صنعتی حب کراچی میں بھی اربن فلڈ کا خطرہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے ہنگامی سیلابی صورت حال سے نمٹنے کے لیے تمام متعلقہ حکام اور اداروں کو ہائی الرٹ کرتے ہوئے ضروری ہدایات دے دی ہیں۔ بارشیں اور سیلاب ہر سال آتے ہیں اور قوم کو ایک نئی آزمائش میں ڈال دیتے ہیں۔ حکمران ہر سال دعوے کرتے ہیں کہ بارشوں اور سیلاب سے نمٹنے کے لیے فول پروف اقدامات کر رہے ہیں اور پانی ذخیرہ کرنے کے لیے چھوٹے بڑے ڈیمز بنائیں گے، موسمی تبدیلیوں سے پیدا صورت حال سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں گے، لیکن افسوس کہ سارے دعوے اور وعدے صرف اخباری بیانات تک محدود رہتے ہیں۔ سیلابی پانی اترتے ہی حکمرانوں کے دعووں کا بھی بھرم اتر جاتا ہے اور لوگ ہر سال سیلابی پانیوں میں ڈوب جاتے ہیں۔

معیشت کیسے مستحکم ہوگی؟ کب تک ہم غیر ملکی امداد کے سہارے جئیں گے؟ وزیراعظم شہباز شریف نے فرمایا کہ موسمیاتی تبدیلی اور مون سون کے اثرات سے بروقت نمٹنے کے لیے موثر پالیسی تیار کی جائے گی۔ تمام صوبوں کی مشاورت سے آبی ذخائر بنائیں گے۔ کیا کالا باغ ڈیم بن جائے گا؟ افسوس کہ ہر قومی مسئلے کو بھی سیاسی رنگ دے کر سرد خانے میں ڈال دیا جاتا ہے۔ اگر حکمرانوں نے ہوش کے ناخن نہ لیے تو سیلابی ریلے ساری معاشی ترقی بہا کر لے جائیں گے۔ عوام تو مجبور و بے بس ہیں بقول شاعر:

کوئی پرسان حال ہو تو کہوں

ایس سی او سمٹ

چین کے شہر بیجنگ میں آج یکم ستمبر کو ایس سی او سمٹ ہو رہی ہے جس میں تقریباً دنیا بھر کے سربراہان مملکت شریک ہیں اور خطاب بھی کریں گے۔ ایک ایسے حالات جب اسرائیل فلسطین میں معصوم فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے۔ خطہ جنگ کی لپیٹ میں ہے۔ شام لبنان ایران یمن اور دیگر ممالک اسرائیلی بربریت کو دیکھ بھی رہے ہیں اور سہہ بھی رہے ہیں۔ روس اور یوکرین تنازعہ پوری شدت سے جاری ہے اور بھارت کی پاکستان میں دہشت گردی و سرحدوں پہ جارحیت کی کوششیں بھی جاری ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارت ظلم کے پہاڑ توڑے رہا ہے۔ افغان سرزمین اور افرادی قوت پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہو رہی ہے اور کشیدہ صورتحال کا سامنا پورے خطے کو ہے۔ ان غیر معمولی حالات میں جہاں سربراہان مملکت کی ایک جگہ موجودگی ہے کو مل کر دنیا کے امن کے لیے کام کرنا ہوگا۔ بھارت اور اسرائیل جیسے ممالک کو لگام ڈالنی ہوگی جو ریاستی دہشت گردی کے مرتکب ہیں۔ فلسطینیوں اور کشمیریوں کے قاتل پاکستان میں معصوم و بے گناہ افراد کو قتل کروانے کے لیے دہشت گردی کو ریاستی پالیسی کے طور پر اپنی دہشت گرد تنظیموں اور پراکسیز کی مدد سے دوسرے ممالک کی خود مختاری اور امن کے لیے مشکلات پیدا کر رہے ہیں۔ ایس سی او سمٹ میں ان تمام ممالک جن کی سرزمین

تحریر: سمیر قریشی

سے جارحیت اور دہشت گردی ہو رہی ہے کو روکنے کے لیے خاطر خواہ اقدامات اٹھانے ہونگے۔ دنیا کے پاس بھارتی دہشت گردی کے ثبوت بھی موجود ہیں اور اسرائیلی درندگی کو تو پوری دنیا دیکھ رہی ہے۔ دنیا کے امن کے لیے خطرہ بننے والے ممالک کی سرزنش ضروری ہے اور ایسے ممالک پہ اقتصادی پابندیاں لگا کر ان کا سوشل بائیکاٹ کیا جائے۔ تاکہ وہ مجبور ہو کر اپنی دہشت گردانہ پالیسیز پہ نظر ثانی کریں۔ چین ایک ابھرتی ہوئی طاقت ہے اور اس وقت وہ طاقتور ممالک کے سربراہان کے ساتھ مل کر دہشت گردی کے خلاف ایک متحدہ لائحہ عمل دے سکتا ہے۔ خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کو روکنے کے لیے سنجیدہ اقدامات اٹھانے ہونگے۔ بھارتی فنڈڈ دہشت گردی نے پاکستان کی معیشت کو نقصان پہنچایا ہے اور اب بھی بھارت باز نہیں آ رہا۔ دنیا کے سنجیدہ ممالک بھارتی دہشت گردی کو روکیں اگر بھارت نے اپنی روش کو نہ بدلا تو حالات کشیدگی کی طرف جائینگے اور بھارت کو سخت جواب دیا جائے گا۔ اس وقت پاکستان میں فل فلیج پراکسی وار کو مسلط کر دیا گیا ہے جس میں بھارت دہشت گردوں کو سپورٹ کر رہا ہے۔ بھارت کا اسٹریٹجک پارٹنر اور معصوم و بے گناہ فلسطینیوں کا قاتل اسرائیل بھی بھارت کے ساتھ مل کر پاکستان کے خلاف دہشت گردی میں بھارت کی معاونت کر رہا ہے۔ ان تمام حالات سے پاکستان بے خبر نہیں رہ سکتا۔ دنیا بھارت کی شرانگیزی کو روکے اور بھارت کے افغانستان میں موجود دہشت گردوں کی تربیت گاہوں کو ختم کیا جائے۔ افغان حکومت کو بھی اپنی سرزمین کے پاکستان کے خلاف استعمال کو روکنا ہو گا۔ پاکستانی وزیراعظم شہباز شریف اور بھارتی وزیراعظم نریندر مودی بھی اس کانفرنس میں دیگر عالمی رہنماؤں کے ہمراہ ایس او سی میں موجود ہیں۔ اس پلیٹ فارم سے بھارتی دہشت گرد پالیسیز کو ایکسپوز کرنا ضروری ہے۔ خطے میں قیام امن کے لیے سربراہان مملکت اپنا کردار ادا کریں۔ امریکہ اسرائیل کی پشت پناہی چھوڑ کر فلسطین میں قیام امن کو یقینی بنائے اور اسرائیلی درندگی کو روکے۔ کشمیر میں بھارتی ظلم کو روکے اور مظلوم کشمیریوں کو استصواب رائے کا حق دے۔ کشمیر میں لاگو کیے گئے کالے بھارتی قوانین کو ختم کروانے۔ پاک بھارت کشیدگی اور مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے سنجیدہ کوششوں کے آغاز کی ضرورت ہے۔ خطے کے لوگوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے خطے میں قیام امن کے لیے ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے۔ ایس او سی کانفرنس ایک موقعہ ہے

پاکستان کی قومی سلامتی

پاکستان کی قومی سلامتی کا ایک بنیادی نقطہ یہ ہے کہ انتہا پسندی اور دہشت گردی کا خاتمہ کیسے کرنا ہے۔ اس کا ایک پہلو یہ ہے کہ دہشت گردی ایک بڑا قومی مسئلہ ہے جو کئی دہائیوں سے درپیش ہے۔

دہشت گردی کے معاملات کا تعلق داخلی، علاقائی اور عالمی سیاست سے بھی جڑا نظر آتا ہے۔ دہشت گردی کے معاملات کو قومی، علاقائی اور گلوبل فریم ورک میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔

ریاست اور حکومت کئی برسوں سے اس اہم نقطہ پر زور دے رہی ہیں کہ بھارت اور افغانستان سے پاکستان کے خلاف نہ صرف پراکسی جنگ لڑی جا رہی ہے بلکہ جو بھی دہشت گرد تنظیمیں ہیں، ان کی سرپرستی اور سہولت کاری بھی ان ممالک سے ہو رہی ہے۔ ہم نے دہشت گردی کی جنگ میں بے شمار قربانیاں دی ہیں اور اس جنگ کے خاتمہ میں کافی کامیابیاں بھی ملی ہیں مگر یہ چیلنج بدستور موجود ہے اور ختم نہیں ہو رہا۔

حالیہ کچھ عرصہ میں صوبہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کے تواتر سے ہونے والے واقعات نے ایک بار پھر اس مسئلہ کی سنگینی کو اجاگر کیا ہے۔ ریاست کی رٹ کو جس انداز سے ان دونوں صوبوں میں دہشت گردوں نے چیلنج کیا وہ واقعی ایک بڑے خطرے کی نشان دہی کرتا ہے۔ دہشت گردی کے تناظر میں کچھ داخلی

تحریر: سلمان عابد

وجوہات ہیں۔

ان میں حکومتی اداروں کی غیر فعالیت اور عدم صلاحیت، صوبائی حکومتوں کی ناقص کارکردگی اور جوابدہی کا نظام نہ ہونا، عدالتی نظام کی کمزوری اور سیاسی اتفاق رائے میں کمی جیسے اہم مسائل موجود ہیں۔ اس لیے ہم دہشت گردی کے ساتھ ساتھ اپنے داخلی مسائل کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔ یہ جو ہم نے نیشنل ایکشن پلان اور قومی سیکیورٹی پالیسی بھی تشکیل دی ہوئی ہے اور معاملات کی نگرانی اور فیصلوں کی شفافیت کے لیے قومی، صوبائی اور ضلعی سطح پر اپیکس کمیٹیاں تشکیل دی ہوئی ہے جس کی سربراہی وفاق اور صوبوں کی سطح پر وزیراعظم اور وزیراعلیٰ اور ضلعی سطح پر ڈسٹرکٹ مینجمنٹ جس میں سول اور عسکری اداروں کے سربراہان شامل ہوتے ہیں لیکن ان کی فعالیت اور فوری فیصلوں سمیت عملدرآمد کے نظام میں بہت سی خامیاں دیکھنے کو مل رہی ہیں۔

اس وقت بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گرد جدید ہتھیاروں سمیت نئی ٹیکنالوجی بشمول ڈرون کو بھی استعمال کر رہے ہیں یعنی اب دہشت گردوں کے پاس بھی ڈرون ٹیکنالوجی موجود ہے۔ وہ اسے دہشت گردی میں اب کھل کر استعمال کر رہے ہیں۔ یہ عمل ظاہر کرتا ہے کہ دہشت گردوں کی جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی صلاحیت بڑھی ہے اور اس نے ہماری ریاست کے لیے نئی مشکلات پیدا کی ہیں۔ مقامی آبادی میں خوف کی فضا طاری ہے اور مقامی آبادی کو لگتا ہے کہ ان کے لیے غیر یقینی صورتحال میں مزید اضافہ ہوا ہے۔

گزشتہ کئی ہفتوں سے خیبر پختونخوا کے قبائلی علاقوں میں دہشت گردوں کی جانب سے حملوں میں اضافہ دیکھنے کو مل رہا ہے جن میں ہمارے جوان، سیکیورٹی فورسز اور مقامی لوگوں کی شہادتیں بھی ہوئی ہیں۔ اس لیے دہشت گردی کے واقعات اور اس میں سامنے آنے والے نئے رجحانات چیلنجز پیدا کر رہے ہیں۔ اسی طرح مسئلہ محض ٹی ٹی پی ہی نہیں بلکہ نئے اور گروپس بھی مختلف ناموں کے ساتھ میدان میں موجود ہیں جو ریاست کی رٹ کو مختلف انداز میں چیلنج کر رہے ہیں۔ یہی صورتحال بلوچستان کی بھی ہے جہاں مقامی سہولت کاری کی وجہ سے دہشت گردی میں اضافہ دیکھنے کو مل رہا ہے۔ وفاقی حکومت اور دونوں صوبائی خیبر پختونخوا اور بلوچستان کی حکومتوں کے درمیان بھی رابطہ کاری اور حکمت عملی میں تضاد نظر آتا ہے۔ باجوڑ آپریشن پر بھی صوبائی حکومت کی ڈھلمل پالیسی اور صوبائی سیاسی جماعتوں کی حکمت عملی میں تضاد ہے۔

امریکی وفد کے دورے کے بعد طالبان عالمی سطح پر پہچان حاصل کرنے کے خواہاں

اب امریکہ کو قیامت تک دشمن نہیں سمجھیں گے، طالبان ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کا اعلان

کابل (این این آئی) واشنگٹن اور طالبان کے درمیان برسوں کی کھلی دشمنی کے بعد طالبان بین الاقوامی سفارتی منظرنامے پر قدم جمانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اپنی اسی کوشش میں طالبان امریکہ کی طرف اپنی سیاسی بیان بازی کو تبدیل کرنے کی کوشش بھی کر رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ پیش رفت ایک امریکی وفد کے کابل کے دورے کے بعد سامنے آئی جہاں طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے اعلان کیا کہ ان کی تحریک اب امریکہ کو قیامت تک دشمن نہیں سمجھے گی۔ طالبان نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کے ساتھ اچھے تعلقات قائم کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ انٹرویو دیتے ہوئے ذبیح اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ طالبان امریکہ کے ساتھ باضابطہ تعلقات چاہتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایسے تعلقات دونوں فریقوں کے مفاد میں ہیں۔ تاہم یہ بیانات اس بات پر سوال اٹھاتے ہیں کہ واشنگٹن کی اس حکومت کو جواب دینے کے لیے کس حد تک آمادگی ہے جس نے اپنی جابرانہ پالیسیوں کی وجہ سے ابھی تک کوئی بین الاقوامی شناخت حاصل نہیں کی ہے۔ خاص طور پر افغانستان میں خواتین اور نسلی اقلیتوں کے لیے پالیسیاں سخت ہیں۔ اگست 2021 میں افغانستان کا کنٹرول سنبھالنے کے بعد سے طالبان اپنی سخت پالیسیوں، اقتدار کی اجارہ داری اور خواتین کے حقوق اور تعلیم پر سخت پابندیوں کے نفاذ، تاجک اور ازبک نسلی اقلیتوں کو ملک سے نکالنے کی وجہ سے اپنی حکمرانی کے جواز کے لیے بین الاقوامی سطح پر شناخت حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں۔

بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے طاقت کے بجائے انصاف ضروری ہے، مولانا ہدایت الرحمان

لاپتہ افراد کی بازیابی اور عوامی مسائل کے حل سے ہی بلوچستان میں استحکام ممکن ہے، جماعت اسلامی

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بم دھماکے، قتل و غارت گری، خواتین گرفتاری مقدمات تشدد قابل مذمت ہے سیمورٹی فورسز اور حکومت دعوے، دھمکی اور بیانات کے بجائے امن قائم کریں۔ بلوچستان کے عوام کو کیڑے مکوڑے سمجھنے طاقت کے استعمال لوگوں کو غائب کرنے کی وجہ سے حالات خراب ہے۔ غلط ناروا ظالمانہ اقدامات طاقت کا استعمال بند کیا جائے۔ دہشت گردی کے ذریعے خوف و ہراس پھیلانا بھی دہشت گردی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ لاپتہ افراد کی بحفاظت بازیابی، بلوچستان کے عوام سے رویہ ٹھیک کرنے صوبے کے وسائل صوبے کے مظلوم عوام پر خرچ کرنے سے امن آسکتا ہے بدقسمتی سے بلوچستان میں حکومتی رٹ ہے نہ قانون پر عمل درآمد ہے صوبائی حکومت میں مسلط شدہ لاڈلے عوام پر مسلط ہے یہ عوام کے مسائل حل کرنے قانون سازی کے بجائے لانے والوں کی جی حضوری پر عمل پیرا ہے۔ کنٹرولڈ میڈیا کنٹرولڈ اسمبلی کی وجہ سے عوام کا حقیقی آواز عوامی مسائل دبائے گئے ہیں

کراچی، امیر البحر ایڈمرل نوید اشرف سے صومالیہ کے وزیر داخلہ علی یوسف ملاقات کر رہے ہیں

آزاد کشمیر ہائی کورٹ کا سی ایم ایچ راولاکوٹ کے ڈاکٹرز کی مقدمہ خارج کرنے کی درخواست مسترد

کلاس نہم کی طالبہ فضا خورشید کیس: عدالت کا ڈاکٹرز کی گرفتاری کا حکم، پولیس کو ایک ہفتے کی مہلت

مظفر آباد (یو این اے) آزاد کشمیر ہائی کورٹ نے سی ایم ایچ راولاکوٹ کے ڈاکٹرز کا مقدمہ خارج کرنے کی درخواست مسترد کردی مقتولہ طالبہ کی پیروی کرنے والے قانون دان عاصم ارشاد ایڈوکیٹ کے دلائل نے عدالت میں سکوت طاری کر ڈالا ہائی کورٹ میں ڈاکٹرز کی طرف سے پیروی کرنے والے وکیل سنیئر قانون دان راجہ سجاد ایڈووکیٹ عدالت میں پیش نہیں ہوئے مقتولہ طالبہ کی طرف سے عاصم ارشاد ایڈوکیٹ نے پیروی کی ہائی کورٹ کے جج اعجاز خان نے نو ماہ بعد حکومت کی طرف سے کمیشن بنانے پر بھی حیرت کا اظہار کیا جج نے گرفتاری نہ ہونے اور زمہ دار پولیس ایس ایچ او امجد ساقی چغتائی کی طرف سے عدالت میں پیش نہ ہونے پر بھی ناپسندیدگی کا اظہار کیا مقامی عدالت نے کلاس نہم کی طالبہ فضا خورشید کے مبینہ قتل میں ملوث سی ایم ایچ راولاکوٹ ہسپتال کے ڈاکٹرز کی گرفتاری کا حکم دیا تھا مگر ایس ایچ او راولاکوٹ امجد ساقی چغتائی کی طرف سے سہولت کاری سے فائدہ اٹھا کر ڈاکٹرز گرفتاری کا فیصلہ کالعدم قرار دلوانے ہائی کورٹ پہنچ گئے ایس ایچ او اور تھانہ راولاکوٹ امجد ساقی کی مصلحت پسندی نے ڈاکٹرز کی گرفتاری بچا ڈالی ایس ایس پی نے ڈاکٹرز کی گرفتاری کے لے ایس ایچ او کو تحریک کی تھی مقامی عدالت کے جج راجہ یوسف ہارون نے سی ایم ایچ راولاکوٹ کے ڈاکٹر ندیم ڈاکٹر طیبہ اور ڈاکٹر انیسہ عشیر کو گرفتار کرنے کا حکم دیا ڈاکٹروں کی مبینہ غفلت سے شیخ زید ہسپتال میں کلاس نہم کی طالبہ فضا خورشید کی میڈیکل رپورٹ سامنے آنے کے بعد عدالت نے واقعہ میں ملوث ڈاکٹروں اور اہلکاروں کو گرفتار کرنے کا حکم دے دیا عدالت نے حکم دیا کہ پولیس ایک ہفتہ میں ایف آئی آر میں نامزد ملزمان کو گرفتار کر کے عدالت میں پیش کرے جس پر ایس ایس پی نے ایس ایچ او کو تحریری حکم دے دیا فیصلہ قائم مقام ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اے جج پیس آف کورٹ راجہ یوسف ہارون نے دیا ہے

لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سعودی ڈیجیٹل سسٹم سے ہم آہنگی نہ ہونے پر 80 ہزار پاکستانی حاجیوں کا سفرِ حج غیر یقینی

مکہ، مدینہ، منیٰ اور عرفات میں حاجیوں کو ٹھہرانے کی اجازت نہ ملنے پر ہزاروں پاکستانی عازمین کا سفر حج مشکل ہوگیا ہے

کراچی (این این آئی) رواں سال 76 ہزار 80 ہزار پاکستانی حاجیوں کا حج خطرے سے دوچار ہوگیا ہے۔ حج ایک ایسا فریضہ ہے جسے ادا کرنے کے لیے لاکھوں مسلمان زندگی بھر کی کمائی میں سے بچت کرتے ہیں، خواب دیکھتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ انہیں اپنے گھر بلائے لیکن اس سال سعودی اتھارٹیز کی حج کے تمام امور کی ڈیجیٹلائزیشن سسٹم پر حکومت پاکستان کی وزارت مذہبی امور و حج کی جانب سے نجی حج آپریٹرز کو نئے خودکار سسٹم سے متعلق آگاہی نہ دیے جانے اور پیشگی اقدامات نہ ہونے سے تقریباً 80 ہزار پاکستانی حاجیوں کا حج خطرے میں ہے۔ حج آپریٹرز کے مطابق مکہ، مدینہ، منیٰ اور عرفات میں حاجیوں کو ٹھہرانے کی اجازت نہ ملنے کی وجہ سے ہزاروں پاکستانی عازمین کا سفر حج مشکل ہوگیا ہے۔ حج آپریٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے سابق چیئرمین فرقان عبدالقادر نے اس ضمن میں بتایا کہ یہ مسئلہ 22 اکتوبر 2024 کو اس وقت پیدا ہوا جب سعودی حکام نے ایک نیا خودکار نظام متعارف کرایا لیکن پاکستانی وزارت مذہبی امور نے بھی بروقت اقدامات نہیں کیے۔ جس کی وجہ سے نجی حج آپریٹرز کو اس نئے سسٹم کے تحت درپیش مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ نجی حج آپریٹرز کے مطابق ان کی جانب سے خودکار سسٹم کے تحت مکہ اور مدینہ کے ہوٹلوں کی ایڈوانس میں بکنگ کرائے جانے کے باوجود اب تک سعودی دفاع مدنی سمیت دیگر متعلقہ اداروں کی جانب سے حاجیوں کو ٹھہرانے کا اجازت نامہ نہیں دیا گیا ہے۔

صاف پانی کی فراہمی ہر شہری کا بنیادی حق ہے' چوہدری محمد سرور

غربت کو ختم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے' سابق گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) سابق گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے کہا ہے کہ صاف پانی کی فراہمی ہر شہری کا بنیادی حق ہے اور صاف پانی کے پلانٹ جہاں بھی لگے وہاں بیماریوں میں کمی آئی ہے۔ وہ پنجاب یونیورسٹی سکول آف کمیونیکیشن سٹڈیز میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی، ڈائریکٹر سکول آف کمیونیکیشن سٹڈیز پروفیسر ڈاکٹر عابدہ اشرف، چیئرپرسن فلم اینڈ براڈ کاسٹنگ ڈاکٹر لبنیٰ ظہیر، شعبہ جات کے صدور، فیکلٹی ممبران اور طلبا و طالبات نے شرکت کی۔ واٹر فلٹریشن پلانٹ شعبہ فلم اینڈ براڈ کاسٹنگ کی درخواست پر سرور فاؤنڈیشن کی طرف سے نصب کیا گیا۔ اپنے خطاب میں چوہدری محمد سرور نے کہا کہ ہسپتالوں میں 50 فیصد مریض گندے پانی کی وجہ سے آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں اور دوائیوں پر پیسے لگانے کی بجائے احتیاطی تدابیر پر پیسے لگنے چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مخیر حضرات صاف پانی کی فراہمی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ جو پیسے عوام کی بھلائی پر خرچ کریں گے وہی آگے کام آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی میں واٹر فلٹریشن پلانٹ لگانے پر بہت خوشی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غربت کو ختم کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی کی خوش قسمتی ہے کہ انہیں ڈاکٹر محمد علی وائس چانسلر ملے۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے کہا کہ پنجاب یونیورسٹی میں واٹر فلٹریشن پلانٹ لگانے پر سرور فاؤنڈیشن کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہزاروں طلباؤ طالبات، اساتذہ اور ملازمین واٹر فلٹریشن پلانٹ سے مستفید ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سرور فاؤنڈیشن کے ساتھ صحت کے مختلف شعبوں میں تعاون بڑھائیں گے۔ ماہِ رمضان میں سحری میں کھانے پینے کے معیار کو جانچنے کے لیے ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا سرپرائز فیلڈ دورہ، ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے فوڈ سیفٹی ٹیموں اور سحری پوائنٹس کی سرپرائز چیکنگ کی، سرپرائز چیکنگ میں تمام ٹیمیں آفسران کے ہمراہ فیلڈ میں موجود ہیں، انارکلی فوڈ سٹریٹ، گلبرگ، مزنگ کے علاقوں میں 49 سحری پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی اور قوانین کی خلاف ورزی پر 22 فوڈ پوائنٹس کو 3 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے، تفصیلات کے مطابق 100 لٹر ناقص دودھ، ایک من دہی، 37 لٹر گھی اور گلی سڑی سبزیاں تلف کی گئیں، ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے بتایا

عدالت کا لاہور ڈویژن میں کتا مار مہم روکنے کا تحریری حکم

لاہور (یو این اے) لاہور ہائیکورٹ نے لاہور ڈویژن میں کتا مار مہم روکنے کا تحریری حکم جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے کتا مار مہم کے خلاف حکم امتناع جاری کر دیا، جسٹس شاہد کریم نے اریج حسن سمیت دیگر کی درخواست پر ایک صفحے کا تحریری حکم جاری کیا، درخواست گزاروں کی جانب سے التمش سعید ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن نے ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے لئے نئی شرائط متعارف کرادیں

اسلام آباد (یو این اے) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نیا ایسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کی طرف سے کی فیکٹ سٹیٹمنٹ کے اجرا کے لئے نئی شرائط متعارف کرائی ہیں، اس اقدام کا مقصد شفافیت بڑھانا اور سرمایہ کاروں میں آگاہی پیدا کرنا ہے تاکہ وہ باخبر رہ کر درست فیصلے کر سکیں۔ کلیدی فیکٹ سٹیٹمنٹ سرمایہ کاروں کو واضح اور جامع معلومات فراہم کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے، تاکہ وہ بہتر اور باخبر سرمایہ کاری کے فیصلے کر سکیں۔ نئی شرائط کے تحت، اثاثہ جات مینجمنٹ کمپنیاں اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ ہر اجتماعی سرمایہ کاری اسکیم اور سرمایہ کاری منصوبے کے لئے ایک علیحدہ کے ایف ایس دستیاب ہو۔ یہ کے ایف ایس آسانی سے اے ایم سی کی ویب سائٹ، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، اور ڈیجیٹل ڈسٹری بیوٹرز کی ویب سائٹس پر قابل رسائی ہونا چاہیے۔ کی فیکٹ سٹیٹمنٹ) کے ایف ایس (کی نمایاں خصوصیات میں سرمایہ کاری کے مقصد، مجاز سرمایہ کاری کے مواقع، کم از کم سرمایہ کاری کی رقم، فنڈ کی مدت، کارکردگی کے بینچ مارکس، خرید و فروخت کے اصول، اور لاگو چارجز شامل ہیں۔ مزید برآں کے ایف ایس میں اہم سٹیک ہولڈرز کی تفصیلات شامل ہوں گی، جن میں ایسٹ مینجمنٹ کمپنی، ٹرسٹی، اور (اگر لاگو ہو) شریعت ایڈوائزر کے نام اور ان کے رابطے کی معلومات درج ہوں گی

سعودی عرب کے ساتھ ہماری شراکت داری مضبوط ہے، امریکا

سعودی عرب کی جانب سے یوکرینی بحران پر مذاکرات کے تین دوروں میں میزبانی کی گئی، ایڈم بوہلر

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے کہا کہ سعودی عرب کے درمیان شراکت داری مضبوط اور ٹھوس ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق امریکی صدر کے ایلچی برائے یرغمالی امور ایڈم بوہلر نے کہا کہ سعودی ولی عہد اور وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان نے ان کے ملک کو ترقی اور تعمیر کی طرف گامزن کیا ہے۔ انہوں نے عرب ٹی وی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کی جانب سے یوکرینی بحران پر مذاکرات کے تین دوروں میں میزبانی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ریاض مذاکرات کے نتیجے میں ہونے والے معاہدے امریکا سعودی شراکت داری کی مضبوطی کی تصدیق ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ملک قابل ذکر تاریخی تزویراتی عناصر سے جڑے ہوئے ہیں جو انہیں ایک دوسرے کے قریب لاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کے ساتھ سعودی عرب کا تعلق 1931 سے ہے۔ یہ دوطرفہ تعلقات خطے اور دنیا کی سلامتی اور معیشت کو بہتر بناتے ہیں۔

جعلی نمائندے مسلط ہونے سے ملک شدید بحران کا شکار ہے، حلیم عادل شیخ

دہشتگردی میں اضافہ، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی سلب کر دی گئی، صدر تحریک انصاف سندھ

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے پورے رمضان میں کراچی کے مختلف علاقوں میں "رمضان دسترخوان میزبان عمران خان" کے نام سے افطار پروگرام منعقد کیے جا رہے ہیں۔ گزشتہ روز لیاقت آباد ٹاؤن میں بھی ایک بڑے افطار کا اہتمام کیا گیا، جہاں پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ، کراچی کے صدر راجا اظہر، جنرل سیکریٹری ارسلان خالد سمیت دیگر رہنماؤں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر حلیم عادل شیخ نے عام شہریوں کے ساتھ روزہ افطار کیا۔ افطار کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حلیم عادل شیخ نے کہا کہ بانی چیئرمین عمران خان کو 600 دن سے ناحق جیل میں رکھا گیا ہے، جہاں انہیں مختلف اذیتیں دی جا رہی ہیں۔ لیکن عمران خان نے ملک و قوم کی خاطر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا اور نہ ہی کوئی ڈیل کر کے باہر آئے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کا واضح مؤقف ہے کہ ملک میں آئین و قانون کی بالادستی ہونی چاہیے، اصل جمہوریت بحال ہونی چاہیے اور عوام کو یکساں انصاف فراہم کیا جائے اور ملک میں حقیقی آزادی قائم ہو۔ حلیم عادل شیخ نے کہا کہ اس وقت پاکستان سنگین بحران سے گزر رہا ہے، کیونکہ عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر جعلی نمائندے مسلط کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں دہشتگردی اپنے عروج پر ہے، عوام میں خوف و ہراس پھیلا دیا گیا ہے، آئین و قانون کی بالادستی ختم کر دی گئی ہے، اور عدلیہ و میڈیا کی آزادی پر قدغن لگا دی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پرامن احتجاج کرنے والے شہریوں پر جھوٹے مقدمات درج کیے جا رہے ہیں، سوشل میڈیا ورکرز کو اغوا کیا جا رہا ہے جو کہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ حلیم عادل شیخ نے کہا کہ ملک کے تمام مسائل کا واحد حل عوام کے حقیقی نمائندوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ عوام کا مینڈیٹ چوری کر کے چوروں اور لٹیروں کو اقتدار دیا گیا، جس کی وجہ سے ملک تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے حقوق کی مسلسل پامالی ہو رہی ہے، جس کی وجہ سے عوام کے دلوں میں نفرت بڑھتی جا رہی ہے، اور اگر یہ لاوا پھٹ گیا تو صورتحال سنگین ہو سکتی ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ عید کے بعد پی ٹی آئی ایک بھرپور عوامی تحریک چلائے گی،

ڈی سی چمن اور اے سی صدر کو آدھی رات ڈی ایچ کیو اسپتال کے دورے کے موقع پر ڈیوٹی ڈاکٹر بریفنگ دے رہے ہیں

بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 6 مراکز کو جرمانے

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 6 خوراکی مراکز کے مالکان پر جرمانہ عائد کر دیا۔ جمعرات کو بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی انسپکشن ٹیم کی میکانکی روڈ اور سبزل روڈ میں موجود بیکنگ یونٹس کی رات گئے انسپکشن کی گئی۔ بی ایف اے حکام کے مطابق متعدد بیکنگ یونٹس مالکان بی ایف اے ایس او پیز کے مطابق تسلی بخش پائے گئے جبکہ متعدد بیکنگ یونٹس مالکان کو حتمی نوٹسز جاری کیے گئے اور سابقہ جرمانے کی ادائیگی پر زور دیا گیا۔ فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر بی ایف اے حکام کی کوئٹہ کے علاقے طوغی روڈ میں کارروائی کی۔ 2 بیکنگ اینڈ بیکری یونٹس سمیت دیگر وجوہات پر اونرز جرمانہ جبکہ 2 مراکز کو اصلاحی نوٹسز کا اجرا کر دیا۔ جرمانہ کردہ 1 یونٹ اونر کے پاس فوڈ بزنس لائسنس موجود نہ ہونے جبکہ بیکنگ اینڈ بیکری یونٹس کے خلاف صفائی ستھرائی کی ابتر صورتحال، ورکرز کی ذاتی صفائی نہ ہونے، اشیا پر تاریخ و تنسیخ ظاہر نہ ہونے، حشرات کی موجودگی، کھلے کوڑے دان، زنگ آلود و جراثیم زدہ ٹریز کی موجودگی، حتمی پراڈکٹس کی نامناسب اسٹوریج اور ایکسپائرڈ ٹوپنگ کریم، جیل کی موجودگی پر ایکشن لیا گیا

ژوب، دو گروہوں میں تصادم، نوجوان جاں بحق، بھائی زخمی

ژوب (یو این اے) دو گروہوں میں لڑائی ایک شخص جاں بحق بھائی زخمی ہو گیا ہسپتال ذرائع کے مطابق کلی حسن زئی کے علاقے میں لڑائی کے دوران تیز دھار آلے کی وار سے نوجوان محمد شفیق مندوخیل جاں بحق جبکہ انکا بھائی سکندر خان زخمی ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر واقعے کی تفتیش اور ملزمان کی تلاش شروع کر دی تاہم فوری طور پر جھگڑے کی وجہ معلوم نہ ہو سکی۔

متحدہ عرب امارات میں بھیک مانگتے ہوئے 5 خواتین سمیت 10 پاکستانی گرفتار

اسلام آباد، ابوظہبی (اے ایف پی) متحدہ عرب امارات میں حکام نے 5 خواتین سمیت 10 پاکستانیوں کو بھیک مانگتے ہوئے گرفتار کر لیا۔ یو اے ای حکام نے پاکستانی حکام کو اس حوالے سے آگاہ کر دیا۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے ذرائع کے مطابق پنجاب کے ضلع وہاڑی کی رہائشی 3 خواتین آمنہ بی بی، کوثر بی بی اور فرزانہ بی بی اور لاہور سے تعلق رکھنے والی جمیلہ بی بی اور زبیدہ بی بی کو متحدہ عرب امارات میں مختلف کارروائیوں کے دوران بھیک مانگتے ہوئے گرفتار کیا گیا۔

سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے بیعت کے آٹھ سال مکمل

سعودی شہریوں کو اپنے ملک کے ویژن 2030 کی اہم کامیابیوں کو یاد کرنے کا موقع ملا، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے انتخاب کی آٹھویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ شہزادہ محمد بن سلمان نے 2017 میں رمضان المبارک کی 27 ویں شب مکہ مکرمہ میں الصفا پیلس میں حلف اٹھایا تھا۔ جس وقت سے نوجوان شہزادے نے ولی عہد کا عہدہ سنبھالا بہت سے لوگوں نے اس انتخاب کے مضمرات اور اہمیت پر روشنی ڈالی ہے۔ یہ تاریخی لمحہ سعودی عرب کی تاریخ میں ایک غیر معمولی سوچ کے حامل رہنما کے ساتھ لوگوں کی وفاداری کے عہد کی عکاسی کر رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انتخاب کے مفہوم میں موجود شواہد سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی دانشمندی کی تصدیق کر رہے ہیں کیونکہ وہ خاندان کے سربراہ ہیں۔ انہوں نے ملک کے استحکام کو آگے بڑھانے اور اس کی نشاۃ ثانیہ اور ترقی کو یقینی بنانے کے لیے ایسے ایک نوجوان شہزادے کا انتخاب کیا جو اندرونی کاموں کو بخوبی جانتے تھے

آئی ایم ایف جائزے کی کامیابی اور ماحولیاتی قرضے کی منظوری خوش آئند ہے، میاں زاہد حسین

موجودہ حکومت کی پالیسیوں پر عالمی اداروں کے اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے، آرمی چیف کی گراں قدر خدمات کا اعتراف جرأت مندانہ ہے

کراچی (این این آئی) نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم و آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی جانب سے پہلے جائزے کی منظوری خوش آئند ہے جو موجودہ حکومت کی پالیسیوں پر عالمی اداروں کے اعتماد کا ثبوت ہے۔ آئی ایم ایف کے پہلے جائزے کی کامیابی کیعلاوہ عالمی ادارے کے جائزہ مشن نے موسمیاتی تبدیلی کے مسائل سے نمٹنے کے لئے ایک نئے 1.3 ارب ڈالر کے معاہدے پر بھی اتفاق کر لیا ہے جو خوش آئند ہے۔ میاں زاہد حسین نے کاروباری برادری سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے اس سلسلے میں بجا طور پر آرمی چیف کی گراں قدر خدمات کا اعتراف کیا ہے جو نہایت خوش آئند ہے جبکہ آئی ایم ایف نے اپنیا علامیہ میں پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کیلئے حکومتی کوششوں پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی حکام کے ساتھ 37 ماہ کے معاہدے کے پہلے جائزے اور عالمی ادارے کے اصلاحات پروگرام کے تحت 28 ماہ کا نیا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے مابین عملے کی سطح کا معاہدہ طے پانے کے بعد ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری سے اس پر عمل درآمد شروع ہو جائے گا۔ ان دونوں معاہدوں کی منظوری کی صورت میں پاکستان کو 2.3 ارب ڈالر ملیں گے۔

ہمارے پاس اختیار ہے نہ وسائل آخر کب تک بدنامی اپنے نام لیں، گورنر سندھ

دنیا میں آنے سے پہلے ہی بچوں کو کچلا جا رہا ہے قاتل ڈمپر ہنستے بستے خاندانوں کو اجاڑ رہے ہیں، کامران ٹیسوری

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے ملیر ہالٹ میں تعزیت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ٹریفک گردی کی بڑھتی ہوئی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا، اور کہا کہ ہمارے پاس اختیار ہے نہ وسائل آخر کب تک بدنامی اپنے نام لیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں ٹریفک کی صورتحال بے حد خراب ہو چکی ہے اور اس کا فوری تدارک ضروری ہے، گورنر سندھ نے حکومت اور انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ ہر صورت قوانین پر عملدرآمد کرائیں تاکہ ٹریفک کی بے ہنگم صورتحال کو روکا جا سکے۔ کامران ٹیسوری نے مزید کہا کہ دنیا میں آنے سے پہلے ہی بچوں کو کچلا جا رہا ہے قاتل ڈمپر ہنستے بستے خاندانوں کو اجاڑ رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات کا عہد کیا کہ اگر ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کا آغاز نہ ہوا تو وہ ڈمپروں کے سامنے کھڑے ہو کر احتجاج کریں گے، جیسا کہ انہوں نے پہلے بھی کہا تھا کہ اگر ان ڈمپرز کو روکا نہ گیا تو باہر نکل کر ان کے سامنے آ ں گا۔ گورنر سندھ نے ٹریفک گردی کو ایک سنگین مسئلہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگر اس پر قابو نہ پایا گیا تو حادثات کا سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے اس سلسلے میں آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) بلانے کی تجویز بھی دی تاکہ اس مسئلے کا حل تلاش کیا جا سکے۔ کامران ٹیسوری نے سیاست پر بھی گفتگو کی اور کہا کہ کراچی لاوارثوں کا شہر نہیں ہے

کراچی، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سیکنڈری ایجوکیشن امپروومنٹ پروجیکٹ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پروفیسر ڈاکٹر زاہد محمود کی کاوشوں کو بھلایا نہیں جا سکتا۔ عبدالحکیم انقلابی

بلوچستان کا پہلا کینسر ہسپتال جس کی بنیاد 2019 میں سابق وزیر اعلیٰ جام کمال نے رکھی تھی۔ وہ اب تک تعمیر نہیں ہو سکا

نصیر آباد (نامہ نگار) جمعیت علما پاکستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری علامہ عبدالحکیم انقلابی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ 1947 سے لیکر اب تک بلوچستان میں صوبائی سطح پر کوئی کینسر ہسپتال نہیں ہے۔ جس کی وجہ سے کینسر کے مریض دیگر صوبوں میں دربدر ہو رہے ہیں۔ بلوچستان کا پہلا کینسر ہسپتال جس کی بنیاد 2019 میں سابق وزیر اعلیٰ جام کمال نے رکھی تھی۔ وہ اب تک تعمیر نہیں ہو سکا ہے۔ اس زیر تعمیر کینسر ہسپتال کے لیے پروفیسر ڈاکٹر زاہد محمود کی کاوشوں کو بھلایا نہیں جا سکتا ہے کیونکہ ڈاکٹر زاہد محمود نے معذوری اور بیماری کی حالت میں بھی کینسر ہسپتال کی تعمیر کے انتظامات کرتے رہے۔ یہ ایشیا کا سب سے بڑا کینسر ہسپتال ہوگا، جو تقریباً 160 بستر پر مشتمل ہے۔ بلوچستان میں کینسر کے مریض بڑھ رہے ہیں۔ مگر اس ہسپتال کا تعمیراتی عمل بہت سست روی کا شکار ہے، اور کینسر سے مؤثر طریقے سے لڑنے کے لیے موجودہ حکومت اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کو ہسپتال کی فوری تعمیر کے لئے اقدامات کرنے ہوں گے تاکہ ہسپتال کی فوری تعمیر ہو سکے۔ کینسر کے مریضوں کے علاج معالجے کو یقینی بنانے کے لیے عصری تکنیکی مشینوں کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ 1947 کے بعد سے بلوچستان میں صوبائی سطح پر کوئی کینسر ہسپتال نہیں ہے۔ تاہم اگر پنجاب، کے پی کے اور سندھ کا موازنہ کیا جائے

لاہور، صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمن اوورسیز پاکستانیز کے زیر اہتمام آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر اظہار تشکر کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

فیصل آباد، خاتون سے اجتماعی زیادتی کے مقدمہ میں نامزد ملزم گرفتار

پولیس نے باقی ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارنے شروع کر دیئے

مکوآنہ (این این آئی) پنجاب کے شہر فیصل آباد میں لوٹ مار کے بعد خاتون سے ڈاکوؤں کی اجتماعی زیادتی کے مقدمہ میں نامزد ایک ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم نے اعتراف جرم کر لیا جبکہ پولیس نے باقی ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ فیصل آباد میں ڈاکوؤں نے دوران واردات بعد خاتون کو مبینہ طور پر اجتماعی زیادتی کے مقدمہ میں پولیس نے نامزد ایک ملزم کو گرفتار کر کے دیگر ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارنے شروع کر دیئے ہیں۔ تھانہ ساندل بار کے علاقے چنن کے کارہائشی عدنان اپنی اہلیہ کے ساتھ جا رہا تھا، جب وہ موٹروے پل کے قریب پہنچے تو 3 نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے ان کو روک لیا، ان سے نقدی اور موبائل فون چھیننے کے بعد ان کو گنے کے کھیت میں لے گئے جہاں پر ڈاکوؤں نے شوہر کو درخت کے ساتھ رسیوں سے باندھ کر اس کی بیوی کو اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا اور فرار ہو گئے۔ واقعہ کے بعد زیادتی کا شکار خاتون اور اس کے شوہر کا ویڈیو بیان بھی سامنے آیا تھا۔ جس میں شوہر نے ایک ملزم علی شیر کو نامزد کیا تھا۔ جس پر پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے ملزم علی شیر کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے اعتراف جرم کر لیا ہے، واقعہ کے حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے

کراچی میں پولیس رپورٹنگ سینٹر پر کریکر حملہ، 3 اہلکاروں سمیت 4 افراد زخمی

کراچی (یو این اے) کراچی میں قائد پل کے نیچے پولیس رپورٹنگ سینٹر پر نامعلوم ملزمان کریکر پھینک کر فرار ہو گئے جس کے نتیجے میں 3 پولیس اہلکاروں سمیت 4 افراد زخمی ہو گئے، گورنر سندھ اور صوبائی وزیر داخلہ نے پولیس پر حملے کی رپورٹ ایس ایس پی ملیر سے طلب کر لی۔ ایس ایس پی ملیر کاشف عباسی کے مطابق قائد پل کے نیچے مارکیٹوں کی سیکیورٹی کے لئے پولیس رپورٹنگ کیمپ لگایا گیا تھا جس میں پولیس اہلکار بھی موجود تھے

حرمین میں انتہائی تعداد کی موجودگی کے دوران سمارٹ سلیوشنز سہولت پیدا کریں گی

نظام کو مؤثر بنانے کے لیے مقامی نیویگیشن کو بہتر بنانے کے لیے 200 سے زیادہ ڈیجیٹل پینلز بھی نصب

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں سمارٹ سلیوشنز کے ذریعے مسجد حرام میں حجاج کے لیے آسائش اور آسانیاں پیدا کی جائیں گی۔ ماہرین نے یہ نظام حرمین میں حجاج کی انتہائی تعداد اور بڑے سے بڑے ہجوم کے دوران بھی نظم اور آسانی کو برقرار رکھنے کے لیے تیار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انتہائی ہجوم کے اوقات میں بغیر کسی مشکل کے مسجد حرام کے اندر آ سکیں گے اور واپس باہر بھی جا سکیں گے۔ اس نظام میں حجاج کی حفاظت اور راحت کا پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ اہتمام کیا گیا ہے۔ حرمین شریفین کی جنرل اتھارٹی فار دی کیئر کی طرف سے یہ اہتمام دونوں حرموں کے لیے جدید ترین ٹیکنالوجی کے ذریعے کیا گیا ہے۔ اسی جدید نظام کی مدد سے حرمین کی تزویراتی نگرانی کی جائے گی۔ بتایا گیا ہے کہ اس سلسلے میں کمانڈ سنٹر قائم کیا گیا ہے۔ یہی کمانڈ سنٹر حرمین کے داخلی دروازوں کی نگرانی کی جائے گی۔ جدید نگرانی کا یہ نظام کیمروں سے جڑا ہوا ہے۔ یہ کیمرہ سسٹم حقیقی وقت میں داخلے کی نقل و حرکت کی نگرانی کرتا ہے۔ حجاج کے بہاؤ کے بارے میں فوری تصاویر کی مدد سے رہنمائی کرتا ہے۔ ہجوم کے زیادہ بڑھ جانے کی صورت ممکنہ خطرات کی نشاندہی کرتا ہے۔

لاہور ہائیکورٹ اور ضلعی عدلیہ کے ججز کیلئے ہیلتھ انشورنس سہولت کا آغاز

لاہور (یو این اے) لاہور ہائیکورٹ اور ضلعی عدلیہ کے ججز کیلئے ہیلتھ انشورنس سہولت کا آغاز ہو گیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے ہیلتھ انشورنس سہولت کا افتتاح کیا، افتتاحی تقریب میں لاہور ہائیکورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس شجاعت علی خان نے شرکت کی۔ تقریب میں جسٹس علی باقر نجفی اور جسٹس عابد عزیز شیخ موجود تھے، جسٹس فاروق حیدر، جسٹس خالد اسحاق اور جسٹس عبہر گل خان، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج لاہور، شیخوپورہ، ننکانہ اور قصور نے بھی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔

لاہور، برقعہ پہن کر خواتین کو ہراساں و تنگ کرنے والے تین اوباش نوجوان گرفتار

چوکی ہلوکی پولیس نے دوران پٹرولنگ ویلنشیا ٹاؤن کی مارکیٹ سے ملزمان کو گرفتار کیا

لاہور (جی این ایم) صوبائی دارالحکومت لاہور میں پولیس نے خواتین کو ہراساں و تنگ کرنے والے تین برقعہ پوش اوباش نوجوان گرفتار کر لیا، چوکی ہلوکی پولیس نے دوران پٹرولنگ ویلنشیا ٹاؤن کی مارکیٹ سے ملزمان کو گرفتار کیا، پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان برقعہ پہن کر ویلنشیا ٹاؤن مارکیٹ میں عید کی شاپنگ پر آئی فیملیز کو ہراساں کر رہے تھے۔ ملزمان علی، زوہیب، فیضان کیخلاف مقدمہ درج کرنے کے بعد انہیں انوسٹی گیشن کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق خواتین کے تحفظ کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ سیکیورٹی کے حوالے سے اہم مقامات کو فول پروف سیکیورٹی فراہم کی جا رہی ہے۔ پولیس گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کر رہی ہے۔ خیال رہے کہ چند ماہ قبل بھی پولیس نے لاہور میں برقعہ پہن کر خواتین کو ہراساں کرنے والے شخص کو گرفتار کیا تھا۔ پولیس نے دوران پیٹرولنگ خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے شنگھائی پل سے برقعہ پہن کر خواتین کو ہراساں کرنے والے شخص کو موقع سے گرفتار کیا گیا تھا۔ ملزم خواتین کو برقع پہن کر ہراساں کر رہا تھا اور لوگوں سے بچنے کیلئے برقع پہن کر نقاب کیا ہوا تھا۔ معمول کی پٹرولنگ پر مامور پولیس کو چند خواتین نے برقع پوش لڑکے کی جانب سے خواتین کو ہراساں کرنے کے بارے میں بتایا تھا پولیس نے ملزم کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا

پنجاب کے وزیر صحت کا پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ لیا

لاہور (یو این اے) پنجاب کے وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا دورہ کیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کولیکشن سنٹر، ایمرجنسی، او پی ڈی، وزیر اعلیٰ کمپلینٹ کاونٹر، پرچی کاونٹرز، میڈیسن سٹور و دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر عامر رفیق بٹ بھی موجود تھے۔

کمشنر ملاکنڈ کا سوات کے تعلیمی اداروں اور سروس ڈیلیوری سنٹر کا دورہ

سوات (این این آئی) کمشنر ملاکنڈ ڈویژن عابد وزیر نے ضلع سوات کے مختلف تعلیمی اداروں اور سروس ڈیلیوری سنٹر بابوزئی سوات کا دورہ کیا اور ریونیو دربار کی صدارت کی۔ اپنے دورے کے دوران انہوں نے گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ جہانزیب کالج سوات کا معائنہ کیا جہاں پرنسپل محمد سلیم خان نے کالج کی تاریخی اہمیت اور جاری تعمیراتی کاموں بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر ملاکنڈ نے حال ہی میں کالج کے نئے تعمیر کردہ مختلف حصوں کا دورہ کیا اور تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں انہوں نے طلبہ سے ملاقات کی اور ان سے پڑھائی پر توجہ مرکوز رکھنے کی ہدایت کی تاکہ معاشرہ کا مفید شہری بن کر لوگوں اور قوم کی خدمت کر سکے۔ اس موقع پر انہوں نے کالج کے احاطے میں پودا بھی لگایا۔ اس کے بعد انہوں نے گورنمنٹ مینگورہ ڈگری کالج کا دورہ کیا جہاں پرنسپل ڈاکٹر سید نبی شاہ نے کالج میں جاری تعلیمی و تعمیری سرگرمیوں بارے بریفنگ دی اور کالج کیلئے سولرائزیشن اور کھیل کے میدان کے لئے زمین کے حصول کی درخواست کی جس پر کمشنر ملاکنڈ نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر) جنرل (سوات اور سی اینڈ ڈبلیو حکام کو اس بارے جلد از جلد اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔

چکوال میں بس الٹنے سے 5 مسافر جاں بحق، 30 شدید زخمی

چکوال (یو این اے) موٹروے ایم 2 سالٹ رینج میں مسافر بس الٹ گئی۔ مسافر بس راولپنڈی سے چشتیاں جا رہی تھی، تیز رفتاری کے باعث الٹ گئی، حادثے کے نتیجے میں 5 مسافر جاں بحق جبکہ 30 زخمی ہو گئے، حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس، موٹروے پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں۔

بلوچستان سے ریلوے کی بحالی غریب عوام کیلئے نیک شگون ہے، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان سے ریلوے کی بحالی غریب عوام کیلئے نیک شگون ہے، ریلوے کی بندش سے ائیر لائنز کی جانب سے من مانے کرائے وصول کئے جاتے تھے، بلوچستان سے اب جعفر ایکسپریس کے علاوہ مزید 8 نئی ٹرینیں چلیں گی، وزیر اعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی بلوچستان سے 9 ٹرینیں چلانے پر مشکور ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریلوے اسٹیشن کوئٹہ میں جعفر ایکسپریس کی روانگی کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ جمال شاہ کاکڑ نے کوئٹہ سے جعفر ایکسپریس جو 9 بوگیوں پر مشتمل تھی 400 مسافروں کو لے جانے والی ریلوے کو رخصت کیا۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کا بہت مشکور ہوں جعفر ایکسپریس آج دوبارہ روانہ ہو رہی ہے، جو مسافروں کے لیے آسانیاں پیدا ہوں گی۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں ریلوے کی بحالی و ٹرینوں میں اضافے کیلئے قائمہ کمیٹی میں آواز بلند کیا تھا جس پر وزیر اعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی جانب سے بلوچستان سے جعفر ایکسپریس کے علاوہ مزید 8 ٹرینیں چلانے کا اعلان کیا گیا ہے جو خوش آئند ہے

مریدوالا انٹرچینج پر جلد کام شروع ہونے کی خوشخبری سنائیں گے' ہمایوں اختر خان

عہدے اہمیت نہیں رکھتے، اس کے بغیر بھی عوام کی خدمت کی اور کر رہے ہیں' سابق وفاقی وزیر

فیصل آباد / تاندلیانوالہ / ماموں کانجن (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ حلقے کی دہائیوں کی محرومیاں دور کرنے کے لئے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لا رہے ہیں، مریدوالا انٹرچینج پر جلد کام شروع ہونے کی خوشخبری سنائیں گے، جو وعدے کئے ہیں ان شاء اللہ عوام انہیں بتدریج پورا ہوتا دیکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے دورہ کے دوران ملاقاتوں کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ تحصیل بناؤ تحریک ماموں کانجن کے بانیان چوہدری محمد رضوان کاہلوں اور چوہدری محمد عثمان کاہلوں کی جانب سے سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان کے اعزاز میں افطار ڈنر بھی دیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء کی جانب سے علاقے کی ترقی کیلئے کاوشیں کرنے پر ہمایوں اختر خان اور ان کے ساتھیوں کی محنت پر ان سے اظہار تشکر کیا گیا۔

ننکانہ صاحب، وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین فلڈ ریلیف کیمپ میں سیلاب متاثرین میں کھانا تقسیم کر رہے ہیں

مریم نواز حکومت 169 شہروں میں 700 ارب کے منصوبے مکمل کریگی' وزیر بلدیات

انڈر گراؤنڈ واٹر ٹینک، سیوریج سسٹم، ڈسپوزل پمپ سٹیشن بنائے جائیں گے، سٹریٹ لائٹس اور پارکوں کی تعمیر و بحالی بھی ہوگی

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ مریم نواز حکومت صوبے کے 169 شہروں میں اگلے 25 سال تک کے میونسپل مسائل کا حل فراہم کرے گی، اس منصوبے پر تقریباً 700 ارب روپے لاگت کا ابتدائی تخمینہ لگایا گیا ہے۔ وہ سول سیکرٹریٹ میں ہونے والے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے جس میں چیف منسٹر سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں، سپیشل سیکرٹری آسیہ گل اور ایڈیشنل سیکرٹری نے بھی شرکت کی۔ پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی (پی ایم ڈی ایف سی) کے ایم ڈی سید زاہد عزیز نے شرکا کو بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ پروگرام کے تحت پہلے مرحلے میں 59 شہروں میں انڈر گراؤنڈ واٹر ٹینک، سیوریج سسٹم، ڈسپوزل پمپ سٹیشن بنائے جائیں گے۔ سٹریٹ لائٹس اور پارکوں کی تعمیر و بحالی بھی یقینی بنائی جائے گی۔ اس منصوبے میں شہروں کی 2050 تک تمام ضروریات کو مدنظر رکھا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگلے مرحلے میں مزید 110 شہروں میں کام کیا جائے گا۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ پنجاب حکومت ورلڈ بینک کے تعاون سے 59 شہروں میں 358 ارب روپے خرچ کریگی۔ دوسرے مرحلے میں 110 شہروں میں 336 ارب کی سکیمیں مکمل کی جائیں گی

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF NATIONAL HEALTH SERVICES, REGULATIONS & COORDINATION
3rd Floor, Kohsar Block, Pak Secretariat, Islamabad

URAAN PAKISTAN

CORRIGENDUM
PID(I) No. 2894/26
(Submission of Firm Profiles for Pre-qualification and Short-listing of Consultancy Firms)

COMPREHENSIVE FIRE SAFETY, LIFE SAFETY AND HSE AUDIT AND DESIGN CONSULTANCY FOR HEALTHCARE AND ALLIED ESTABLISHMENTS UNDER THE ADMINISTRATIVE CONTROL OF THE MINISTRY

1. With reference to the **Invitation for Expression of Interest** for **"Comprehensive Fire Safety, Life Safety and HSE Audit and Design Consultancy for Healthcare and Allied Establishments under the Administrative Control of the Ministry"**, published on **27th September, 2026** under **PID(I) No. 2894/26**, it is hereby informed that the submission deadline, originally fixed as **5th October, 2026 at 1500 hours**, is hereby **extended up to 10th October, 2026 at 1500 hours.**
2. All other terms and conditions shall remain unchanged

JOINT SECRETARY (ADMIN)
Ministry of National Health Services, Regulations & Coordination
3rd Floor, Kohsar Block, Pak Secretariat, Islamabad
Tel: 051-9213142
PID(I) 3103/26

CANCELLATION OF TENDER.

The scheme namely "CON OF BT ROAD MIR ALLAH UD DIN KHAN KHOSA 0.5 KM / CON OF B/T ROAD KHALID KHAN KHOSA JUDAIR SHAKH 0.5 KM SOHBATPUR " NOMENCLATURE CHANGE TO" CONSTRUCTION / REH OF B/T ROAD FROM MIR NISAR LANGAVE TO SOHRAB KHAN KHOSA SOHBATPUR (LENGTH 01.00 KM) PSDP NO 1514 Z2026-3955 TSE-2627091192703" published vide PRQ No.1361/14-09-2026 in daily newspaper Jang on 15-sep-2026 (Print media) and electronic media in BPPRA website, whose opening date was fixed on 02 -10-2026 is hereby cancelled due to some indispensable reasons. The next date calling of tender will be informed via print and electronic media

EXECUTIVE ENGINEER(ROADS)
CW, PP&H DEPARTMENT DISTRICT SOHBAT PUR

PRQ No.1685/2-10-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

SPORTS سپورٹس

پشاور زلمی نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 کے لیے لطافہ پاکستان کو آفیشل پارٹنر مقرر کر دیا

اشتراک کے تحت لطافہ پاکستان کا لوگو پشاور زلمی کی آفیشل کٹس کے نان لیڈنگ آرم پر نمایاں طور پر آویزاں ہوگا

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی ممتاز فرنچائز پشاور زلمی نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 سے قبل لطافہ پاکستان کے ساتھ نئی شراکت داری کا اعلان کر دیا ہے۔ اس اشتراک کے تحت لطافہ پاکستان کا لوگو پشاور زلمی کی آفیشل کٹس کے نان لیڈنگ آرم پر نمایاں طور پر آویزاں ہوگا۔ یہ شراکت داری صرف کرکٹ تک محدود نہیں رہے گی بلکہ مداحوں کے تجربے کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ کارپوریٹ سوشل رسپانسبلٹی (CSR) کے تحت نوجوانوں کی ترقی سے متعلق مؤثر اقدامات کو بھی فروغ دے گی۔ لطافہ ایک بین الاقوامی شہرت یافتہ برانڈ ہے جو اپنی پریمیم کوالٹی اور معیارِ عمدگی کے لیے جانا جاتا ہے۔ عالمی سطح پر مضبوط موجودگی اور اعلیٰ معیار کی مصنوعات کے ساتھ، پشاور زلمی اور لطافہ پاکستان کے درمیان یہ اشتراک ترقی، برانڈ ایکسیلینس اور بامعنی عوامی روابط کے مشترکہ وژن کی عکاسی کرتا ہے۔ چیئرمین پشاور زلمی جناب جاوید آفریدی نے اس موقع پر اظہارِ مسرت کرتے ہوئے کہا کہ لطافہ پرفیومز کو اپنے آفیشل پارٹنر کے طور پر خوش آمدید کہنا پشاور زلمی کے لیے ایک اہم سنگِ میل ہے۔ ایک عالمی سطح پر معروف برانڈ کے ساتھ شراکت داری ہمارے اس عزم کو مزید مضبوط کرتی ہے کہ ہم بہترین بین الاقوامی برانڈز کے ساتھ منسلک ہوں جو معیار اور عمدگی کے ہمارے وژن سے ہم آہنگ ہوں۔ ہمیں یقین ہے کہ مل کر ہم #HBLPSL11 کو اپنے مداحوں اور اسٹیک ہولڈرز کے لیے ایک یادگار سیزن بنائیں گے۔ سی ای او لطافہ پاکستان تیمور خان آفریدی نے کہا کہ پشاور زلمی کے ساتھ شراکت داری ہمارے لیے باعثِ فخر ہے۔ یہ فرنچائز جذبے، کارکردگی اور استقامت کی علامت ہے، یہ اشتراک لطافہ پرفیومز کے معیار کے عزم اور ان صارفین سے جڑنے کی ہماری خواہش کی عکاسی کرتا ہے جو میدان کے اندر اور باہر اعتماد اور انفرادیت کو اہمیت دیتے ہیں۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 کے آغاز کے ساتھ یہ شراکت داری خصوصی فین انگیجمنٹ سرگرمیوں، دلچسپ اقدامات اور مؤثر سماجی منصوبوں کے ذریعے پشاور زلمی اور اس کے مداحوں کے درمیان تعلق کو مزید مضبوط بنائے گی۔

آسٹریلیا، گالف اوپن ٹورنامنٹ کے دوران چینی گالفر شارٹ لگا کر بال کی جانب دیکھ رہی ہے

قومی کرکٹر احمد شہزاد نیشنل ٹی 20 کھیلنے کے سوال پر غصے میں آگئے

آپ کے کھلاڑی ڈومیسٹک کے اندر قدم رکھنا پسند نہیں کرتے، وہاں بار بار جاکر خود کو ثابت کرتے رہیں، انٹرویو

کراچی (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹر احمد شہزاد نیشنل ٹی 20 کھیلنے کے سوال پر غصے میں آگئے۔ نجی ٹی وی انٹرویو میں احمد شہزاد نے کہا کہ میں نے کیمپ سے ریٹائرمنٹ لی ہے کیونکہ انہوں نے جب مجھے نکالا تھا تو کچھ بتایا نہیں تھا، میں اتنی محنت کرکے آیا تھا، تین سال ڈومیسٹک کھیل کر رگڑا کھا کر آیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں ڈومیسٹک میں ون ڈے اور ٹی 20 میں پرفارم کرتا تھا، آپ کے کھلاڑی ڈومیسٹک کے اندر قدم رکھنا پسند نہیں کرتے اور ہم وہاں بار بار جاکر خود کو ثابت کرتے رہیں، میں ڈومیسٹک کرکٹ بہت کھیلا ہوں۔ احمد شہزاد نے کہا کہ چیف سلیکٹر وہاب ریاض تھے میری ان کے ساتھ جو میٹنگ ہوئی تھی اس کو بیان نہیں کیا ہے اس کو ابھی سائیڈ پر رکھ دیں، ڈومیسٹک کھیلنا پرفارمنس کرنا تو پھر ان کھلاڑیوں کو بھی کھلائیں جو تین سال سے پرفارمنس نہیں کررہے فیل ہورہے ہیں۔ اوپنر نے کہا کہ میرے لیے طریقہ کار باقی کھلاڑیوں سے الگ ہے، ہم ڈومیسٹک میں ٹاپ کرتے تھے جب سلیکٹر کو فون کیا تو کہتے ہیں کہ آپ سے 100 رنز اس کے زیادہ ہیں، ہمارے لیے بار بار ٹاپ کرنا ہے جب پریشر پڑا تو مجھے پھر نکال دیا گیا۔



☆☆☆☆☆

ایک اور شادی کی افواہیں مسترد، شعیب ملک نے اطلاعات کو بے بنیاد قرار دیدیا

ذاتی زندگی کے حوالے سے مزید غلط اور ہتک آمیز مواد پھیلانے پر سخت قانونی کارروائی کی جائیگی، انتباہ جاری

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کے سابق کپتان شعیب ملک نے شادی کی افواہوں پر خاموشی توڑتے ہوئے کہا ہے کہ ذاتی زندگی کے حوالے سے مزید غلط اور ہتک آمیز مواد پھیلانے پر سخت قانونی کارروائی کی جائیگی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سابق کرکٹر شعیب ملک نے سوشل میڈیا پر شادی کے حوالے سے گردش کرنے والی افواہوں کو مسترد کرتے ہوئے اسے بے بنیاد قرار دیا ہے اور خبردار کیا ہے کہ ذاتی زندگی کے حوالے سے مزید غلط اور ہتک آمیز مواد پھیلانے پر سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ سابق کپتان نے ایکس پر پوسٹ شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ میری شادی کا دعویٰ بے بنیاد اور من گھڑت ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ یہ 2023 کے اوائل کا وقت تھا جب میری پہلی شادی ختم ہوئی، باہمی رضامندی سے یہ فیصلہ کیا گیا ہم بچے کے والدین بنیں گے، اس کے بعد ہی میں نے دوسری شادی کرلی، میں نے ہمیشہ نجی زندگی کو خاندان کے احترام کے لیے نجی رکھنے کی کوشش کی ہے تاہم لگتا ہے کہ میری خاموشی کو معمولی سمجھا گیا۔ سابق آل راؤنڈر نے لکھا کہ میری دوسری شادی کے بعد سے لوگوں نے میری ساکھ کو داغدار کرنے کی کوشش کی ہے، میری ذاتی زندگی کے بارے میں بے بنیاد کہانیاں میری اجازت کے بغیر لکھی گئی ہیں، لوگوں نے میری بیوی کو ان چیزوں کے لیے منفی ریمارکس کا نشانہ بنایا جن میں وہ کبھی ملوث نہیں تھی اور یہ میرے لیے ناقابل قبول ہے۔ شعیب ملک نے کہا کہ غیر تصدیق شدہ افواہوں کے پھیلاؤ سے نا صرف ذاتی طور پر متاثر ہوتا ہوں بلکہ خاندان خاص طور پر بیٹے اذان مرزا ملک کیلئے بھی غیر ضروری تکلیف کا باعث بنتے ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ میرا بیٹا اب اس عمر میں ہے جہاں وہ یہ جھوٹی اور من گھڑت کہانیاں پڑھ رہا ہوگا جو محض پیسے کی کمائی کے لیے پھیلائی گئی، یہ الزامات ان کے لیے تکلیف کا باعث بن رہے ہیں جن کی مجھے پرواہ ہے۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ میں سب سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ میری ذاتی زندگی یا کسی کی بھی غلط معلومات پھیلانے سے گریز کریں، عوامی شخصیت کے طور پر میں سمجھتا ہوں کہ جانچ پڑتال حمایت کے ساتھ آتی ہے لیکن اس کی ایک حد ہوتی ہے، پرائیویسی پر حملہ کرنا یا ساکھ کو نقصان پہنچانا اس حد کو عبور کرتا ہے۔ انہوں نے سخت انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ ذاتی زندگی کے حوالے سے مزید غلط اور ہتک آمیز مواد پھیلانے پر سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

فیفا کے 10 سال، جانی انفینٹینو کا ممبر ایسوسی ایشنز کے نام شکریہ کا خط، فٹ بال کی بحالی کا اعلان

زیورخ (سپورٹس نیوز) فیفا کے صدر جیانی انفنٹینو نے اپنی صدارت کے 10 سال مکمل ہونے کے موقع پر دنیا بھر کی 211 ممبر ایسوسی ایشنز کے صدور کو ایک خط لکھا ہے جس میں انہوں نے فٹ بال کی گورننس کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں ان کے غیر متزلزل تعاون کا شکریہ ادا کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 26 فروری 2016 کو اپنے انتخاب کو یاد کرتے ہوئے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ان کے دورِ اقتدار میں فیفا نے ایک ایسے بحران سے نجات حاصل کی جس نے ادارے کے وجود کو خطرے میں ڈال دیا تھا۔ جیانی انفنٹینو کے مطابق ہم نے فٹ بال کو فیفا میں اور فیفا کو فٹ بال میں واپس لایا ہے اور یہ کامیابی اصلاحات، شفافیت اور ترقی کے اس نئے راستے کی مرہونِ منت ہے جس کا انتخاب ممبر ممالک نے دس سال قبل کیا تھا۔ اپنے خط میں صدر جیانی انفنٹینو نے گزشتہ دہائی کی 11 کلیدی کامیابیوں کی فہرست پیش کی ہے، جن میں سب سے نمایاں ''فیفا فارورڈ پروگرام'' کے تحت ممبر ایسوسی ایشنز کی فنڈنگ میں سات گنا اضافہ ہے۔ اس کے علاوہ، انہوں نے ''ٹیلنٹ ڈویلپمنٹ سکیم'' کے ذریعے نوجوان کھلاڑیوں کو یکساں مواقع فراہم کرنے انتظامی شعبوں میں مہارت بڑھانے اور ''فیفا ایگزیکٹو سمٹس'' کے ذریعے فیصلہ سازی میں تمام ممالک کی شمولیت کو یقینی بنانے کا ذکر کیا۔ کھیل کے معیار کو بہتر بنانے کے حوالے سے انہوں نے 2018 میں وڈیو اسسٹنٹ ریفری (VAR) کے کامیاب نفاذ اور 2024 میں نسل پرستی کے خلاف عالمی سطح پر متحد موقف کو فیفا کی بڑی اخلاقی فتح قرار دیا۔ جیانی انفنٹینو نے بین الاقوامی مقابلوں میں توسیع کو بھی اپنی ترجیحات میں شامل رکھا، جس کے تحت مردوں کے ورلڈ کپ کو 48 ٹیموں اور خواتین کے ورلڈ کپ کو 32 (اور مستقبل میں 48) ٹیموں تک بڑھایا گیا تاکہ زیادہ سے زیادہ اقوام کو عالمی اسٹیج پر خواب دیکھنے کا موقع مل سکے۔ انہوں نے یوتھ فٹ بال اور کلب فٹ بال کے نئے فارمیٹس، جیسے کہ 2025 کا کلب ورلڈ کپ، کو بھی فٹ بال کے مستقبل کے لیے ناگزیر قرار دیا۔

کپتانی کا فیصلہ وطن واپسی کے بعد کروں گا، سلمان علی آغا

میں اپنی کپتانی کا اس وقت فیصلہ کروں گا تو یہ جذباتی پن ہوگا، واپس جا کر دو چار دن لوں گا، گفتگو

کولمبو (سپورٹس نیوز) ٹی 20 ورلڈکپ میں پاکستانی ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ وطن واپسی پر کپتانی سے متعلق فیصلہ دو، چار دن بعد کروں گا۔ پریس کانفرنس کے دوران سلمان علی آغا نے کہا کہ پورے ٹورنامنٹ میں ہم نے انڈر پرفارم کیا، اگر انڈر پریشر آتے رہیں گے تو یہی کچھ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ 4 ٹورنامنٹس میں ہم سیمی فائنل میں نہیں پہنچے، پریشر میں آکر اچھے فیصلے نہیں کر پا رہے، صاحبزادہ فرحان کے سوا بیٹنگ میں کوئی کامیاب نہیں ہوا۔ پاکستانی کپتان نے کہا کہ شکست کی ذمے داری ہم ہی لیں گے، کپتان اور کوچ دونوں ذمے داری لیں گے، ہم ہی سلیکشن میں شامل تھے اور 11 کھلاڑی ہم ہی نے میدان میں اتارے۔ اُنہوں نے کہا کہ کنڈیشنز کو دیکھ کر پلیئنگ الیون بناتے ہیں، ہم کوچ کے ساتھ مل کر کمبی نیشن بناتے ہیں، فخر زمان نے غیر معمولی بیٹنگ کی ہمیں پاور پلے میں ایسی ہی بیٹنگ کی ضرورت تھی۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ ہم ابھی کہہ سکتے تھے کہ فخر زمان کو پہلے 4 میچز کھیلنے چاہیے تھے تاہم اُس وقت اُن کی پرفارمنس اچھی نہیں تھی، ہمیں میچ سے پہلے ہی علم تھا کہ ہمیں کیسے پلان کرنا ہے تاکہ سیمی فائنل میں پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی کپتانی کا اس وقت فیصلہ کروں گا تو یہ جذباتی پن ہوگا، واپس جا کر دو چار دن لوں گا، پھر دیکھتے ہیں کیا فیصلہ کرتا ہوں۔ پرفارمنس اچھی نہیں تھی، ہمیں میچ سے پہلے ہی علم تھا کہ ہمیں کیسے پلان کرنا ہے تاکہ سیمی فائنل میں پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنی کپتانی کا اس وقت فیصلہ کروں گا تو یہ جذباتی پن ہوگا، واپس جا کر دو چار دن لوں گا، پھر دیکھتے ہیں کیا فیصلہ کرتا ہوں۔

☆☆☆☆☆☆☆

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

SHOWBIZ شوبز

حبا بخاری کی پی ٹی وی کے پرانے وائرل کلپ میں تصویر، وضاحت کردی

انہیں اپنی عمر بتانے سے کوئی خوف یا جھجک نہیں ہے، نامور پاکستانی اداکارہ

کراچی (شوبز نیوز) نامور پاکستانی اداکارہ حبا بخاری نے پی ٹی وی کے پرانے وائرل کلپ میں اپنی تصویر پر ہونے والی بحث سے متعلق وضاحت کردی۔ تفصیلات کے مطابق اداکارہ حال ہی میں فیصل قریشی کی رمضان ٹرانسمیشن میں بطور مہمان شریک ہوئیں جہاں انہوں نے پی ٹی وی کے پرانے وائرل کلپ کی حقیقت واضح کی۔ کچھ عرصہ قبل پی ٹی وی کی ایک میوزیکل نائٹ کا پرانا کلپ وائرل ہوا تھا اس کلپ میں ایک کم عمر لڑکی نظر آئی جس کی شکل حیران کن طور پر حبا بخاری سے ملتی جلتی تھی۔ سوشل میڈیا صارفین یہ جاننے کیلئے بے تاب تھے کہ آیا وہ واقعی حبا بخاری تھیں یا ان کی کوئی ہم شکل بھی موجود ہے تاہم، اب اداکارہ نے خود اس بارے میں وضاحت کر دی ہے۔ حبا بخاری نے بتایا کہ وہ واقعی اسی کلپ میں موجود تھیں، اس وقت وہ ساتویں یا آٹھویں جماعت میں پڑھتی تھیں اور یہ کلپ تقریباً 2011 کا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بچپن میں وہ اپنے گھر والوں کے ساتھ میوزیکل شوز اور مشاعروں میں جایا کرتی تھیں۔ اداکارہ نے کہا کہ انہیں اپنی عمر بتانے سے کوئی خوف یا جھجک نہیں ہے۔ وہ اپنے اہل خانہ کے ساتھ اس پروگرام میں گئی تھیں کیونکہ ان کے خاندان کا کوئی فرد پی ٹی وی کے ٹیکنیکل ڈیپارٹمنٹ میں جان پہچان رکھتا تھا۔

☆☆☆☆☆☆

شوبز انڈسٹری میں کوئی کسی کا دوست نہیں ہے' اریبہ حبیب

صرف عمر سے بڑے لوگوں سے دوستی رکھی ہے، ان کا تجربہ بہت زیادہ، حسد کا بھی کوئی عمل دخل نہیں ہوتا

لاہور (شوبز نیوز) نامور اداکارہ اریبہ حبیب نے کہا ہے کہ شوبز انڈسٹری میں کوئی کسی کا دوست نہیں ہے، بس سب اچھے سے ملتے ہیں۔ شوبز میں صرف عمر سے بڑے لوگوں سے دوستی رکھی ہے جن کا تجربہ بہت زیادہ ہوتا ہے تو حسد کا کوئی عمل دخل نہیں ہوتا، اظفر رحمان میرے اچھے دوست ہیں اور میرا دوسرا ڈرامہ ان کے ساتھ تھا انہوں نے مجھے بہت سپورٹ کیا ہے۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے بتایا کہ میں دپیک پروانی کی تقریب میں بندی لگا کر پہنچ گئی تو بہت تنقید ہوئی، ایک سوال کے جواب میں اریبہ حبیب نے کہا کہ میرے ماڈلنگ کے وقت سوشل میڈیا نہیں تھا لیکن جب پہلا ڈرامہ کیا تو انسٹاگرام پر نیا اکاؤنٹ بنایا تھا اور میں عائزہ خان کے ساتھ منفی کردار نبھا رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں نے میری بینڈ بجادی تھی، میرا پہلا ڈرامہ تھا تو میں کمنٹ پڑھا کرتی تھی، میں نے کوئی جواب کبھی نہیں دیا، مجھے برا لگا کہ لوگ کردار کو ایسا کیوں سمجھ رہے ہیں۔

ڈاکٹر عبیہا علی خان کے سسر نے بہو کی جانب سے لگائے گئے تمام الزامات کو بے بنیاد قرار دے دیا

ان کا خاندان تعلیم یافتہ و مہذب ہے، کبھی بھی اپنی بہو کے ساتھ غیر مناسب رویہ اختیار نہیں کیا، نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو

لاہور (شوبز نیوز) معروف ماہر نفسیات اور ٹی وی شخصیت ڈاکٹر عبیہا علی خان کے سسر نے اپنی بہو کی جانب سے لگائے گئے تمام الزامات کو بے بنیاد قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈاکٹر عبیہا علی خان کے سسر نے نجی چینل کے ایک پروگرام میں شرکت کرتے ہوئے اپنی بہو کی جانب سے لگائے گئے الزامات پر کھل کر گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ اگر الزامات میں کوئی حقیقت ہوتی تو وہ اسے وقتی ناراضی یا غلط فہمی سمجھتے، لیکن ان کے مطابق یہ صورتحال شاید شہرت حاصل کرنے، اپنے شوہر کو خاندان سے دور کرنے یا الگ رہائش اختیار کرنے کی کوشش کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ڈاکٹر عبیہا اپنی بات مناسب انداز میں پیش کرتیں تو وہ ضرور ان کی بات پر غور کرتے، کیونکہ انہوں نے کبھی بھی مالی طور پر اپنے بیٹے یا بہو پر انحصار نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ گھر کے تمام بڑے اخراجات وہ خود برداشت کرتے ہیں، حارث کی مالی شراکت نہ ہونے کے برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان کا بیٹا خرچ نہ بھی دے تو انہیں کوئی اعتراض نہیں کیونکہ وہ اسے اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔ ڈاکٹر عبیہا کے سسر نے واقعہ کی تفصیلات دیتے ہوئے کہا کہ ایک جمعہ کو جب انہوں نے اپنے بیٹے کو نماز کیلئے ساتھ چلنے کا کہا تو حارث نے انہیں کمرے میں بلا کر شکایت کی کہ عبیہا کی جانب سے دوبارہ شک اور بحث کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب صورتحال کشیدہ ہوئی تو انہوں نے اپنے بیٹے کو ڈانٹ کر خاموش کرایا اور دونوں نماز کیلئے روانہ ہوگئے۔ انہوں نے بتایا کہ نماز کے بعد جب وہ گھر واپس آئے اور کچھ دیر بعد باہر سے واپس لوٹے تو دیکھا کہ ڈاکٹر عبیہا اپنا سامان گاڑی میں رکھ رہی تھیں۔ ان کے مطابق انہوں نے اور ان کی اہلیہ نے انہیں ایسا کرنے سے روکنے کی کوشش کی تاہم بعد میں مشورہ دیا کہ وہ کچھ دنوں کیلئے اپنے والدین کے گھر چلی جائیں تاکہ معاملات ٹھنڈے دماغ سے حل ہوسکیں لیکن ڈاکٹر عبیہا نے عوامی سطح پر اس معاملے کو اچھالا۔ سسر نے اس الزام کو بھی مسترد کیا کہ ان پر گھریلو کام کا غیر ضروری بوجھ ڈالا گیا۔ ان کے مطابق گھر میں تین ملازمائیں موجود ہیں جو تمام کام سنبھالتی ہیں اور ڈاکٹر عبیہا نے گھر کے معاملات میں عملی طور پر بہت کم حصہ لیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ان کا خاندان تعلیم یافتہ اور مہذب ہے اور انہوں نے کبھی بھی اپنی بہو کے ساتھ غیر مناسب رویہ اختیار نہیں کیا۔ ان کے مطابق موجودہ تنازع نے ان کے بیٹے کی روزمرہ زندگی کو بھی متاثر کیا ہ، اور وہ پہلے کی طرح اپنے پیشہ ورانہ امور پر توجہ نہیں دے پا رہے۔ سسر نے کہا کہ ڈاکٹر عبیہا کو شک کی بیماری ہے، انہیں اپنے شوہر پر غیر ضروری شک رہتا تھا اور بعض اوقات وہ انہیں دوستوں کے ساتھ باہر جانے سے بھی روکتی تھیں۔ ان کے مطابق یہ صورتحال ازدواجی تعلقات میں کشیدگی کا باعث بنی۔

فلم اور ٹیلی ویژن کے عظیم اداکار قوی خان کی تیسری برسی 5 مارچ کو منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (شوبز نیوز) فلم اور ٹیلی ویژن کے عظیم اداکار قوی خان کی تیسری برسی 5 مارچ کو منائی جائے گی۔ قوی خان 13 نومبر 1932 کو پشاور میں پیدا ہوئے پاکستان ٹیلی ویژن نے 1964ء میں جب لاہور سے اپنی پہلی نشریات کا آغاز کیا تو وہ پی ٹی وی سے منسلک ہو گئے اور پی ٹی وی کے پہلے ڈرامے 'نذرانہ' میں کام کرنے کا اعزاز حاصل کیا۔ قوی خان نے ڈرامہ سیریل اندھیرا اجالا سے نام کمایا اور ایماندار پولیس آفیسر ڈی ایس پی طاہر کی حیثیت سے اداکاری کے بہترین جوہر دکھائے۔ قوی خان نے 200 سے ذائد فلموں اور لاتعداد ٹی وی ڈراموں میں کام کیا ہے۔ ان کے مشہور ٹی وی ڈراموں میں اندھیرا اجالا، دو قدم دور تھے، لاہوری گیٹ، مٹھی بھر مٹی، من چلے کا سودا، میرے قاتل، میرے دلدار، پھر چاند پہ دستک، در شاہوار، زندگی دھوپ تم گھنا سایہ، صدقے تمہارے، تم کون پیا، سہیلیاں، نظر بد اور الف اللہ اور انسان شامل ہیں۔ جبکہ ان کی چند شہرہ آفاق فلموں میں محبت زندگی ہے، سوسائٹی گرل، چن سورج، سرفروش، کالے چور، زمین آسمان، رانگ نمبر، مہر النساء اور پری شامل ہیں۔ اداکار قوی خان پاکستان ٹیلی ویژن کے پہلے اداکار تھے

مرے ہوئے شخص سے وائس میسج پر تعزیت کرلی' شائستہ لودھی کا انکشاف

جس شخص کا انتقال ہوا میں اسے ہی کہہ رہی تھی میں کام سے لاہور آئی ہوں، میں ضرور آتی ہوں

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ و میزبان شائستہ لودھی نے انکشاف کیا ہے کہ مرے ہوئے شخص سے وائس میسج پر تعزیت کرلی تھی۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے بتایا کہ ہوا کچھ یوں کہ اطلاع آئی کہ کسی جاننے والے کا انتقال ہوگیا ہے میں سمجھی کہ ان کے والد کا انتقال ہوا لیکن انتقال ابرار بھائی کا ہی ہوا تھا، میں ان سے کہہ رہی ہوں کہ لاہور میں کلینک کے کام سے آئی ہوئی ہوں، میں ضرور آتی ہوں، فیملی گروپ پر بھی کہا کہ آپ لوگ ضرور جایئے گا جب فیملی پہنچی تو پتہ چلا کہ جن سے میں افسوس کررہی تھی کہ انہی کا انتقال ہوگیا ہے، میں انہی سے تعزیت کیے جارہی تھی جن کی موت ہوچکی تھی۔ انہوں نے کہا کہ مجھ سے اکثر اس طرح کی بڑی غلطیاں ہوجاتی ہیں میں کسی کو کہہ رہی ہوں کہ تم ہٹ ہوجاگے تو کہہ دیا کہ تم ہاٹ ہوجاؤ گے۔

شناخت برقرار رکھنے کیلئے ہالی ووڈ کا رخ کرنا پڑا، پریانکا چوپڑا

فلمی صنعت میں کام کرنا آسان نہیں، یہ سیاست و تعلقات پر مبنی نظام، جہاں کامیابی عارضی ہوتی ہے، گفتگو

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ پریانکا چوپڑا نے انکشاف کیا ہے کہ ایک وقت ایسا آیا تھا جب انہیں ہندی فلم انڈسٹری میں بہت کم کام مل رہا تھا، انہیں اپنی شناخت برقرار رکھنے کیلئے ہالی ووڈ کا رخ کرنا پڑا۔ بھارتی انفلوئینسر کی ایک حالیہ پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے پریانکا چوپڑا نے کہا کہ فلمی صنعت میں کام کرنا آسان نہیں، یہ سیاست اور تعلقات پر مبنی نظام ہے جہاں کامیابی عارضی ہوتی ہے۔ اداکارہ کے مطابق بالی ووڈ سے ہالی ووڈ جانے سے قبل انہیں محسوس ہو رہا تھا کہ ان کے پاس کام کے محدود مواقع ہیں اور وہ ذہنی، جذباتی اور جسمانی طور پر خود کو بچانے کیلئے نیا راستہ اختیار کرنا چاہتی تھیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ پاپ اسٹار کے طور پر 2 سالہ دوران کیلئے تازہ ہوا کا جھونکا ثابت ہوا، وہ اسٹوڈیو میں پٹ بل اور دی چین اسموکرز جیسے فنکاروں کے ساتھ کام کرکے بے حد متاثر ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندی فلموں میں وہ خود کو محدود اور بے سمت محسوس کر رہی تھیں جبکہ موسیقی نے انہیں نیا موقع فراہم کیا تھا۔ اداکارہ کے مطابق بالی ووڈ سے ہالی ووڈ جانے سے قبل انہیں محسوس ہو رہا تھا کہ ان کے پاس کام کے محدود مواقع ہیں اور وہ ذہنی، جذباتی اور جسمانی طور پر خود کو بچانے کیلئے نیا راستہ اختیار کرنا چاہتی تھیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ پاپ اسٹار کے طور پر 2 سالہ دوران کیلئے تازہ ہوا کا جھونکا ثابت ہوا، وہ اسٹوڈیو میں پٹ بل اور دی چین اسموکرز جیسے فنکاروں کے ساتھ کام کرکے بے حد متاثر ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندی فلموں میں وہ خود کو محدود اور بے سمت محسوس کررہی تھیں جبکہ موسیقی نے انہیں نیا موقع فراہم کیا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بقیہ نمبر 1

نے کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔وزیراعظم نے کہا کہ کاروباری سرگرمیوں میں آسانی اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ریگولیٹری اصلاحات ناگزیر ہیں، حکومت کاروباری برادری کو سہولت فراہم کرنے اور غیرضروری ضابطہ کاری کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان میں اصلاحات کے ذریعے اسے جدید خطوط پر استوار کیا گیا ہے، اسی طرز پر دیگر ریگولیٹری اداروں میں بھی اصلاحات لائی جائیں۔وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ریگولیٹری رجسٹری تشکیل دی جائے تاکہ ملک میں موجود تمام ریگولیٹری تقاضوں اور قواعد و ضوابط کو ایک جامع نظام کے تحت مرتب کیا جا سکے۔وزیراعظم نے کہا کہ کاروبار میں آسانی کے لیے آسان کاروبار ایکٹ کو ملک بھر میں نافذ کیا جائے تاکہ تمام صوبوں میں ریگولیٹری نظام میں ہم آہنگی پیدا ہو اور کاروباری افراد کو یکساں سہولیات میسر آئیں۔وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ریگولیٹری اصلاحات کے اثرات اور افادیت کا جائزہ لینے کے لیے ان اصلاحات کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن بھی کرائی جائے تاکہ اصلاحات کے عملی نتائج کا غیر جانب دارانہ جائزہ لیا جا سکے۔وزیراعظم نے کہا کہ کاروبار میں آسانی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔سرمایہ کاروں کو سازگار اور سہل کاروباری ماحول فراہم کیے بغیر ملکی و غیرملکی سرمایہ کاری کے مطلوبہ اہداف حاصل نہیں کیے جا سکتے۔وزیراعظم نے ہدایت کی کہ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کی جانب سے کی گئی ریگولیٹری اصلاحات کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا جائے تاکہ کاروباری برادری ان اصلاحات سے آگاہ ہو اور ان سے بھرپور استفادہ کر سکے۔وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ایس آئی ایف سی کا وفد تمام صوبوں کا دورہ کرے اور صوبائی حکومتوں کو ریگولیٹری اصلاحات کے عمل میں اعتماد میں لے، تاکہ ملک بھر میں کاروباری سہولت کاری اور ریگولیٹری نظام میں ہم آہنگی پیدا کی جا سکے۔وزیراعظم نے مشیر برائے صنعت ہارون اختر خان کو ہدایت کی کہ صوبوں کے دوروں کے لیے وفد کی قیادت کریں اور ریگولیٹری اصلاحات کے حوالے سے صوبائی حکومتوں کے ساتھ مؤثر رابطہ کاری کو یقینی بنائیں۔وزیراعظم نے تمام وزارتوں اور ڈویژنوں کو ہدایت کی کہ وہ کابینہ کی جانب سے منظور شدہ اصلاحات پر بروقت عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔انہوں نے ایف آئی ایف سی اور چیف سیکریٹری پنجاب کو ہدایت کی کہ وہ مارچ 2027 تک ای-بز پنجاب اور بی ایف سی اسلام آباد کے انضمام کا عمل مکمل کریں۔وزیراعظم نے اس بات پر زور دیا کہ اصلاحات کے نتیجے میں کاروباری اداروں کو ٹھوس فوائد حاصل ہونے چاہئیں۔انہوں نے ایف آئی ایف سی کو ہدایت کی کہ وہ نجی شعبے کے ساتھ فعال تعاون کرے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں مؤثر طریقے سے آگاہی دی جائے اور ان سے استفادہ کیا جائے۔اجلاس کو کاروبار میں آسانی کے حوالے حکومتی اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔اجلاس کو بتایا گیا کہ بزنس فیسلیٹیشن سینٹر کو پنجاب حکومت کی ای بز کی طرز پر جدید بنایا جا رہا ہے، ایکسپورٹ پالیسی آرڈر اور امپورٹ پالیسی آرڈر کو سہل بنایا جا رہا ہے، ایس آئی ایف سی ریگولیٹری ریفارمز کے حوالے سے تمام صوبوں، بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان، سے رابطے میں ہے۔کابینہ کی ریگولیٹری ریفارمز کمیٹی نے 7 ملٹی سیکٹرز میں 557 ریفارمز کی منظوری دی ہے جس سے سالانہ 460 ارب روپے کی بچت متوقع ہے۔اعلامیہ کے مطابق بی ایف سی سے 8717 درخواستیں پر عمل درآمد شروع کیا گیا جن میں سے 71 فیصد مکمل کی گئیں۔اسلام آباد بزنس فیسلیٹیشن مرکز سے 4612 نئے کاروباروں کو سہولیات فراہم کی گئیں، ایس آئی ایف سی ریگولیٹری ریفارمز کے ساتھ ساتھ پالیسی گورننس اور ادارہ جاتی اصلاحات پر بھی کام کر رہی ہے۔اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، مشیر وزیراعظم برائے صنعت ہارون اختر، وزیر برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 2

جماعتِ اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن سے ملاقات کی، ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو میں علامہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ جماعتِ اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کے پاس حاضر ہوئے، ملاقات کا مقصد آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی دعوت دینا تھا۔انہوں نے کہا کہ ملاقات میں خیبر پختون خوا کی صورتحال پر بھی بات چیت ہوئی اور اس بات پر اتفاق ہوا ہے کہ ایمرجنسی یا گورنر راج مسئلے کا حل نہیں۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ موجودہ حالات میں مل بیٹھ کر بات چیت کرنے کی ضرورت ہے، جماعتِ اسلامی آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کرے گی۔امیر جماعتِ اسلامی نے کہا کہ خیبر پختون خوا میں گورنر راج کی باتیں ہو رہی ہیں، آئین کو معطل یا پامال کر کے مخصوص مقاصد کے لیے کیے گئے کسی اقدام کی حمایت نہیں کریں گے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پی ٹی آئی سے مذاکرات بامعنی ہونے چاہئیں، پی ٹی آئی نے بھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ عمران خان پی ٹی آئی کے لیڈر ہیں اور جیل میں ہیں، انہیں پارٹی رہنماؤں سے ملاقات کی اجازت ہونی چاہیے، پی ٹی آئی کے مطالبات جائز ہیں۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ملاقات میں بہت اچھی گفتگو ہوئی اور جماعتِ اسلامی نے آل پارٹیز کانفرنس کی دعوت قبول کر لی ہے، ہم کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

بقیہ نمبر 3

اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ملاقات کی تصاویر جاری کر دیں۔یہ ملاقات اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر عالمی رہنماؤں کے اعزاز میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ ضیافت کے موقع پر ہوئی تھی۔

بقیہ نمبر 4

فضل الرحمٰن نے مدینہ منورہ پر حوثیوں کے حملے کی خبر پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مدینہ منورہ پر حملے کی خبر سے دل رنجیدہ اور زخمی ہے، مقدس شہر پر حملے کی جسارت سفاکیت کی انتہا ہے۔ایک بیان میں مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ مدینہ منورہ پر حملے کی خبر سے دل رنجیدہ اور زخمی ہے، مقدس شہر پر حملے کی جسارت سفاکیت کی انتہا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ مدینہ منورہ پر حملہ عالم اسلام کے دلوں اور عقیدے پر حملہ ہے، یہ صرف مملکتِ سعودی عرب پر نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ پر حملہ ہے۔مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ امت مسلمہ کو یکجا ہو کر حملہ آوروں کا مقابلہ کرنا ہوگا، مسلمان حکمران اگر حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے متحد نہیں ہوں گے تو پھر کب ہوں گے؟۔انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کا تحفظ جمعیت علمائے اسلام کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔

بقیہ نمبر 5

ل حمایت کے ساتھ مسلح افواج پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی زیرِ صدارت 277 ویں کور کمانڈر کانفرنس کا انعقاد ہوا جہاں شرکائے شہدا کی بے مثال قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔فورم نے مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مادرِ وطن کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کیلئے فاتحہ خوانی کی۔شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ کسی بھی جواز پر، پرتشدد انتشار یا 9 مئی جیسے حالات پیدا کرنے کی کسی بھی کوشش سے نمٹا جائے گا۔شرکاء نے کہا کہ ایسی صورت میں فیصلہ کن طاقت اور قانون کے ساتھ بلاامتیاز اور بلا جھجھک نمٹا جائے گا، افغانستان سے ہونے والی دہشتگردی کے خلاف ٹارگیٹڈ کارروائیاں پاکستان کا دفاعی حق ہیں۔فورم نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ انسدادِ دہشتگردی کی کارروائیوں کو سراہا۔شرکاء نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے کیلئے زمینی کارروائیوں کے ساتھ بہترین انتظامی اور گورننس کے اقدامات ناگزیر ہیں۔شرکاء نے کہا کہ ضروری ہے عوام کے ساتھ دہشتگردی کی وجوہات پر مؤثر رابطہ کاری اور بیانیے پر کام کیا جائے، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے مخصوص عناصر کے ٹیرر کرائم گٹھ جوڑ کو توڑنا ضروری ہے۔کور کمانڈر کانفرنس میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ پولیس کی استعداد کار کو بھی بڑھانا ہوگا، پاکستان کیلئے داخلی استحکام انتہائی اہم ہے۔فورم نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیر مقدم کیا، فورم نے معاہدے کو دیرینہ اسٹریٹجک تعلقات اور مشترکہ دفاعی تعاون کے فروغ کا اہم قرار دیا۔کور کمانڈرز کانفرنس کے شرکا نے سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں پر اظہار برہمی کیا اور اس کی شدید مذمت کی۔شرکا نے سعودی عرب سے اظہار یکجہتی اور حرمین شریفین کے تحفظ و تقدس کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔فورم نے مطالبہ کیا کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل کیا جائے۔فیلڈ مارشل نے کہا کہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کو مزید مضبوط کرنے کے عمل کو جاری رکھا جائے، فارمیشنز جدید ٹیکنالوجی کے حصول، ٹریننگ اور تمام جنگی جہتوں کے انضمام کے ذریعے اپنی دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ جاری رکھیں، قوم کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ مسلح افواج پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کے تحفظ کیلئے مکمل طور پر تیار ہیں۔

بقیہ نمبر 6

خیبر پختون خوا میں قومی سلامتی اور امن و امان کی صورتِ حال پر وزیرِ داخلہ نے بریفنگ دی۔حکومت اور اپوزیشن مذاکرات کے درمیان نمازِ جمعہ کا وقفہ لیا گیا، نمازِ جمعہ میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کی کامیابی کیلئے دعا کی گئی، دعا خصوصی طور پر پارلیمنٹ کی مسجد کے امام نے کروائی۔حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کے پہلے دور میں ماحول کئی بار کشیدہ ہوا اور فریقین کے درمیان گرما گرمی بھی ہوئی۔ذرائع کے مطابق حکومتی ٹیم نے واضح کیا کہ اسلام آباد پر چڑھائی کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی، حکومت نے اپوزیشن سے باضابطہ طور پر لانگ مارچ ملتوی یا منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا، حکومت نے اپوزیشن کو عدالتی فیصلے پر عمل درآمد کی یقین دہانی بھی کروائی۔ذرائع کے مطابق حکومتی ٹیم نے کہا کہ لانگ مارچ، دھمکیاں دینا اور اڈیالہ جیل پر حملے کی بات کرنا درست نہیں، مذاکرات میں لچک کا مظاہرہ صرف حکومت نہیں بلکہ اپوزیشن کو بھی کرنا ہو گا۔اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے فریقین پر افہام و تفہیم کے ساتھ آگے بڑھنے پر زور دیا۔ذرائع کے مطابق اپوزیشن قیادت اور محمود خان اچکزئی کا مقف بیرسٹر گوہر نے حکومتی ٹیم کے سامنے رکھا، پہلے سیشن میں محسن نقوی، علامہ راجہ ناصر عباس اور بیرسٹر گوہر نے گفتگو کی جبکہ پیپلز پارٹی کے اراکین زیادہ تر خاموش رہے۔عدالتی معاملات پر مشیر سیاسی امور رانا ثناء اللہ اور اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا، اسپیکر نے مداخلت کرتے ہوئے دونوں فریقین کو تحمل کا مظاہرہ کرنے کی تلقین کی۔علامہ راجہ ناصر عباس نے عدالتی فیصلوں پر مکمل عمل نہ ہونے اور بانی چیئرمین سے ملاقاتوں پر پابندی سمیت حکومتی اقدامات پر مایوسی کا اظہار کیا۔رانا ثناءاللہ نے کہا کہ عدالتیں اپنا کام کر رہی ہیں اور لانگ مارچ سے متعلق عدالتی فیصلوں پر عمل کروایا جائے گا۔ذرائع کے مطابق اپوزیشن رہنماؤں نے اپنے دیگر قائدین کو بھی اعتماد میں لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ذرائع کے مطابق مذاکرات کے آغاز پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختون خوا حکومت اور وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے خلاف نکات پیش کیے اور تحریکِ طالبان پاکستان کے حملوں اور امن و امان کی صورتِ حال کو خیبر پختون خوا حکومت کی ناکامی قرار دیا۔علامہ راجہ ناصر عباس نے حکومتی مقف مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ہم دہشت گردی پر نہیں بلکہ سیاسی معاملات پر بات کرنے آئے ہیں، مذاکرات کو دہشت گردی سے جوڑا جا رہا ہے، ارکانِ اسمبلی کی گرفتاریوں کا ذمے دار کون ہے۔ذرائع کے مطابق علامہ راجہ ناصر عباس نے موقف اختیار کیا کہ تحریکِ انصاف کے رہنما اپنی قیادت کی اجازت کے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے، بانی چیئرمین سے ملاقات کے بغیر پی ٹی آئی رہنماں سے فیصلوں کی توقع کیوں کی جاتی ہے، مسائل کا حل محمود خان اچکزئی اور ان کی بانی چیئرمین سے ملاقات کے بعد ہی نکل سکتا ہے۔شیری رحمٰن نے سوال کیا کہ ملاقات کی کیا ضمانت ہے کہ اس کے بعد مسائل حل ہو جائیں گے؟ علامہ راجہ ناصر عباس نے جواب دیا کہ میں اس کی ذمے داری لیتا ہوں، بانی چیئرمین سے ملاقات ہوگی تو حالات بہتر ہوں گے، جب تک ملاقات نہیں ہوتی کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوگا

بقیہ نمبر 7

کی سہولت کاری میں ملوث ہو کر سیاست کے پیچھے نہیں چھپ سکتے، ڈی جی آئی ایس پی آر نے یہ واضح الفاظ بتا دیا ہے۔خواجہ آصف نے کہا ہم دہشت گردی سے لڑ رہے ہیں، آپ آگے کیوں نہیں آتے؟ آپ کیا بزدل ہیں یا دہشت گردوں سے ملے ہوئے ہیں؟ دہشت گردی کے بیانیے میں کنفیوژن ڈالتے ہیں، پولیس کی کپیسٹی بلڈنگ کیوں نہیں کرتے۔خواجہ آصف نے گزشتہ روز کی پریس کانفرنس کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کے پی حکومت کی تقریباً چارج شیٹ پڑھ کر سنا دی، بالکل واضح پیغام، اب ایسا نہیں چلے گا۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمارے لیے سب سے اہم یہ ہے کہ ریاست ہے تو سیاست ہے، ریاست ہے تو جمہوریت ہے اور ریاست ہے تو میں اور آپ ہیں

بقیہ نمبر 8

محسن جٹ کا تعلق جٹاں والی حویلی لدھڑ سے ہے۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بھارتی میڈیا نے بھی فالس فلیگ آپریشن کی روش رکھتے ہوئے معصوم شہریوں کو درانداز قرار دے دیا، تینوں افراد میں سے کسی نے بھی بارڈر فینس عبور کرنے کی کوشش نہیں کی تھی۔بھارتی فورسز کی شہریوں پر فائرنگ کا واقعہ بارڈر معاہدہ اور ایس او پیز کی کھلی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ نمبر 9

نوں کو بھی تباہ کر دیا گیا جبکہ اس دوران 7 خوارج مارے گئے۔سیکیورٹی فورسز کے مطابق عزمِ استحکام وژن کے تحت دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔دریں اثناء صدر زرداری، وزیراعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں فتنۃ الخوارج کے خلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے آپریشن میں 7 خوارج دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں۔اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان کے علاقے عیدک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 7 خوارج جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف منظم کارروائیاں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور ہمارے قومی عزم کی عکاس ہیں، سیکیورٹی فورسز نے کارروائی میں فتنۃ الخوارج دہشتگردوں کے ٹھکانوں کو بھی تباہ کیا جو لائق تحسین ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران اور جوانوں کی شاندار کارکردگی ملکی امن و سلامتی کی ضامن ہے، فتنۃ الخوارج کے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملانے کے لیے پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ تمام دہشت گرد عناصر کے خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی بھرپور کارروائیاں جاری رہیں گی، پوری قوم اپنی بہادر مسلح افواج پر فخر کرتی ہے۔شمالی وزیرستان میں کامیاب آپریشن پر وزیرداخلہ محسن نقوی نے اپنے بیان میں فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ 7 بھارتی اسپانسرڈ دہشتگردوں کو ہلاک کرنے والے وطن کے بہادر سپوت قوم کے ہیرو ہیں۔محسن نقوی نے کہا کہ فورسز کے بہادر سپوت پوری قوم کا سرمایہ افتخار ہیں، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں فورسز کی کامیابیاں قابل تحسین ہیں۔

بقیہ نمبر 10

کو ان کی مرضی کی اسکیم دی ہے اب ٹیکس ریٹرن جمع نہ کروانے کا کوئی جواز باقی نہیں رہا۔خیال رہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ٹیکس فائلر بننے کیلئے گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ میں توسیع کر دی۔ایف بی آر اعلامیے کے مطابق انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر مقرر کی گئی تھی جس میں 15 روز کی توسیع کی گئی ہے۔اعلامیے کے مطابق ٹیکس دہندگان اپنے انکم ٹیکس گوشوارے 15 اکتوبر تک جمع کروا سکتے ہیں۔ایف بی آر ذرائع کے مطابق ستمبر میں ٹیکس وصولی کا 100 فیصد ہدف حاصل کیا گیا ہے۔اس ماہ میں مجموعی ٹیکس وصولی ایک ہزار 390 ارب روپے رہی۔

بقیہ نمبر 11

قیصر بھی صحافی سے الجھ پڑے اور بولے کہ میرے منہ میں الفاظ نہ ڈالیں، فارم 47 والی بات پر قائم ہوں، سلمان اکرم راجا نے کہا کہ لانگ مارچ ہمارا حق ہے اس سے کوئی نہیں روک سکتا۔

بقیہ نمبر 12

93 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ملکی ٹیکسٹائل صنعت عالمی منڈیوں میں اپنی پوزیشن مزید مستحکم کر رہی ہے، جبکہ یہ شعبہ ملکی معیشت اور برآمدات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔مالی سال 2026 کے دوران پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات 40 ملین ڈالر اضافے کے ساتھ 17.93 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔مالی سال 2027 کے ابتدائی 2 ماہ میں بھی ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی برآمدات میں اضافے کا رجحان برقرار رہا اور برآمدات 5.55 فیصد بڑھ کر 3.38 ارب ڈالر ہو گئیں۔ٹیکسٹائل برآمدات میں مسلسل پیش رفت پاکستان کے صنعتی اور برآمدی شعبے کی مضبوطی کی عکاسی کرتی ہے، جبکہ شعبے میں بڑھتی سرگرمیاں برآمدات اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع کو بھی فروغ دے رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 13

ہے۔پولیس ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کو 20 ستمبر کو اغواء کیا گیا تھا۔ڈپٹی کمشنر کو ایک پرائیویٹ گاڑی میں کوئٹہ سے خاران جاتے ہوئے تین دیگر افراد کے ہمراہ اغواء کیا گیا تھا، دیگر افراد میں ان کا ڈرائیور اور ذاتی محافظ بھی شامل تھے۔پولیس ذرائع نے بتایا کہ ڈپٹی کمشنر کے ڈرائیور اور ذاتی محافظ کو اغواء کے تین روز بعد رہا کر دیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 14

قومی اسمبلی ایاز صادق کی زیرِ صدارت ہوئے۔نمازِ جمعہ کے دوران پارلیمنٹ کی مسجد کے امام نے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کی کامیابی کے لیے خصوصی دعا کروائی۔علامہ ناصر عباس سے رپورٹر نے سوال پوچھا کہ امام صاحب نے دعا کروائی ہے کہ مذاکرات کی کامیابی کے لیے؟ اس کے جواب میں انہوں نے رپورٹر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ اور قوم بھی دعا کریں کہ اپوزیشن اور حکومت کے درمیان جاری مذاکرات کامیاب ہوں۔

بقیہ نمبر 15

کہ اس طرح کے اقدامات سے تشدد بڑھتا ہے، کم نہیں ہوتا۔رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن و امان کی تشویشناک صورتحال ہے، فتنۃ الخوارج اور دیگر کے حملوں میں ہمارے لوگ شہید ہو رہے ہیں، ہمارے فوجی شہید ہو رہے ہیں، پولیس والے شہید ہو رہے ہیں، فرد واحد کیلئے ہم کبھی بھی لانگ مارچ نہیں کرتے۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے مطالبات پر ابھی کوئی بات نہیں کر سکتی۔ہم نے ایک دوسرے کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائی۔شیری رحمان نے کہا کہ ابھی جو بات ہو رہی ہے اس کو وقت دینا ہوگا۔ہماری کوشش ہوگی (آج) ہفتہ کو مذاکرات مکمل ہو جائیں اور کسی نتیجے پر پہنچیں۔

بقیہ نمبر 16

تھا اور حکومتی وفد سے ملاقات کے بعد صورتحال مزید واضح ہو جائے گی۔عامر ڈوگر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بیرسٹر گوہر اور اسد قیصر سے رابطہ کیا گیا ہے، جبکہ وزیر اعظم ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں لانگ مارچ کے معاملے پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں بتایا گیا کہ وزیراعظم نے اپوزیشن کو انگیج کرنے کی ہدایت کی ہے۔رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ ان کا مطالبہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی تک ڈاکٹرز کو رسائی دی جائے، ان سے ملاقات کی اجازت ہو اور آئین کی عمل داری یقینی بنائی جائے، اگر حکومت کی نیت درست ہے تو ان مطالبات کو تسلیم کرنے میں کوئی مسئلہ نہیں ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی سے متعلق معاملات پر تحریک انصاف کی وکلا ٹیم نے غور کیا ہے، ایمرجنسی یا گورنر راج کے نفاذ سے ملک میں تناؤ بڑھے گا، جبکہ دہشتگردی اور بے روزگاری پہلے ہی بڑے مسائل ہیں۔عامر ڈوگر نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کا مینڈیٹ کچلا گیا تو اس سے نفرت بڑھے گی، لانگ مارچ کی وجہ سے ایک ہزار سے زائد افراد کو اٹھایا گیا ہے جبکہ پنجاب کے مختلف اضلاع میں کارکنان نظر بند ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت ان کا بنیادی مطالبہ ہے جس پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 17

پر دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔بلاول بھٹو زرداری نے مرحومہ کیلئے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کی دعاء کی۔بلاول بھٹو زرداری نے ملک عیسیٰ خان ملازئی سمیت سوگوار خاندان کیلئے بھی صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ نمبر 18

یکہ جنگ میں ثالثی کیلئے پاکستان کی سفارتی کوششوں، آبنائے ہرمز اور باب المندب کی بندش، تنازعہ کشمیر، مسئلہ فلسطین، حالیہ پاک-بھارت جنگ اور سندھ طاس معاہدہ کی خلاف ورزی کے حوالے سے پاکستان کا جامع اور مدلل موقف پیش کیا، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کے تحت سٹریٹجک پولیٹیکل ڈیفنس کمیٹی کا اجلاس جلد ریاض میں ہوگا۔جمعہ کو یہاں میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے نائب وزیراعظم نے کہا کہ 21 سے 26 ستمبر کے دوران اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کا موقع ملا، ہر سال کی طرح یہ ایک ایسا موقع تھا جس میں عالمی رہنماؤں کے ساتھ مفید ملاقاتیں ہوئیں، عالمی فورم میں شرکت کا موقع ملا، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر پاکستانی وفد کی قیادت کی۔انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں کھلی بحث کے دوران اہم عالمی رہنماؤں بشمول اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے خطاب کیے، اس موقع پر مختلف ممالک کے سربراہوں اور رہنماؤں کے ساتھ ملاقاتوں کے دوران ہم نے ملکی مفاد، سفارتکاری اور دوطرفہ باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا جس کے نمایاں نتائج سامنے آئے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں اپنی تقریر کے دوران پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے پاکستان کا علاقائی اور عالمی امور اور چیلنجز پر نقطہ نظر جامع اور موثر انداز میں پیش کیا، اس موقع پر انہوں نے مسئلہ فلسطین اور تنازعہ جموں و کشمیر کے حوالے سے پاکستان کا دوٹوک موقف اجاگر کیا، وزیراعظم نے حالیہ پاک-بھارت جنگ اور سندھ طاس معاہدہ سے متعلق پاکستان کے موقف سے آگاہ کیا، ایران-امریکہ جنگ کے دوران امن اور مذاکرات کے فروغ کو بھی اجاگر کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پاس رواں سال 31 دسمبر تک اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی منتخب رکنیت ہے، 2025 میں پاکستان کو یہ صدارت ملی اور مجھے پاکستان کی نمائندگی کا موقع ملا، تین روزہ تقریبات کے دوران کثیر جہتی اور تنازعات کے پرامن حل پر توجہ مرکوز کی گئی، اس حوالے سے پاکستان کو بہت سراہا گیا، اقوام متحدہ کے کثیرالجہتی اور اقوام متحدہ میں اصلاحات کیلئے ہم نے بھرپور کردار ادا کیا ہے، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں 12 سال بعد کثیرالجہتی اور تنازعات کے پرامن حل کے حوالے سے ہماری قرارداد متفقہ طور پر پہلی منظور کی گئی، یہ عالمی برادری کی جانب سے پاکستان کی کوششوں کے اعتراف کا ثبوت ہے۔نائب وزیراعظم نے کہا کہ اقوام متحدہ اور او آئی سی کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے اپنی تقریر کے دوران ایران-امریکہ جنگ کے دوران پاکستان کی سفارتی کوششوں کو اجاگر کیا جس کے تحت 47 سال بعد ایران اور امریکہ کو ایک میز پر بٹھایا گیا، امریکہ اور ایران کے درمیان 10 اور 11 اپریل کو اسلام آباد میں 21 گھنٹے مذاکرات ہوئے۔انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز اور باب المندب کے توانائی کی رسد اور عوام پر منفی اثرات کے حوالے سے بھی آگاہ کیا جس کے نتیجہ میں پاکستان سمیت دنیا بھر میں مہنگائی میں اضافہ ہو رہا ہے، حکومت نے مالی مشکلات کے باوجود اس تناظر میں دو اور تین پہیوں والی اور 800 سی سی تک چار پہیوں والی گاڑیوں کو فیول ریلیف دیا، کفایت شعاری اور ایندھن پر ریلیف دینے کیلئے کئی اجلاس منعقد کئے۔انہوں نے کہا کہ لاکھوں لوگ اس سکیم سے مستفید ہو رہے ہیں، یہ وزیراعظم کا دلیرانہ اقدام تھا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں افغانستان سے دہشت گردی کا سامنا ہے، جس کے خطرات اور نقصانات کے حوالے سے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپنی تقریر میں کھل کر دنیا کے سامنے رکھا، انہوں نے سعودی عرب کی حالیہ صورتحال کے حوالے سے خطرات اور حملوں کا معاملہ بھی اپنی تقریر میں اٹھایا، بالخصوص ایران-امریکہ جنگ کے دوران پاکستان کی کوششوں بالخصوص چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزارت خارجہ کو سراہا، یہ ان کی جامع، مدلل اور کامیاب تقریر تھی جسے دنیا بھر میں دیکھا گیا اور ان کی تقریر کے دوران تالیاں بجائی گئیں اور سراہا گیا۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے وفد کے ہمراہ ترقی کے حق کے حوالے سے انتہائی اہم فورم میں شرکت کی اور اس میں پاکستان کا نقطہ نظر اور موقف پیش کیا، وزیراعظم نے گلوبل ڈویلپمنٹ انیشیٹو فورم کے موقع پر اعلیٰ سطحی ملاقاتیں کیں، یہ چین کا انیشیٹو ہے، اس میں گلوبل سولائزیشن انیشیٹو، گلوبل سکیورٹی انیشیٹو، گلوبل گورننس انیشیٹو اور گلوبل ڈویلپمنٹ انیشیٹو شامل ہیں۔چین کے نائب صدر نے بھی اس میں شرکت کی۔وزیراعظم محمد شہباز شریف تین مقررین میں شامل تھے، انہوں نے پاکستان کی بہترین نمائندگی کی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے سربراہان مملکت کے اعزاز میں ضیافت میں شرکت کی، اس موقع پر انہوں نے کئی ممالک کے سربراہان سے مثبت اور نتیجہ خیز دوطرفہ ملاقاتیں کیں، وائٹ ہاؤس نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ملاقات کی تصاویر جاری کی ہیں، وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سے وفد کے ہمراہ ملاقات کی، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے ہماری دورہ پاکستان کی دعوت قبول کی ہوئی ہے، وہ پاکستان کے بہت بڑے سپورٹر ہیں، پاکستان میں قدرتی آفات کے دوران انہوں نے اہم کردار ادا کیا، ان کے عہدے کی مدت 31 دسمبر کو ختم ہو رہی ہے، امید ہے کہ وہ اس سے پہلے اور جلد پاکستان کا دورہ کریں گے، وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے کویتی ہم منصب، ایرانی صدر، شام کے صدر، بنگلہ دیشی وزیراعظم سمیت دیگر ممالک کے سربراہان کے ساتھ وفد کے ہمراہ مثبت اور مفید ملاقاتیں کیں۔ایران-امریکہ جنگ کے دوران پاکستان نے جنگ بندی میں اہم کردار ادا کیا، لبنان کا علاقہ بھی اس جنگ بندی کا حصہ تھا، اس حوالے سے لبنانی وزیراعظم سے ملاقات بہت اہم تھی جس میں انہوں نے پاکستان کا شکریہ ادا کیا اور پاکستان کی حمایت کو سراہا۔وزیراعظم نے یورپی کمیشن اور یورپی کونسل کے سربراہان سے بھی ملاقاتیں کیں اور جی ایس پی پلس سمیت دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔آئی ایم ایف کی ایم ڈی سے ملاقات انتہائی مفید رہی، انہوں نے ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر پاکستان کو سراہا، پاکستان امریکن بزنس لیڈر کے وفد نے بھی ان سے ملاقات کی، انہوں نے بل گیٹس اور پاکستانی نوجوانوں کے وفد سے ملاقات کی۔سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ انہوں نے فلسطین سے متعلق او آئی سی کی چھ ملکی کمیٹی کے اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کی، مصر کی میزبانی میں غزہ سے متعلق آٹھ عرب اسلامی ممالک کے گروپ کے اجلاس میں شرکت کی، رینجبل فور (آر-4) گروپ کے اجلاس میں شرکت کا موقع ملا، جموں و کشمیر سے متعلق او آئی سی رابطہ گروپ اور افغانستان سے متعلق او آئی سی کے رابطہ گروپ کے اجلاسوں میں بھی شرکت کی، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے رکن ممالک کیلئے مصنوعی ذہانت سے متعلق اجلاس میں شرکت کا موقع ملا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا مکہ معاہدہ کے تحت اجلاس منعقد ہوا، مکہ معاہدہ کے تحت سٹریٹجک پولیٹیکل ڈیفنس کمیٹی میں ہر ملک سے تین رکن ہیں جس میں تینوں ممالک کے وزرا خارجہ، وزرا دفاع اور چیف آف آرمی سٹاف شامل ہیں، 7 اگست کو مکہ معاہدہ پر دستخط کئے گئے تھے، 31 اگست کو اس کا پہلا اجلاس استنبول میں ہوا، تینوں ممالک کے آرمی چیفس کا خصوصی اجلاس 25 ستمبر کو ریاض میں منعقد ہوا، اس سے پہلے تینوں وزرا خارجہ کی ملاقات نیویارک میں ہوئی کیونکہ حوثیوں کے سعودی عرب پر حملوں میں اضافہ ہوا، پوری سٹریٹجک پولیٹیکل ڈیفنس کمیٹی کا اجلاس جلد ریاض میں ہوگا جس کا اصولی فیصلہ ہو چکا ہے، مکہ معاہدہ کے تحت موجودہ بالخصوص سعودی عرب کے حوالے سے صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا اور مستقبل کی حکمت عملی وضع کی جائے گی، اقوام متحدہ کے وبائی، اس کے اثرات اور اس سے بچاؤ کے حوالے سے کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کی، گروپ 77 وزرا خارجہ کے اجلاس میں شرکت کی، اس موقع پر ای سی او کی وزرا خارجہ کونسل کے اجلاس کی صدارت کی، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے غیر مستقل ممبران کے وزارتی اجلاس میں شرکت کی، مشرق وسطیٰ میں امن کیلئے فلسطین کے دو ریاستی حل کے حوالے سے اجلاس میں شرکت کی اور پاکستان کا موقف اجاگر کیا، مقبوضہ بیت المقدس سے متعلق عرب لیگ اور اسلامی ممالک کے اجلاس میں شرکت کی۔اس موقع پر ایران، کویت، آسٹریا، یونان، بلغاریہ سمیت 28 ممالک کے وزرا خارجہ سے ملاقاتیں کیں۔فلسطین کے مستقل مندوب سے ملاقات ہوئی، فلسطینی صدر محمود عباس کو مسلسل دوسرے سال ویزا نہیں دیا گیا اور انہوں نے اجلاس میں شرکت نہیں کی۔خلیج تعاون کونسل کے سیکرٹری جنرل سے بھی ملاقات ہوئی۔انہوں نے کہا کہ اس دورہ کے دوران تین معاہدوں پر دستخط کئے گئے۔ایک سوال کے جواب میں نائب وزیراعظم نے کہا کہ حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے اپنی جان بھی قربان کرنے کیلئے تیار ہیں، پاکستان نے ہمیشہ مشکل کی گھڑی میں اپنی ذمہ داری نبھائی ہے، سعودی عرب کے ساتھ دو معاہدے ہیں جن میں باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ شامل ہیں۔حالیہ پاک-بھارت جنگ کے دوران پاکستان کی فتح پر پاکستانی قوم کی طرح ترکیہ اور آذربائیجان کے عوام نے بھی اظہار تشکر کیا۔

بقیہ نمبر 19

آٹ لک مستحکم ہے۔روپیہ مستحکم ہے اور مہنگائی میں کمی کا امکان ہے۔کرنٹ اکانٹ خسارہ ہدف سے کم رہنے کا امکان ہے۔حکومت کا معاشی ہدف 4 فیصد نمو برقرار رہے گا۔معاشی آٹ لک پر مشرقِ وسطی تنازع کا اثر نہیں پڑے گا تاہم آئی ایم ایف اور پاکستان میں ایکسچینج ریٹ، شرح سود پر اختلاف ہے، آئی ایم ایف کا مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود سخت رکھنے کا موقف ہے۔ملنے والی معلومات کے مطابق اب تک ہونے والی متعدد ملاقاتوں میں آئی ایم ای کو بتایا گیا ہے کہ رواں مالی سال برآمدات 34 ارب ڈالر اور ترسیلات زر 45.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کا تخمینہ ہے۔رواں مالی سال درآمدات 69 سے 70 ارب ڈالر رہنے کا تخمینہ ہے۔کرنٹ اکانٹ خسارہ 2.5 سے 3 ارب ڈالر رہنے کی توقع ہے۔آئی ایم ایف کا مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود سخت رکھنے کا مقف ہے جبکہ پاکستان حکام کا کہنا ہے کہ دسمبر کے بعد مہنگائی میں بتدریج کمی متوقع ہے۔عالم سطح پر تیل 80 ڈالر فی بیرل رہا تو مہنگائی 7.5 فیصد تک جاسکتی ہے۔تیل 100 ڈالر فی بیرل رہا تو مہنگائی 8.2 فیصد تک جاسکتی ہے۔روپے کا استحکام درآمدی مہنگائی کم رکھنے میں مددگار ہوگا۔بریفنگ کے مطابق زرمبادلہ ذخائر سے بیرونی شعبہ مستحکم رہنے کی توقع ہے۔ترسیلات زر میں پہلے دو ماہ کے دوران 14.7 فیصد اضافہ ہوا۔خوراک کی مقامی پیداوار سے درآمدی بل محدود رہنے کی توقع ہے۔مشرقِ وسطی تنازع کے باوجود 4 فیصد معاشی نمو کا ہدف برقرار ہے تاہم مہنگا تیل اور سپلائی میں رکاوٹیں معاشی خطرات ہیں۔

بقیہ نمبر 20

میں 60 فیصد خالی مستقل آسامیاں ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا اور اس حوالے سے متعلقہ فنانشل ایڈوائزرز اور چیف اکاؤنٹس افسران کو ہدایات بھی جاری کردی گئی ہیں۔کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس (سی جی اے) نے وفاقی کابینہ کے 27 اگست 2024 کے فیصلے کی روشنی میں 60 فیصد خالی مستقل آسامیوں کے خاتمے کے حوالے سے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کردی ہیں۔کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس کی جانب سے جاری مراسلے میں کہا گیا کہ ادارہ جاتی اصلاحات سے متعلق رپورٹ کے پیرا 6(i) کے تحت ان آسامیوں کو ختم کرنے کی سفارش کی گئی تھی جو کم از کم ایک سال سے خالی چلی آرہی ہیں جس کا مقصد رائٹ سائزنگ اور کفایت شعاری کے اقدامات پر عمل درآمد ہے۔مراسلے کے مطابق ختم کی جانے والی آسامیوں میں وہ عہدے شامل نہیں ہوں گے جو تبادلے، پوسٹنگ یا پروموشن کیلئے مختص ہونے کے باعث خالی ہیں۔مزید بتایا گیا کہ کابینہ کے فیصلے پر عمل درآمد کے لیے ہر کیڈر میں ختم کی جانے والی آسامیوں کو بنیادی طور پر وکینسی روسٹر کے مطابق ابتدائی تقرری، براہ راست بھرتی کے کوٹے سے منہا کیا جائے گا۔اس حوالے سے تمام فنانشل ایڈوائزرز اینڈ چیف اکاؤنٹس آفیسرز کو اپنے متعلقہ ویکنسی روسٹرز پر نظر ثانی یا انہیں تیار کرنے اور پروموشن کیسز اسی کے مطابق پراسیس کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 21

ل ﷺ کی جانب کسی بھی جارحیت یا حملے کی خبر امتِ مسلمہ کے دلوں کو زخمی کر دیتی ہے، حرمین شریفین کی حرمت اور تقدس ہمارے ایمان اور عقیدے کا حصہ ہے۔جمعرات کو ایکس پر اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مقدس مقامات کی طرف اٹھنے والا ہر قدم پوری امت کے جذبات کو مجروح کرتا ہے۔پاکستان اور سعودی عرب کا رشتہ ایمان، محبت، عقیدت، اخوت اور قلبی وابستگی کا لازوال رشتہ ہے۔سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کا تحفظ ہر پاکستانی کے دل کی آواز ہے۔سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کی حرمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم اپنے برادر ملک سعودی عرب کے ساتھ کھڑی ہے۔دعا ہے اللہ تعالیٰ مدینہ منورہ، مکہ مکرمہ، حرمین شریفین اور پورے سعودی عرب کو ہر قسم کی آفت، شر اور فتنے سے محفوظ فرمائے۔اللہ تعالیٰ روضہ رسول ﷺ کی حرمت ہمیشہ قائم و دائم رکھے اور امتِ مسلمہ کو اتحاد و محبت نصیب فرمائے۔

بقیہ نمبر 22

رکیا جا رہا ہے، تاہم حتمی فیصلہ مشاورت کے بعد ہوگا، 27 ستمبر کو بھی حکومت کی تیاری مکمل تھی اور 4 اکتوبر کے لیے بھی مکمل ہے، اسلام آباد کے تحفظ اور ہجوم کو روکنے کے لیے حکومت تیار ہے۔نجی ٹی وی سے گفتگو طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ایمرجنسی کے نفاذ اور اس کے ممکنہ اثرات سے متعلق ورکنگ مکمل کی جا چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اتحادی ہے اور جن معاملات پر شکایات ہیں، حکومت کا موقف ہے کہ ان پر بات کی جائے۔اگر مذاکرات سے یہ سمجھا جائے کہ تحریک انصاف لانگ مارچ موخر کردے گی تو ایمرجنسی کا معاملہ بھی ختم ہو جائے گا، تاہم لانگ مارچ اور ایمرجنسی کے معاملے کا کوئی تعلق نہیں۔انہوں نے کہا کہ 27 ستمبر کو بھی حکومت کی تیاری مکمل تھی اور 4 اکتوبر کے لیے بھی مکمل ہے، اسلام آباد کے تحفظ اور ہجوم کو روکنے کے لیے حکومت تیار ہے۔طارق فضل چوہدری کے مطابق ایمرجنسی کے نفاذ کی بات خیبر پختونخوا میں دہشتگردی میں اضافے کے تناظر میں شروع ہوئی۔صوبے میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی شہادتوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ خیبر پختونخوا حکومت وفاقی سطح پر دہشتگردی روکنے کے اقدامات کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہے، جبکہ بلوچستان کی صوبائی حکومت وفاقی اقدامات کے ساتھ کھڑی ہے۔طارق فضل چوہدری نے کہا کہ مذاکرات میں اس بات پر بھی بات ہوگی کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی روکنے کے لیے صوبائی حکومت کو کس طرح تعاون کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ 27 ستمبر کو بھی تحریک انصاف نے لانگ مارچ کا اعلان کیا تھا، تاہم اس وقت ایمرجنسی کی بات نہیں کی گئی تھی۔خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال دن بدن خراب ہو رہی ہے، صوبائی حکومت کی کمزوری کے باعث دہشتگردی، جرائم اور اسمگلنگ کا گٹھ جوڑ بڑھ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبے کے حالات پر قابو پانے کے لیے خیبر پختونخوا حکومت کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔طارق فضل چوہدری نے مزید کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی عدالت کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

بقیہ نمبر 23

اربوں ڈالر کی معاشی ترقی اور برآمدات بڑھانے کی صلاحیت موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ کان کنی اور پراسیسنگ کے مراحل میں قیمتی پتھروں کا بڑا حصہ ضائع ہو جاتا ہے جسے روکنے اور شعبے کی ترقی کے لیے جیم سٹونز پالیسی تشکیل دے کر اس پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ جدید ترین ٹیکنالوجی کے استعمال سے قیمتی پتھروں کی قدر میں اضافہ اور اربوں ڈالر کے ممکنہ نقصانات سے بچا ممکن ہے، قیمتی پتھروں کے شعبے کو جدید پراسیسنگ، تراش خراش اور نمائش کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ حکومت قیمتی پتھروں کے شعبے کو ضروری سہولیات فراہم کر کے اسے جدید خطوط پر استوار کرے گی، قیمتی پتھروں کی مقامی سطح پر پراسیسنگ سے ان کی قدر میں اضافہ، برآمدات میں بہتری اور ملکی معیشت کو تقویت ملے گی۔

بقیہ نمبر 24

میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے اور صوبائی اپنے ذرائع سے حاصل ہونے والی آمدن میں اضافے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ملاقات میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی اور محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے درمیان رابطہ کاری اور معلومات کے تبادلے کو مزید مؤثر بنانے پر بھی زور دیا گیا، تاکہ ٹیکس قوانین پر عملدرآمد بہتر، ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی مؤثر اور محصولات کی وصولی کے نظام کو مزید فعال بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 25

ظہار اور دعائے مغفرت کی۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے، اللہ سوگوار خاندان کو یہ ناقابلِ تلافی نقصان برداشت کرنے کیلئے صبر و استقامت عطا فرمائے۔ایرانی وزیر خارجہ نے مشکل وقت میں غم میں شریک ہونے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 26

انکوائری کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں کان مالکان، انتظامیہ اور نیم سرکاری ادارے پاکستان منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) کے حکام کے خلاف فوجداری کارروائی کی سفارش کی ہے۔یہ حادثہ 30 جولائی 2026 کو کوئٹہ سے قریباً 30 کلومیٹر جنوب مشرق میں واقع سور رینج کے علاقے میں پیش آیا تھا۔وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے واقعے کے بعد وزیر اعلیٰ معائنہ ٹیم (سی ایم آئی ٹی) کے چیئرمین بشیر احمد بنگلزئی کی سربراہی میں تحقیقات کا حکم دیا تھا۔کمیٹی کے دیگر ممبران میں محمد زمان بازئی اور محمد الیاس شامل تھے۔انکوائری کمیٹی نے جائے وقوعہ کا دورہ کرنے، متعلقہ حکام کے بیانات قلم بند کرنے، شواہد اور دستاویزات کا تفصیلی جائزہ لے کر حادثے کے دو ماہ بعد اپنی رپورٹ تیار کرلی ہے رپورٹ کے مطابق دھماکہ سردار محمد عثمان خان جوگیزئی کول کمپنی کی کان نمبر ایک میں دوپہر قریباً ڈھائی بجے ہوا جب دوسری شفٹ کام کر رہی تھی۔دھماکہ کان کے قریباً 4 ہزار 180 فٹ اندر ہوا۔کان نمبر ایک اور دو آکسیجن اور ہوا کی آمدورفت کے لیے آپس میں جڑی ہوئی تھیں اور اس لیے دونوں کانیں متاثر ہوئیں۔رپورٹ کے مطابق کان نمبر ایک مکمل طور پر بیٹھ گئی اور اس کے داخلی راستے اور وینٹی لیشن کا نظام متاثر ہوا۔اس وقت دونوں کانوں میں مجموعی طور پر 32 کان کن کام کر رہے تھے جن میں صرف ایک کان کن کان زندہ باہر نکل سکا۔بعد ازاں مزید تین کان کن اپنے ساتھیوں اور رشتہ داروں کو بچانے کے لیے حفاظتی اور ریسکیو پروٹوکول نظر انداز کر کے اندر گئے لیکن وہ بھی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ قریباً تین دن بعد تمام نعشیں نکال کر ریسکیو آپریشن مکمل کیا گیا۔طبی معائنے کے مطابق پانچ کان کنوں کی موت جلنے سے جبکہ 29 کی دم گھٹنے سے ہوئی۔انکوائری رپورٹ کے نتائج میں معلوم ہوا ہے کہ حادثے کی بنیادی وجہ کان میں غیر قانونی طور پر بارودی مواد کا استعمال تھا۔کمیٹی نے محکمہ معدنیات کی کورٹ آف انکوائری کے نتائج کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے کہ دھماکہ لانگ وال فیس یعنی کوئلہ نکالنے کے مقام پر ہوا۔کوئلے کی سات سے آٹھ فٹ کی تہہ کے درمیان سخت چٹان کی پرت تھی جس میں ڈرل کے سوراخ ملے۔ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہاں بلاسٹنگ کی گئی تھی۔رپورٹ کے مطابق بلاسٹنگ سے کوئلے کی باریک ڈھول پیدا ہوئی جو ممکنہ طور پر کان کے شروع تک پھیل گئی۔کورٹ آف انکوائری نے حادثے کو بارودی مواد کے غیر قانونی استعمال کا نتیجہ اور کان انتظامیہ کی غلطی قرار دیا۔رپورٹ کے مطابق مالک، منیجر اور مائن سردار کو معلوم تھا کہ زیرِ زمین بلاسٹنگ ہو رہی ہے مگر انہوں نے اسے نظر انداز کیا اور حکام کو اطلاع نہیں دی۔رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ دھماکہ خیز مواد کے استعمال اور ذخیرہ کرنے سے متعلق کول مائنز ریگولیشنز 1926 کے ضابطہ 99 اور 97 کی خلاف ورزی کی گئی۔واضح رہے کہ ان قواعد وضوابط کے تحت کوئلہ کانوں میں دھماکہ خیز مواد کے استعمال کی محدود پیمانے پر اجازت ہے، تاہم اس کے لیے لائسنس اور ماہر شخص کا ہونا ضروری ہے۔حکام نے بتایا کہ متعلقہ کمپنی کے پاس دھماکہ خیز مواد کے استعمال کے لیے لائسنس اور ماہر موجود نہیں تھا۔انکوائری کمیٹی نے پی ایم ڈی سی کے مینجنگ ڈائریکٹر اور سردار محمد عثمان خان اینڈ کمپنی کے مالکان اور انتظامیہ کے خلاف مائنز ایکٹ 1923 اور کول مائنز ریگولیشنز 1926 کے تحت فوجداری کارروائی کی سفارش کی ہے۔ان میں کمپنی کے شراکت دار شیخ محمد عظیم، سردار علی احمد جوگیزئی، وزیر احمد جوگیزئی، افتخار احمد جوگیزئی اور خورشید احمد جوگیزئی، مینجنگ ڈائریکٹر سردار قربان علی جوگیزئی، مینیجر اختر شہزادہ اور مائن سردار محمد گلاب شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 27

ہم کرنے والے انفراسٹرکچر پر قابل مذمت حملہ سنگین اشتعال انگیزی ہے اور دنیا بھر کے لاکھوں مسلمانوں کے لیے گہری تشویش اور اضطراب کا باعث ہے، حرمین شریفین کے تقدس اور نمازیوں و زائرین کی سلامتی کا ہر حال میں احترام کیا جانا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ہم ایسے اقدامات کے فوری اور غیر مشروط خاتمے کا مطالبہ کرتے ہیں جو علاقائی امن و سلامتی کے لیے بھی سنگین خطرہ ہیں۔ترجمان نے کہا کہ پاکستان برادر مملکت سعودی عرب کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ اور سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے لیے مکمل حمایت کا اظہار کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم حرمین شریفین کے تحفظ، اپنے عوام کی حفاظت اور زائرین کی سلامتی کو یقینی بنانے کی سعودی عرب کی کوششوں میں اس کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہیں۔ترجمان نے کہا کہ پاکستان خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے حصول کے لیے ماضی میں بھی بھرپور کوششیں کرتا رہا ہے اور آئندہ بھی یہ کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 28

کانسٹیبل شاہ مست خان کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ملک سعد شہید پولیس لائن پشاور میں نماز جنازہ کے موقع پر افواج پاکستان اور پولیس کے سینئر افسران اور اہلکار موجود تھے۔گورنر نے شہید اہلکار کے تابوت پر پھولوں کی چادر چڑھائی، انکے لواحقین اور ساتھی اہلکاروں سے ملاقات کی اور شہید کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا۔گورنر نے شہید کے لواحقین اور ساتھیوں کے لئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ نمبر 29

مطابق آسام علی کی گرفتاری سے انسانی اسمگلنگ کا پورا نیٹ ورک بےنقاب ہو گیا۔انہوں نے بتایا کہ 10 افراد پر مشتمل گروہ 7 ممالک میں منظم طریقے سے کام کر رہا تھا۔استنبول میں آسام علی کی موبائل شاپ حوالہ ہنڈی کا مرکز تھی۔گروہ پاکستان سے لوگوں کو ترکیہ اور پھر یورپ اسمگل کرتا تھا۔تفتیش کے مطابق اصغر شاہ یونان، نادر چوہان اٹلی میں معاملات دیکھتا ہے۔ڈائریکٹر ایف آئی اے نے بتایا کہ قاسم ترکیہ جبکہ علی حسن اور وسیم جرمنی اور یونان میں متحرک ہیں۔ایف آئی اے حکام کے مطابق باسط علی پاکستان میں حوالہ ہنڈی اور ماسٹر ساجد نوجوانوں سے رابطے کرتا تھا۔ڈائریکٹر ایف آئی اے کے مطابق شواہد سامنے آنے پر گروہ کے تمام ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔مقدمے میں نامزد ملزمان کی گرفتاری کیلئے قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 30

انصاف کی رہائی اور انصاف چاہتے ہیں۔اسد قیصر نے کہا کہ بانی تحریکِ انصاف سے ملاقات اس لیے ضروری ہے تاکہ ان سے مشاورت کر کے مذاکرات کا ایجنڈا طے کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ بانی سے ملاقات کے بعد ہی آئندہ کا لائحۂ عمل طے ہوگا، بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کے معاملے پر بھی بات ہوگی، بانی سے ملاقات سب سے اہم ہے اور سب سے پہلے اپنے قائد سے ملاقات کی اجازت ملنی چاہیے۔عامر ڈوگر نے کہا کہ شروع سے ملاقات اور مذاکرات کا حامی ہوں، سیاسی معاملات کو محاذ آرائی میں تبدیل نہیں کرنا چاہیے، ہم نہیں چاہتے کہ کسی ادارے کے ساتھ تصادم یا لڑائی ہو۔علامہ ناصر عباس نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے اچکزئی صاحب کی ملاقات کا معاملہ مذاکرات میں رکھا جائے گا، بانی سے ملاقات کے بغیر معاملات حل نہیں ہو سکتے، مذاکرات کے حوالے سے کچھ شرائط طے ہونی چاہئیں اور مسائل کا آسان ترین حل بانی تحریکِ انصاف سے ملاقات ہے

بقیہ نمبر 31

پھنسی ہوئی ہے اسے فیس سیونگ مل جائے گی، مارچ ملتوی ہونے کے بعد حکومت پی ٹی آئی کو ٹھینگا دکھا دے گی۔

بقیہ نمبر 32

وزیرِ اعظم آفس میں ملاقات نہیں کر سکتے، اس قسم کی گفتگو سیاسی رواداری اور روابط کو نقصان پہنچاتی ہے۔(ن) لیگی رہنما نے کہا کہ عدالت جو حکم کرتی ہے، اس پر خود عمل درآمد کرواتی ہے، معاملہ عدالت میں زیرِ التوا ہے، عدالت جو فیصلہ کرے گی اس پر عمل درآمد کیا جائے گا۔بانی پی ٹی آئی کو ہسپتال منتقل کرنے کے حوالے سے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ عمران خان کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں سینئر ڈاکٹرز کے پینل نے ان کا معائنہ کیا، مقصد بانی پی ٹی آئی کا طبی معائنہ تھا، انہیں نجی ہسپتال نہ سہی، دوسرے ہسپتال منتقل کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ اصل معاملہ بانی پی ٹی آئی کے علاج کا تھا، جس کے لیے انہیں ہسپتال لے جایا گیا، عدالت مزید واضح حکم دیتی ہے تو حکومت اس کے حکم کو ماننے کی پابند ہے۔

بقیہ نمبر 33

سلامیہ مدینۃ العلوم اکرم کالونی حب میں منعقد ہوگا، جس میں تنظیمی امور کے حوالے سے باہمی مشاورت، اہم معاملات پر غور وخوض، آئندہ کے لائحہ عمل اور دیگر تنظیمی امور کو زیر بحث لایا جائے گا اس موقع پر تحصیل حب کی مجلس عمومی کے تمام معزز اراکین سے بروقت اور بھرپور شرکت کی اپیل کی گئی ہے تاکہ اجلاس میں اہم تنظیمی معاملات پر مشاورت کے بعد آئندہ کے لائحہ عمل کو حتمی شکل دی جا سکے جمعیت علماء اسلام تحصیل حب کی جانب سے تمام متعلقہ اراکین سے گزارش کی گئی ہے کہ وہ مقررہ وقت پر اجلاس میں شرکت یقینی بنائیں اور تنظیمی معاملات میں اپنی ذمہ دارانہ شرکت کے ذریعے اجلاس کو کامیاب بنائیں۔

بقیہ نمبر 34

کی زیر نگرانی ایس ایچ او حب سٹی عبدالصمد زہری نے کارروائیاں کرتے ہوئے دو مختلف اغواء کے مقدمات میں مغویوں کو بحفاظت بازیاب کرالیا پولیس کے مطابق پولیس تھانہ حب سٹی نے مقدمہ نمبر 503/2026 بجرم دفعات 34*365 ت پ میں مدعی مقدمہ سمی نادر علی ولد قاسم کی 13 سالہ بھتیجی مغویہ مساۃ عائشہ بمری کو تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی اور پیشہ ورانہ مہارت کی مدد سے بازیاب کرا کے بحفاظت ورثاء کے حوالے کر دیا اسی طرح پولیس تھانہ قبو سعید خان، ضلع قمبر شہدادکوٹ، سندھ کے مقدمہ نمبر 17/2026 بجرم دفعات 365-B*366،34 ت پ اور 103TIP ایکٹ 2018 میں مغویہ مساۃ شائلہ زوجہ محمد اسلم بنت حاکم علی، سکنہ قبو سعید خان کو اس کے تین کمسن بچوں سمیت بازیاب کرا لیا گیا بازیاب ہونے والی مغویہ خاتون اور اس کے تینوں بچوں کو مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے پولیس تھانہ قبو سعید خان، ضلع قمبر شہدادکوٹ، سندھ کے حوالے کیا جائے گا ایس پی حب مرزا بلال حسن نے مغویوں کی بحفاظت بازیابی کے لیے پولیس ٹیم کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو سراہتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا علاوہ ازیں حب سٹی پولیس کی ایک اور کامیاب کارروائی، چوری شدہ 125 موٹر سائیکل برآمد کر کے مالک کے حوالے کر دی اس حوالے پریس ریلیز کے مطابق ایس ایس پی حب مرزا بلال حسن کی ہدایت پر ڈی ایس پی امام بلوچ کی نگرانی میں کی گئی، جبکہ ایس ایچ او سٹی تھانہ عبدالصمد زہری اور پولیس ٹیم نے تکنیکی شواہد کی مدد سے موٹر سائیکل کا سراغ لگایا پولیس نے سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج کا جائزہ لینے کے ساتھ دیگر تکنیکی معلومات کو بھی بروئے کار لاتے ہوئے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کی برآمد ہونے والی موٹر سائیکل قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد اس کے اصل مالک کے حوالے کر دی گئی

بقیہ نمبر 35

میں لائیں تاکہ عالمی سطح پر بڑھتی قیمتوں کو قابو کیا جاسکے۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یورپی یونین کو دھمکی دی تھی ایسا نہ کرنے پر امریکا ڈیزل کی برآمدات پر پابندی عائد کرتے ہوئے اسے مکمل بند یا نہایت محدود کرنے پر غور کر سکتا ہے۔جس پر ردعمل دیتے ہوئے یورپی کمیشن کی ترجمان انا کاسا انگلون نے کہا کہ یورپی یونین ڈیزل برآمدات پر کسی بھی پابندی کو مکمل طور پر مسترد کرتی ہے۔ایسی کوئی پابندی کسی کے لیے فائدہ مند نہیں ہوگی۔دوسری جانب یورپی ممالک نے بحران کے حل کے لیے عالمی توانائی ایجنسی کے ساتھ مل کر ذخائر جاری کرنے پر غور شروع کر دیا ہے۔یورپی یونین میں فرانس کی جانب سے 5 کروڑ بیرل ڈیزل ذخائر جاری کرنے کی تجویز پر بھی غور کیا گیا ہے جبکہ عالمی توانائی ایجنسی کے رکن ممالک مزید 5 کروڑ بیرل خام تیل مارکیٹ میں لا سکتے ہیں۔فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے رابطے کے بعد جی 7 ممالک کے رہنماؤں کا ویڈیو اجلاس بلانے کا فیصلہ کیا ہے، جس میں خام تیل اور ریفائنڈ مصنوعات کی عالمی منڈی میں صورتحال پر بات ہوگی۔

بقیہ نمبر 36

ن انجینئر سراج احمد سالانی نے کی۔کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد ضلع حب کے کے الیکٹرک صارفین کو بجلی کی فراہمی، زائد بلنگ، غلط میٹر ریڈنگ، بجلی کے بلوں میں بے ضابطگیوں، تکنیکی خرابیوں اور دیگر متعلقہ مسائل کے حل کے لیے براہِ راست اور مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا، جہاں صارفین نے اپنی شکایات اور مسائل متعلقہ حکام کے سامنے پیش کیے۔اس موقع پر الیکٹرک انسپکٹر انجینئر سراج احمد سالانی نے صارفین کی جانب سے پیش کی گئی شکایات کا تفصیلی جائزہ لیا اور ان کے ساتھ موجود متعلقہ دستاویزی ثبوت، بالخصوص بجلی کے بل، سابقہ درخواستوں و شکایات کی نقول اور دیگر ضروری دستاویزات کی جانچ پڑتال کی۔انہوں نے متعلقہ حکام کو شکایات کے فوری ازالے اور صارفین کو ریلیف کی فراہمی کے لیے ضروری احکامات بھی جاری کیے۔کھلی کچہری کے دوران صارفین نے اپنے مسائل براہِ راست الیکٹرک انسپکٹر کے سامنے پیش کیے، جبکہ انہیں یقین دہانی کرائی گئی کہ جائز شکایات کے ازالے کے لیے مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 37

شخصیات نے تعزیت و فاتحہ خوانی کی مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے دعائے مغفرت کی تعزیت کرنے والوں میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر لیاقت رند ڈی ایس پی ٹریفک گل حسن سابق ڈی ایس پی ملک عبدالستار رونجھو سپرینٹنڈنٹ کمشنر لسبیلہ مرتضی شیخ سپرینٹنڈنٹ ڈی آفس شیر محمد بلوچ ڈاکٹر عطا اللہ نمانی لسبیلہ حب سول سوسائٹی کے رہنما امان اللہ لاسی سائیں اکبر شیخ ڈاکٹر حیات رونجھو ڈاکٹر قمرالدین رونجھو جے یو آئی کے رہنما مولانا شاہ محمد صدیقی جے یو آئی کے رہنما مفتی عبدالولی کونسلر اسداللہ ملک محبوب علی بلوچ ایڈوکیٹ عبدالوہاب بزنجو قاضی عبدالغفور ایڈوکیٹ امیر بخش مینگل ایڈوکیٹ عبدالرحمن میرجت ایڈوکیٹ غلام سرور میرجت ایڈوکیٹ محمد عمر میرجت محمد عرس میرجت نیشنل پارٹی کے حاجی عبدالغنی رند روشن جتوئی سابق وائس چیئرمین سرور گسی ملوک گسی غلام حسین لاشاری ندیم لاسی سرحسن مینگل سر عبدالرشید شاہوانی سر نوید احمد شاہوانی سابق ڈی ڈی او رحمت اللہ لاسی فقیر محمد لاسی گل محمد صابرہ خدابخش صابرہ دوست محمد صابرہ اکرم موندرہ ماسٹر عبدالرحمٰن سردار فدا احمد نورزئی سرور رونجھو حاجی کریم لانگو غلام رسول ہاڑہ گل محمد زہری کامران صدیق برفت عمران صدیق برفت رضوان صدیق برفت میر عبدالقدوس بزنجو بدل خان ماسٹر امین گنگو فیصل گنگو سردارزادہ اویس گنگو فضل بلوچ حبیب بزنجو سمیع جلبانی سردار ایان جلبانی ڈاکٹر شوکت جلبانی شمس گدور منیر احمد طاہری غلام مصطفیٰ رحیم حسین بلیدی زائد بلیدی قاسم مری سعید قاسم مری حکمت اللہ خلجی ایڈوکیٹ رفیق رونجھو غلام حسین رونجھو عبدالرشید جاموٹ حاجی منظور جاموٹ گلزار برفت حبیب جاموٹ طلحہ جاموٹ حبیب جاموٹ معیب جاموٹ اظہر اقبال جاموٹ اے ایس ائی حبیب اللہ چھٹہ کانسٹیبل عرض محمد کلمتی کانسٹیبل محمد اکرم رونجھو کانسٹیبل عرفان عزیز رونجھو ماسٹر عرفان شیخ شاہد عظیم رونجھو رضوان موندرہ عبدالشکور شیخ مصطفیٰ شیخ صحافی نوراللہ بزنجو زاہد زہری عبدالجبار بلوچ و دیگر شامل تھے

بقیہ نمبر 38

شخصیات نے تعزیت و فاتحہ خوانی کی مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے دعائے مغفرت کی تعزیت کرنے والوں میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر لیاقت رند ڈی ایس پی ٹریفک گل حسن سابق ڈی ایس پی ملک عبدالستار رونجھو سپرینٹنڈنٹ کمشنر لسبیلہ مرتضی شیخ سپرینٹنڈنٹ ڈی آفس شیر محمد بلوچ ڈاکٹر عطا اللہ نمانی لسبیلہ حب سول سوسائٹی کے رہنما امان اللہ لاسی سائیں اکبر شیخ ڈاکٹر حیات رونجھو ڈاکٹر قمرالدین رونجھو جے یو آئی کے رہنما مولانا شاہ محمد صدیقی جے یو آئی کے رہنما مفتی عبدالولی کونسلر اسداللہ ملک محبوب علی بلوچ ایڈوکیٹ عبدالوہاب بزنجو قاضی عبدالغفور ایڈوکیٹ امیر بخش مینگل ایڈوکیٹ عبدالرحمن میرجت ایڈوکیٹ غلام سرور میرجت ایڈوکیٹ محمد عمر میرجت محمد عرس میرجت نیشنل پارٹی کے حاجی عبدالغنی رند روشن جتوئی سابق وائس چیئرمین سرور گسی ملوک گسی غلام حسین لاشاری ندیم لاسی سرحسن مینگل سر عبدالرشید شاہوانی سر نوید احمد شاہوانی سابق ڈی ڈی او رحمت اللہ لاسی فقیر محمد لاسی گل محمد صابرہ خدابخش صابرہ دوست محمد صابرہ اکرم موندرہ ماسٹر عبدالرحمٰن سردار فدا احمد نورزئی سرور رونجھو حاجی کریم لانگو غلام رسول ہاڑہ گل محمد زہری کامران صدیق برفت عمران صدیق برفت رضوان صدیق برفت میر عبدالقدوس بزنجو بدل خان ماسٹر امین گنگو فیصل گنگو سردارزادہ اویس گنگو فضل بلوچ حبیب بزنجو سمیع جلبانی سردار ایان جلبانی ڈاکٹر شوکت جلبانی شمس گدور منیر احمد طاہری غلام مصطفیٰ رحیم حسین بلیدی زائد بلیدی قاسم مری سعید قاسم مری حکمت اللہ خلجی ایڈوکیٹ رفیق رونجھو غلام حسین رونجھو عبدالرشید جاموٹ حاجی منظور جاموٹ گلزار برفت حبیب جاموٹ طلحہ جاموٹ حبیب جاموٹ معیب جاموٹ اظہر اقبال جاموٹ اے ایس ائی حبیب اللہ چھٹہ کانسٹیبل عرض محمد کلمتی کانسٹیبل محمد اکرم رونجھو کانسٹیبل عرفان عزیز رونجھو ماسٹر عرفان شیخ شاہد عظیم رونجھو رضوان موندرہ عبدالشکور شیخ مصطفیٰ شیخ صحافی نوراللہ بزنجو زاہد زہری عبدالجبار بلوچ و دیگر شامل تھے

بقیہ نمبر 39

لیکشن کروائے، اس کے بعد پارٹی عہدیداروں کے نام اور عہدوں کی تمام تفصیلات الیکشن کمیشن کو ارسال کیں، الیکشن کمیشن نے اس کی جانچ پڑتال کے بعد اس کی منظوری دیتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔واضح رہے کہ متحدہ علماو مشائخ کونسل پاکستان کے مرکزی چیئرمین ملک صفدر علی اعوان ہیں۔

بقیہ نمبر 40

اور ان سے نواسے بھی ہیں، میں اسی لیے کابینہ کا حصہ نہیں بنا کیوں کہ جب وزیراعلیٰ مریم نواز آتی ہیں تو سب کو اٹھنا پڑتا ہے، میں کیوں اٹھوں؟ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے جھگڑے کے سوال پر کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ ہمارے درمیان بہت معمولی نوعیت کے جھگڑے ہوتے ہیں اور اس صورتحال میں مریم نواز کی جانب سے ہی پیش رفت ہوتی ہے۔انہوں نے بتایا کہ گھر میں میٹھا آتا ہے تو مریم نواز کہتی ہیں کہ چھپا دو سارا صفدر ہی کھا جائے گا اور طبیعت خراب ہو جائے گی۔

بقیہ نمبر 41

ونشریات عنایت اللہ شاہوک، سیکرٹری مالیات غلام محمد گلفام دودا، جوائنٹ سیکرٹری عبدالصمد، محمد اسلم عدیل، آڈیٹر محمد اسلم رونجھو اور دیگر عہدیداران نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں ایلیمنٹری کالج اوتھل میں تعینات لیبارٹری اسسٹنٹ کے فوری تبادلے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ لیبارٹری اسسٹنٹ کا تعلق ضلع مستونگ سے ہے جبکہ ان کی جگہ لسبیلہ سے تعلق رکھنے والی خاتون لیبارٹری اسسٹنٹ کو ایلیمنٹری کالج اوتھل میں تعینات ہے جنکا تبادلہ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے، جی ٹی اے لسبیلہ کے رہنماں نے اپنے بیان میں کہا کہ ایلیمنٹری کالج اوتھل میں لیبارٹری اسسٹنٹ کی آسامی پر مقامی امیدوار کے حق کو نظر انداز کرنا مقامی ملازمین اور اہل علاقہ کے ساتھ ناانصافی کے مترادف ہے مذکورہ پوسٹ درجہ چہارم سے متعلق ہے اور ایسی آسامیوں پر مقامی افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں تاکہ ضلع کے نوجوانوں کو سرکاری ملازمتوں میں ان کا جائز حق مل سکے انہوں نے کہا کہ لسبیلہ سے تعلق رکھنے والی خاتون لیبارٹری اسسٹنٹ کا ایلیمنٹری کالج اوتھل سے تبادلہ منسوخ کر کے انہیں دوبارہ اسی ادارے میں تعینات کیا جائے کیونکہ مقامی ملازمہ کو ہٹا کر دوسرے ضلع سے تعلق رکھنے والے ملازم کی تعیناتی سے مقامی ملازمین میں تشویش پیدا ہوئی ہے جی ٹی اے لسبیلہ کے عہدیداران نے مزید کہا کہ مستونگ سے تعلق رکھنے والے لیبارٹری اسسٹنٹ کی ایلیمنٹری کالج اوتھل میں تعیناتی قواعد وضوابط کے مطابق نہیں ہے لہٰذا متعلقہ حکام اس معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے تعیناتی اور تبادلے کے تمام معاملات کا جائزہ لیں اور میرٹ و قواعد کے مطابق فیصلہ کریں انہوں نے متعلقہ محکمہ تعلیم کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ ایلیمنٹری کالج اوتھل میں لیبارٹری اسسٹنٹ کی تعیناتی کے معاملے کو فوری طور پر حل کیا جائے مقامی خاتون لیبارٹری اسسٹنٹ کو ان کی سابقہ جائے تعیناتی پر بحال کیا جائے اور دوسرے ضلع سے تعلق رکھنے والے لیبارٹری اسسٹنٹ کا تبادلہ کر کے مقامی ملازمہ کو ایلیمنٹری کالج اوتھل میں تعینات کیا جائے جی ٹی اے لسبیلہ کے رہنماں نے کہا کہ مقامی ملازمین کے حقوق کا تحفظ اور سرکاری آسامیوں پر شفاف طریقہ کار کے تحت تعیناتیاں محکمہ تعلیم کی ذمہ داری ہے انہوں نے امید ظاہر کی کہ متعلقہ حکام معاملے کا فوری نوٹس لے کر مقامی ملازمین میں پائی جانے والی تشویش دور کریں گے۔

بقیہ نمبر 42

اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ کیا گیا ہے۔اعلان کے مطابق پیٹرول سپر 98 کی نئی قیمت 4.40 درہم فی لیٹر (تقریباً 332 پاکستانی روپے) مقرر کی گئی ہے

بقیہ نمبر 43

تر خدمات فراہم کرنا ہے تاکہ شہریوں کو ریونیو دفاتر کے بار بار چکر نہ لگانے پڑیں۔نئے ڈیجیٹل نظام کے تحت شہری اب گھر بیٹھے یا قریبی مرکز سے آفیشل ویب سائٹ، نادرا ای سہولت اور 'دستک ایپ' کے ذریعے اپنی زمین کی فرد حاصل کر سکتے ہیں۔نادرا سے بائیومیٹرک تصدیق کے بعد فرد کی فیس ون لنک یا ایزی پیسہ کے ذریعے الیکٹرانک طور پر جمع کی جائے گی، جس کے بعد فرد صارف کے اکاؤنٹ میں محفوظ رہے گی اور کیو آر کوڈ کے ذریعے اس کی آن لائن تصدیق بھی ممکن ہوگی۔اس کے ساتھ شہریوں کے اطمینان کی جانچ کے لیے ڈیجیٹل پبلک فیڈ بیک نظام بھی قائم کیا گیا ہے، جس کے تحت ریونیو خدمات حاصل کرنے والے شہریوں سے فون کر کے ان کی رائے ریکارڈ کی جائے گی۔غیر مطمئن شہریوں کی شکایات براہ راست ڈپٹی کمشنر کے ڈیش بورڈ پر منتقل ہوں گی، اور اس فیڈ بیک کو اضلاع کی ماہانہ کارکردگی کے جائزے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔وزیراعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ ان اصلاحات سے لینڈ ریکارڈ کے نظام پر عوامی اعتماد بحال ہوگا اور اراضی سے متعلق شکایات میں واضح کمی آئے گی۔تقریب کے اختتام پر انہوں نے ڈیجیٹل اصلاحات کے اجرا میں اہم کردار ادا کرنے والے حکام کو تعریفی اسناد سے بھی نوازا۔

بقیہ نمبر 44

ئی جاتی ہے۔اطلاع ملتے ہی ڈی ایس پی حیات آباد اور ایس ایچ او تھانہ حیات آباد بھاری نفری کے ہمراہ فوری موقع پر پہنچے۔پولیس کے مطابق صورتحال کنٹرول میں ہے، فائرنگ کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔پولیس نے کہا کہ گارڈز نے طلبا کو منتشر کرنے کیلئے ہوائی فائرنگ کی تھی، فائرنگ کے واقعے میں کوئی نقصان نہیں ہوا، احتجاجی طلبا منتشر ہو گئے۔

بقیہ نمبر 45

ت کروانے کا مطالبہ کر دیا۔سول سوسائٹی نیٹ ورک کے صدر عبداللہ ملک ایڈووکیٹ کی جانب سے وزیراعظم کو ارسال کیے گئے خط میں کہا گیا ہے کہ 24 ستمبر 2026 کو ڈیلی ٹیلی گراف میں شائع ہونے والی تحقیقاتی رپورٹ میں توہینِ مذہب کے قوانین کے مبینہ غلط استعمال، بلیک میلنگ، اغوا، تشدد اور سوشل میڈیا کے ذریعے مبینہ ہنی ٹریپ سمیت مختلف الزامات کا ذکر کیا گیا

بقیہ نمبر 46

جنرل کونسلر پرکاش کمار لاسی، جنرل کونسلر میونسپل کمیٹی اوتھل نصیر احمد لنگاہ، میر اللہ بخش دودا، شفیع جاموٹ، ابراہیم دودا سمیت بینک افسران، زمینداروں اور معززین بھی موجود تھے۔اس موقع پر ریجنل بزنس ہیڈ کوئٹہ پرویز احمد نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ زرعی ترقیاتی بینک اوتھل کی برانچ پہلے مین روڈ سے ہٹ کر واقع تھی، تاہم اب اسے اہم اور نمایاں مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے، جس سے عوام کو بینک کی موجودگی اور سہولیات سے بہتر آگاہی حاصل ہوگی۔انہوں نے کہا کہ زرعی ترقیاتی بینک بالخصوص چھوٹے زمینداروں کی معاونت کرتا ہے۔ایسے زمیندار جن کے پاس زمین موجود ہے لیکن اسے آباد کرنے کے لیے سرمایہ دستیاب نہیں، انہیں مناسب قرض فراہم کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ زمین کی لیولنگ، کھاد، ٹیوب ویل اور لائیو اسٹاک کے لیے بھی قرضے فراہم کیے جاتے ہیں۔پرویز احمد نے کہا کہ زمینداروں کی مدد کے لیے بینک کی ٹیم ہر وقت موجود ہے، زرعی شعبے، لائیو اسٹاک یا دیگر متعلقہ ضروریات کے لیے بینک سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔کسی بھی معلومات کیلئے منیجر زرعی بنک اوتھل MCO اور 03111181115 03312833511 سے رابطہ کر سکتے ہیں

بقیہ نمبر 47

کہ سردار الیاس ترین کی سماجی و عوامی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔مرحوم نے اپنے حلقے کے لوگوں کے ساتھ ہمیشہ خلوص، محبت اور ہمدردی کا مظاہرہ کیا اور ضرورت مند افراد کی خدمت کو اپنا شعار بنائے رکھا مفتی عبدالولی نے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں ہم سردار الیاس ترین کے اہلِ خانہ، عزیز و اقارب اور تمام پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے

بقیہ نمبر 48

ذرائع نے کہا کہ فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل سراج جان کی بازی ہار گئے جب کہ ایک پولیس اہلکار زخمی ہوا۔پولیس کے مطابق شہید کانسٹیبل شاہ مست تھانہ پہاڑی پورہ میں تعینات تھا۔تھانہ چمکنی کی حدود میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے اہلکار کی نماز جنازہ ملک سعد پولیس لائنز میں ادا کر دی گئی۔گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے تھانہ چمکنی کی حدود مہر گل کلے میرہ کچوڑی میں گزشتہ شب نامعلوم دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید پولیس اہلکار کانسٹیبل شاہ مست خان کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ملک سعد شہید پولیس لائن پشاور میں نماز جنازہ کے موقع پر افواج پاکستان اور پولیس کے سینئر افسران اور اہلکار موجود تھے۔گورنر نے شہید اہلکار کے تابوت پر پھولوں کی چادر چڑھائی، انکے لواحقین اور ساتھی اہلکاروں سے ملاقات کی اور شہید کی قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا۔گورنر نے شہید کے لواحقین اور ساتھیوں کے لئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ نمبر 49

جاسکیں گے، جس کی جانچ پڑتال 2 سے 5 نومبر کے دوران ہوگی۔اسی طرح کاغذات نامزدگی کے خلاف اپیلیں 7 سے 11 نومبر کے دوران دائر کی جاسکیں گی، ٹریبونل 12 سے 16 نومبر کے دوران اپیلیں نمٹائیں گے، کاغذات نامزدگی 18 نومبر تک واپس لی جاسکے گی۔امیدواروں کی حتمی فہرست 19 نومبر کو آویزاں کی جائے گی، 20 نومبر کو انتخابی نشان الاٹ کیے جائیں گے جبکہ الیکشن کے لیے پولنگ 14 دسمبر کو ہوگی اور ریٹرننگ افسران نتائج کا اعلان 17 دسمبر تک کریں گے۔ایڈیشنل ڈی جی الیکشن کمیشن ندیم قاسم نے چیف سیکریٹری پنجاب کو مراسلہ لکھ دیا، جس میں کہا گیا ہے کہ مجوزہ شیڈول پر اپنا فیڈ بیک جلد ارسال کریں۔واضح رہے کہ الیکشن کمیشن کے ساتھ مشاورتی اجلاس میں پنجاب حکومت نے 15 دسمبر سے 15 جنوری کے درمیان بلدیاتی انتخابات کروانے کی تجویز دی تھی۔الیکشن کمیشن نے پنجاب حکومت کی تجویز کو تسلیم کیا تھا اور اس تجویز کی روشنی میں الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کا ڈرافٹ پروگرام تیار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 50

(لسبیلہ آفتاب احمد موندرہ، اسسٹنٹ کمشنرز بیلہ، اوتھل اور کنراج، متعلقہ تحصیلداروں، تحصیلدار سیٹلمنٹ بیلہ و لیاری سمیت تمام متعلقہ ریونیو افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔اجلاس میں ریونیو وصولیوں اور بقایاجات، زیر التوا ریونیو کیسز، جمع بندی/خسرہ گرداوری، انتقالات، سرکاری و نجی اراضی پر تجاوزات، اراضی کی منتقلی و حصول، حد بندی و تقسیم کے معاملات، ایگریکلچر انکم ٹیکس، پانی کے بورز اور دیگر اہم ریونیو امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ریونیو ریکارڈ کو مکمل اور درست رکھا جائے، زیرِ التوا معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے اور سرکاری واجبات کی وصولی کو مزید مؤثر بنایا جائے۔پانی کے بورز سے متعلق مکمل تفصیلات بھی فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی۔کمشنر نے افسران کو ہدایت کی کہ ریونیو انتظامیہ کی کارکردگی بہتر بنانے، عوامی شکایات کے بروقت ازالے اور ریونیو معاملات میں شفافیت، درستگی اور مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے

بقیہ نمبر 51

۔عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ بھارت کی جانب سے ایک معصوم کشمیری کی لاش کو محمد آصف بنا کر پیش کرنا اعلیٰ ترین سطح کی ہزیمت ہے۔انہوں نے کہا کہ محمد آصف کی میڈیا کے سامنے موجودگی کے بعد بھارتی فوج کو دنیا کے سامنے وضاحت دینا ہوگی۔وفاقی وزیر اطلاعات نے مطالبہ کیا کہ بھارت جواب دے کہ اس فیک انکاونٹر میں کس معصوم شخص کی جان لی گئی۔

بقیہ نمبر 52

کنڈکٹ تصور ہوگا، ڈیکلریشن جمع نہ کرانے پر سول سرونٹس ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن رولز 2020 کے تحت کارروائی ہوگی، سول سرونٹس کو اپنے اور زیر کفالت افراد کی غیر ملکی شہریت متعلق تفصیلات دینا ہوں گی۔دریں اثنا چیف سیکرٹریز اور صوبائی پولیس سربراہان کو بھی اسی نوعیت کی کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 53

نب سے نامزد نمائندے نے شرکت کی اور Independent Monitoring کے حوالے سے بریفنگ دی۔اجلاس میں لسبیلہ ڈویژن میں بنیادی صحت کی سہولیات، حفاظتی ٹیکہ جات (Immunization)، مراکزِ صحت کی کارکردگی، ویکسینیشن کوریج اور فیلڈ مانیٹرنگ سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے متعلقہ امور پر بریفنگ حاصل کرتے ہوئے ہدایت کی کہ بنیادی صحت اور حفاظتی ٹیکہ جات کی سہولیات کی مؤثر فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور مانیٹرنگ کے دوران سامنے آنے والے مسائل اور خامیوں کے ازالے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 54

میں آگ بھڑک اٹھی، جس کے باعث موٹر سائیکل سوار سمیت دو افراد جھلس کر زخمی ہو گئے۔زخمیوں کو فوری طور پر سول ہسپتال اوتھل منتقل کر دیا گیا۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سومار شاہ کاظمی اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی حاجی محمد خان دودا کی ہدایت پر فائر بریگیڈ کی گاڑی جائے حادثہ پر روانہ کر دی گئی، جہاں آگ پر قابو پانے کے بعد کولنگ کا عمل جاری رہا۔دوسری جانب ایس ایچ او اوتھل وحید گسی کی ہدایت پر پولیس آفیسر محمد علی شیخ اور زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ کا عملہ بھی جائے حادثہ پر پہنچ گیا، جنہوں نے ریسکیو کارروائیوں میں حصہ لیا اور قومی شاہراہ کو ٹریفک کی آمدورفت کے لیے بحال کر دیا۔جبکہ ایدھی انچارج ڈاکٹر عبدالحکیم لاسی کی ہدایت پر ایدھی ایمبولینس بھی جائے حادثہ پر روانہ کی گئی، جس نے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا۔

بقیہ نمبر 55

نے حتمی رائے اور تجاویز کیلئے مجوزہ شیڈول چیف سیکرٹری پنجاب کو بھجوا دیا۔مجوزہ شیڈول کے مطابق ریٹرننگ افسران 23 اکتوبر 2026 کو عوامی نوٹس جاری کریں گے، کاغذات نامزدگی 27 سے 30 اکتوبر 2026 تک جمع کرائے جاسکیں گے۔امیدواروں کی ابتدائی فہرست 31 اکتوبر 2026 کو جاری کی جائے گی، کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 2 سے 5 نومبر 2026 تک ہوگی۔کاغذات نامزدگی پر اعتراضات کیخلاف اپیلیں 7 تا 11 نومبر دائر کی جاسکیں گی۔اپیلوں پر فیصلے کرنے کی آخری تاریخ 16 نومبر 2026، کاغذات نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ 18 نومبر 2026 مقرر کرنے کی تجویز ہے۔امیدواروں کی حتمی فہرست اور انتخابی نشانات کی الاٹمنٹ 20 نومبر 2026 کو ہوگی۔مجوزہ انتخابی پروگرام کے مطابق پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کیلئے پولنگ 14 دسمبر 2026 کو تجویز ہے، ریٹرننگ افسران کی جانب سے حتمی نتائج کا اعلان 17 دسمبر 2026 کو کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 56

چاہتے ہیں۔انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ ان کے ساتھ انصاف کیا جائے، انہیں زخمی کرنے والے تمام حملہ آور ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے انہیں گرفتار کیا جائے اور ان کے ساتھ ہونے والی ناانصافی کا ازالہ کر کے انہیں تحفظ فراہم کیا جائے، بصورت دیگر سخت احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 57

موجود اندازاً 1 کروڑ 31 لاکھ پناہ گزین بچوں کا 44 فیصد بنتے ہیں۔ادارے نے کہا کہ کم از کم ہر تین میں سے دو پناہ گزین بچے پرائمری سکول میں تعلیم حاصل کر رہے تھے لیکن صرف ہر تین میں سے ایک بچے کو ثانوی تعلیم تک رسائی حاصل تھی، تاہم ثانوی تعلیم کے بعد اپنی تعلیم جاری رکھنے والے پناہ گزین طلبہ کی تعداد ریکارڈ بلند سطح پر پہنچ گئی۔یو این ایچ سی آر کے مطابق 2025 میں پہلی بار 4 لاکھ 50 ہزار سے زیادہ پناہ گزین طلبہ یونیورسٹیوں یا پیشہ ورانہ تعلیم کے اداروں میں داخل ہوئے۔ادارے کے مطابق 2025 میں پہلی مرتبہ 4 لاکھ 50 ہزار سے زیادہ پناہ گزین طلبہ یونیورسٹیوں یا پیشہ ورانہ تعلیم کے اداروں میں زیر تعلیم تھے۔یہ تعداد اعلیٰ تعلیم کے لیے اہل پناہ گزین طلبہ کا 11 فیصد تھی، جو 2024 کے 9 فیصد کے مقابلے میں اضافہ ہے

بقیہ نمبر 58

۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کسی ایک صوبے، حکومت یا سیاسی جماعت کی نہیں بلکہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ملک کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے بنائی جانے والی پالیسیوں کو سیاسی تبدیلیوں کی نذر نہیں ہونا چاہیے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ اگر آج بنائی جانے والی پالیسی کل صرف سیاسی تبدیلی کی وجہ سے ختم یا تبدیل ہو جائے تو ملک آگے نہیں بڑھ سکتا۔پاکستان کو وقتی سیاسی ایجنڈوں کے بجائے مستقل قومی وژن اور پالیسیوں کے تسلسل کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ قومی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ حکومتوں کی تبدیلی کے باوجود عوامی فلاح، معاشی ترقی اور ملکی مفاد سے متعلق پالیسیوں کا تسلسل برقرار رہے۔

بقیہ نمبر 59

کے کنوینر ڈاکٹر سعید اختر نے بجن یونین کے سربراہ سید ذوالفقار شاہ اور میڈیا کوآرڈینیٹر عباس احمد کے ہمراہ کے ایم سی پنشنرز کو 2019، 2020، 2025 اور 2026 میں ہونے والے مجموعی طور پر 40 فیصد پنشن اضافے کی عدم ادائیگی کے معاملے پر صوبائی محتسب سندھ محمد سہیل راجپوت، ایڈیشنل سیکریٹری فنانس لوکل فنڈ سندھ کاشف علی ٹیپو اور ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ سندھ وحید شیخ سے ملاقاتیں کیں۔وفد نے حکام کو ریٹائرڈ پنشنرز کو درپیش مشکلات اور اضافی پنشن و واجبات کی عدم ادائیگی سے آگاہ کیا۔صوبائی محتسب سندھ محمد سہیل راجپوت نے کہا کہ پنشنرز کونسل کی قرارداد کے مطابق اضافہ کردہ پنشن اور واجبات کی ادائیگی کیلئے درخواست دائر کریں، ان کی ادائیگی کے مسئلے کو حل کرایا جائے گا۔انہوں نے بتایا کہ اس وقت پنشن اور گریجویٹی کی ادائیگی کیلئے 200 سے زائد کیسز محتسب کے ادارے میں زیر سماعت ہیں اور ان میں قانون کے مطابق ادائیگیاں کرائی جا رہی ہیں۔ایڈیشنل سیکریٹری فنانس لوکل فنڈ کاشف علی ٹیپو نے بتایا کہ اضافہ کردہ تنخواہوں، پنشن اور پنشنری واجبات کی ادائیگی کیلئے محکمہ بلدیات کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔سید ذوالفقار شاہ نے 2026 کے ٹی ایم سیز کے 152 ریٹائرڈ ملازمین کو رواں ماہ سے پنشن کی ادائیگی شروع کرنے پر حکام کا شکریہ ادا کیا۔ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ سندھ وحید شیخ نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ اوزیڈ ٹی کے غلط استعمال کو روک دیا گیا ہے اور اضافہ کردہ تنخواہوں و پنشن کی ادائیگی یقینی بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کے ایم سی پنشنرز کو اضافی پنشن دلوانے کیلئے بھی کوشش کی جا رہی ہے۔ڈاکٹر سعید اختر اور سید ذوالفقار شاہ نے صوبائی محتسب، ایڈیشنل سیکریٹری فنانس لوکل فنڈ اور ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ سندھ کا پنشنرز کے مسائل سننے اور ان کے حل کی یقین دہانی پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 60

س سے قبل ضلعی انتظامیہ نے ٹاؤن ہال کو سیل کر کے تالا لگا دیا، جس کے باعث اجلاس کا مقام تبدیل کر دیا گیا۔اجلاس میں صوبائی اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر اور اپر چترال سے نومنتخب رکن صوبائی اسمبلی ثریا بی بی نے بھی شرکت کرنا تھی۔پی ٹی آئی چترال نے ٹاؤن ہال میں ورکرز کنونشن اور مشاورتی اجلاس کا شیڈول طے کر رکھا تھا اور کارکنوں کی آمد شروع ہو گئی تھی۔تاہم انتظامیہ کی جانب سے ہال کو سیل کیے جانے کے بعد پارٹی رہنماؤں نے اجلاس کا مقام تبدیل کر دیا۔پی ٹی آئی کے مقامی رہنما کے مطابق اب اجلاس شاہی قلعہ چترال میں منعقد کیا جا رہا ہے۔شاہی قلعہ لوئر چترال سے پی ٹی آئی کے رکن صوبائی اسمبلی اور پارٹی کے ضلعی صدر فاتح الملک علی ناصر کی رہائش گاہ ہے۔

بقیہ نمبر 61

لانہ انتخابات میں محمد سلیم مکانی چیئرمین، شاہد بشیر سینئر وائس چیئرمین اور محمد عامر بھٹی وائس چیئرمین منتخب ہو گئے ہیں۔ایسوسی ایشن کے سالانہ اجلاس عام میں منتخب نمائندوں کی کامیابی کا اعلان کیا گیا۔پی سی ڈی ایم اے کے اعلامیے کے مطابق ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹو کمیٹی کی 20 نشستوں کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کرائے گئے تاہم اہم عہدوں کے لیے ہر نشست پر صرف ایک ایک امیدوار سامنے آنے کے باعث مذکورہ امیدواروں کو بلا مقابلہ منتخب قرار دیا گیا۔اسی طرح خواتین کے لیے مخصوص دو خالی نشستوں پر بھی صرف دو امیدواروں کے کاغذات نامزدگی موصول ہوئے جس کے نتیجے میں ارم شاہد اور عائشہ فرید احمد کو بھی بلا مقابلہ منتخب قرار دیا گیا۔

بقیہ نمبر 62

کی خصوصی حیثیت کی بحالی کے مطالبے کی بھی حمایت کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس معاملے پر پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کا موقف واضح ہے اور پارٹی عوام و تاجر برادری کے مطالبات کے لیے اپنا سیاسی و جمہوری کردار ادا کرے گی۔محمد انور زمان نے کہا کہ مرکزی چیئرمین محمود خان نے بھی پشاور میں منعقدہ گرینڈ جرگے میں ملاکنڈ ڈویژن میں ٹیکس کے نفاذ کی مخالفت کرتے ہوئے خصوصی حیثیت کی بحالی کو ضروری قرار دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ کسی ایک سیاسی جماعت یا تاجر برادری کا نہیں بلکہ پورے ملاکنڈ ڈویژن کے عوام کا مشترکہ مسئلہ ہے، اس لیے تمام سیاسی وسماجی قوتوں کو عوامی مطالبات کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ملاکنڈ ڈویژن کی خصوصی حیثیت کی بحالی سے ٹیکس سے متعلق عوام کے مسائل کے حل کی راہ ہموار ہوگی اور پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز ٹیکس کے نفاذ کے خلاف جاری تحریک کا حصہ بنے گی

بقیہ نمبر 63

رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ حادثے کا شکار ہونے والوں میں چھ کان کن 18 سال سے کم عمر تھے۔ان میں سے دو کی عمر 17 سال سے بھی کم تھی۔

مذاکرات سے ہی معاملات طے ہو سکتے ہیں

رانا ثناء اللہ

،آپ سڑک کنارے درخت کے نیچے بیٹھ کر بات کر سکتے ہیں لیکن وزیرِاعظم آفس میں ملاقات نہیں کر سکتے

لانگ مارچ اور انتشار کسی مسئلے کا حل نہیں، مشیر وزیرِاعظم کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو لانگ مارچ کی کال واپس لینی چاہیے، لانگ مارچ اور انتشار کسی مسئلے کا حل نہیں، مذاکرات سے معاملات طے ہوسکتے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ جو معاملات عدالتوں میں زیرِ سماعت ہیں، ان کا فیصلہ عدالتوں نے کرنا ہے اور جو معاملات مذاکرات کی میز پر بیٹھ کر طے ہوسکتے ہیں، ان پر بات ہونی چاہیے ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کوئی طریقہ نہیں کہ آپ وزیرِاعظم کو خط لکھیں لیکن ان سے ملاقات نہ کریں، آپ سڑک کنارے درخت کے نیچے بیٹھ کر بات کر سکتے ہیں لیکن (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امیر مفتی عبدالولی نے تحصیل حب کی مجلس عمومی کا ایک اہم اجلاس

اجلاس جامعہ اسلامیہ مدینۃ العلوم اکرم کالونی حب میں منعقد ہوگا

حب (نمائندہ بولان) جمعیت علماء اسلام تحصیل حب کے امیر مفتی عبدالولی نے تحصیل حب کی مجلس عمومی کا ایک اہم اجلاس 4 اکتوبر بروز اتوار، صبح 10 بجے طلب کر لیا ہے اجلاس جامعہ ا(بقیہ نمبر 33 صفحہ 7پر)

حب پولیس کی کارروائیاں: 13 سالہ مغویہ بچی اور خاتون کو تین کمسن بچوں سمیت بازیاب کرالیا گیا

حب سٹی پولیس کی ایک اور کامیاب کارروائی، چوری شدہ 125 موٹرسائیکل برآمد کر کے مالک کے حوالے کردی

حب (نمائندہ بولان) حب پولیس کی کارروائیاں، 13 سالہ مغویہ بچی اور خاتون کو تین کمسن بچوں سمیت بازیاب کرالیا گیا ایس پی آفس سے جاری پریلیز کے مطابق ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات پر ایس ڈی پی او سرکل حب امام یعقوب بلوچ اور ASP عدنان بشیر (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

ڈیزل برآمدات بند کرنے کی صدر ٹرمپ دھمکی؛ یورپی یونین نے مسترد کردی

یورپی ممالک نے بحران کے حل کے لیے عالمی توانائی ایجنسی کے ساتھ مل کر ذخائر جاری کرنے پر غور شروع کردیا ہے

ایسی پابندی کسی کے مفاد میں نہیں، اس سے امریکا اور یورپ کے باہمی اعتماد کو نقصان پہنچے گا، ترجمان یورپی کمیشن

برسلز (این این آئی) یورپی یونین نے امریکا کی جانب سے ڈیزل کی برآمدات پر ممکنہ پابندی کی دھمکی کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسی پابندی کسی کے مفاد میں نہیں اور اس سے امریکا اور یورپ کے باہمی اعتماد کو نقصان پہنچے گا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی انتظامیہ نے فرانس اور جرمنی سمیت یورپی ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی ہنگامی ڈیزل ذخائر میں سے مزید ایندھن مارکیٹ (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

کے الیکٹرک کیخلاف شکایات کے ازالے کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

کے الیکٹرک کے صارفین کو درپیش بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات کے فوری ازالے کے لیے آج 2 اکتوبر 2026 کو کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا،

صارفین نے اپنی شکایات اور مسائل متعلقہ حکام کے سامنے پیش کیے

حب (نمائندہ بولان) دفتر الیکٹرک انسپکٹر، محکمہ توانائی بلوچستان، حب کے زیرِ اہتمام کے الیکٹرک کے صارفین کو درپیش بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات کے فوری ازالے کے لیے آج 2 اکتوبر 2026 کو کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت الیکٹرک انسپکٹر محکمہ توانائی بلوچستا(بقیہ 36 صفحہ 7پر)

کے الیکٹرک کے صارفین کو درپیش بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات کے فوری ازالے کے لیے آج 2 اکتوبر 2026 کو کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا،

میاں بیوی میں جھگڑے پر منانے کی پیشرفت مریم کی طرف سے ہی ہوتی ہے، کیپٹن صفدر

میں اسی لیے کابینہ کا حصہ نہیں بنا کیوں کہ جب وزیرِاعلیٰ مریم نواز آتی ہیں تو سب کو اٹھنا پڑتا ہے

گھر میں میٹھا آتا ہے تو مریم نواز کہتی ہیں کہ چھپا دو سارا صفدر ہی کھا جائے گا اور طبیعت خراب ہوجائے گی، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِاعلیٰ پنجاب مریم نواز کے شوہر کیپٹن (ر) صفدر نے کہا ہے کہ میاں بیوی میں جھگڑے پر منانے کی پیشرفت مریم کی طرف سے ہی ہوتی ہے۔ کیپٹن (ر) صفدر حال ہی میں ایک یوٹیوب چینل کے انٹرویو میں شریک ہوئے جس دوران انہوں نے سیاسی اور ذاتی موضوعات پر دلچسپ گفتگو کی۔ ایک سوال کے جواب میں کیپٹن (ر) صفدر نے بتایا کہ میں اہلیہ مریم نواز پر حکم نہیں چلاتا، میرا اور مریم کا ادب، احترام اور عزت کا رشتہ ہے، ہماری شادی کو 35 سال ہو چکے ہیں، ہمارے 3 بچے (بقیہ 40 صفحہ 7پر)

الیکشن کمیشن نے متحدہ علما و مشائخ کونسل کے انٹرا پارٹی الیکشن کی منظوری دے دی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے متحدہ علما و مشائخ کونسل پاکستان کے انٹرا پارٹی الیکشن کی منظوری دے دی اور اس کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ جمع کو الیکشن کمیشن کے نوٹیفکیشن کے مطابق متحدہ علما و مشائخ کونسل پاکستان نے 18 مئی 2026ء کو انٹرا پارٹی ا(بقیہ 39 صفحہ 7پر)

ایلیمینٹری کالج اوتھل میں تعینات لیبارٹری اسسٹنٹ کے فوری تبادلے کا مطالبہ

لسبیلہ سے تعلق رکھنے والی خاتون لیبارٹری اسسٹنٹ کو ایلیمنٹری کالج اوتھل تعینات ہے جنکا تبادلہ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے

اوتھل (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن لسبیلہ کے صدر محمد اسلم رونجھو، سینئر نائب صدر یار محمد وفا، نائب صدر پرنس محمد قاسم رونجھو، جونیئر نائب صدر محمد افضل قاضی، جنرل سیکرٹری قاضی احسان الحق بلوچ، چیئرمین عبدالواحد سومرو، ڈپٹی جنرل سیکرٹری جاوید گل، سیکرٹری اطلاعات (بقیہ 41 صفحہ 7پر)

متحدہ عرب امارات میں اکتوبر کیلئے فیول قیمتوں میں بڑا اضافہ

ابوظبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں اکتوبر 2026 کے لیے پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتوں کا اعلان کردیا گیا ہے۔ نئی قیمتوں کے مطابق ستمبر کے مقابلے میں پیٹرول (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

حکومت نے بات چیت سے کبھی انکار نہیں کیا

طلال چوہدری

سیاسی جماعتیں ذمے داری محسوس کریں، مذاکرات کے حامی رہے ہیں

مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کہا ہے کہ معاملات پارلیمان میں آ کر حل کیے جائیں، وزیرِ مملکت داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں کو اپنی ذمے داری محسوس کرنی چاہیے اور اچھے کی امید رکھنی چاہیے۔ ایک انٹرویو میں طلال چوہدری نے کہا کہ حکومت مذاکرات کی حامی رہی ہے تاہم پی ٹی آئی خود ہی یک طرفہ طور پر مذاکرات سے الگ ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِاعظم شہباز شریف نے عوامی سطح پر اور پارلیمان میں ہر جگہ مذاکرات کی بات کی ہے، پارلیمان میں سیاسی جماعتوں سے مذاکرات کے دوران حکومت کو کبھی انا یا ضد نہیں رہی۔ طلال چوہدری نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے ہمیشہ کہا ہے کہ معاملات پارلیمان میں آ کر حل کیے جائیں۔ دو(بقیہ 38 صفحہ 7پر)

لعل محمد برفت کی بھابھی کے انتقال پر تعزیت کا سلسلہ جاری

جمعہ کے روز مختلف سیاسی وسماجی شخصیات نے تعزیت و فاتحہ خوانی کی

حب (نمائندہ بولان) پیرا میڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے ضلعی رہنما صالح محمد برفت کی اہلیہ، یار محمد برفت، حب پریس کلب کے رابطہ سیکریٹری روزنامہ بولان حب کے رپورٹر لعل محمد برفت اور رئیس نواز علی برفت ایڈووکیٹ کی بھابھی کے انتقال پر جمعہ کے روز مختلف سیاسی و سما جی(بقیہ 37 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

برطانیہ میں فضائی ٹریفک کنٹرول نظام میں خرابی، ایک ہزار سے زائد پروازیں منسوخ

لندن (این این آئی) برطانیہ میں فضائی ٹریفک کنٹرول کے نظام میں خرابی کے باعث ایک ہزار سے زائد پروازیں منسوخ کردی گئیں۔

اوتھل میں زرعی ترقیاتی بینک کی نئی عمارت کا افتتاح کردیا گیا

خیبر پختونخوا میں ای فرد پورٹل اور ڈیجیٹل فیڈ بیک سسٹم کا اجراء

ان اصلاحات سے لینڈ ریکارڈ کے نظام پر عوامی اعتماد بحال ہوگا اور اراضی سے متعلق شکایات میں واضح کمی آئے گی

حکومت کی پہلی ترجیح عوام کو ان کی دہلیز پر شفاف اور تیز تر خدمات فراہم کرنا ہے، وزیرِاعلیٰ سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیرِاعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے صوبے میں لینڈ ریکارڈ کے نظام کو جدید بنانے کے لیے ای فرد پورٹل اور ڈیجیٹل پبلک فیڈ بیک سسٹم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے۔ اس موقع پر وزیرِاعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی پہلی ترجیح عوام کو ان کی دہلیز پر شفاف اور تیز (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

پشاور نامعلوم ملزمان کی فائرنگ 2 پولیس اہلکار شہید

1 زخمی

مقتول کو رات گئے گھر سے اغوا کیا گیا تھا، جسے بعد ازاں فائرنگ کر کے شہید کر دیا گیا

ملک سعد شہید پولیس لائن پشاور میں نماز جنازہ کے موقع پر افواج پاکستان اور پولیس کے سینئر افسران اور اہلکار موجود تھے

پشاور (این این آئی) پشاور میں گڑھی میرا کچھوڑی میں نامعلوم ملزمان نے پولیس اہلکار کو شہید کردیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کو رات گئے گھر سے اغوا کیا گیا تھا جسے بعد ازاں فائرنگ کر کے شہید کردیا گیا۔ ادھر ٹانک سول ہسپتال جنڈولہ میں پولیس پر نامعلوم افراد کی فائرنگ کی، تھانہ جنڈولہ پولیس (بقیہ نمبر 48 صفحہ 7پر)

پشاور میں احتجاج کرنے والے یونیورسٹی طلبا پر سیکیورٹی گارڈز کی فائرنگ

طلبا ہاسٹل میں خوراک کے مسائل اور دیگر سہولیات کی عدم دستیابی کے حوالے سے پرامن احتجاج کر رہے تھے

صورتحال کنٹرول میں ہے، فائرنگ کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، پولیس

پشاور (این این آئی) حیات آباد میں واقع نجی یونیورسٹی میں احتجاج کے دوران پرائیویٹ سیکیورٹی گارڈز نے طلبا پر فائرنگ کردی جس کے باعث طلباء میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اقرا یونیورسٹی کے طلبا ہاسٹل میں خوراک کے مسائل و دیگر سہولیات کی عدم دستیابی کے حوالے سے پرامن احتجاج کر رہے تھے۔ فائرنگ سے طلبا میں خوف و ہراس پھیل گیا، واقعہ پر طلبا میں شدید تشویش پا(بقیہ نمبر 44 صفحہ 7پر)

بہاولنگر، اینٹوں کے بھٹے پر کام کرنے والا مزدور بھٹی میں گر کر زندہ جل گیا

بہاولنگر (این این آئی) بہاولنگر کے علاقہ چک نادر شاہ کے قریب اینٹوں کے بھٹے پر کام کرنے والا مزدور بھٹی میں گر کر جھلس کر جاں بحق ہوگیا

اوتھل میں زرعی ترقیاتی بینک کی نئی عمارت کا افتتاح کردیا گیا

زرعی ترقیاتی بینک اوتھل کی برانچ پہلے مین روڈ سے ہٹ کر واقع تھی، پرویز احمد

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل میں زرعی ترقیاتی بینک کی نئی عمارت کا افتتاح کردیا گیا۔ افتتاح چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل لسبیلہ و چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ اور جنرل منیجر زرعی ترقیاتی بینک سندھ بلوچستان سید مجتبیٰ جیلانی نے فیتہ کاٹ کر کیا۔ جبکہ دعا معروف عالم دین سائیں دلمراد طاہری نے کرائی، افتتاحی تقریب میں منیجر زرعی ترقیاتی بنک اوتھل حسیب عزیز خان، معروف ایڈووکیٹ عامر جلیل، کاروباری شخصیت شیخ حیدر، MCO پرویز اقبال رونجھ، آپریشنل آفیسر محمد یوسف، مولانا نبی بخش صدیقی دودا طاہری، سابق (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات 14 دسمبر کو کروانے کی تجویز

کاغذات نامزدگی 27 اکتوبر سے 30 اکتوبر کے درمیان جمع کروائے جاسکیں گے، مجوزہ شیڈول

الیکشن کے لیے پولنگ 14 دسمبر کو ہوگی اور ریٹرننگ افسران نتائج کا اعلان 17 دسمبر تک کریں گے

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پنجاب حکومت کو صوبے میں بلدیاتی انتخابات 14 دسمبر کو کروانے کی تجویز دے دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق الیکشن کمیشن نے بلدیاتی انتخابات کا ڈرافٹ شیڈول چیف سیکریٹری پنجاب کو ارسال کر دیا جس کے مطابق صوبے میں بلدیاتی انتخابات 14 دسمبر کو ہوگا۔ مجوزہ شیڈول کے مطابق کاغذات نامزدگی 27 اکتوبر سے 30 اکتوبر کے درمیان جمع کروائے (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

پشاور کے لیڈی ریڈنگ ہسپتال سے نومولود بچہ اغواء

پشاور (این این آئی) پشاور کے لیڈی ریڈنگ اسپتال سے نومولود بچہ مبینہ طور پر اغوا ہوگیا، جس کی تحقیقات جاری ہیں۔

نوشہرہ، دعوت شادی سے واپسی پر شہری جاں بحق، متوفی کے بیٹے کا والد کو زہر دیئے جانے کا شبہ

نوشہرہ (این این آئی) رشتہ داروں کو بیٹے کی شادی کے دعوت نامے دینے کے بعد گھر واپس آنے والے شخص کی اچانک طبیعت خراب ہونے کے بعد موت واقع ہوگئی، جس پر متوفی کے بیٹے نے نامعلوم افراد کی جانب سے زہر دیے جانے کا شبہ ظاہر کردیا۔

معروف قبائلی، سماجی وسیاسی شخصیت سردار الیاس ترین کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

سردار الیاس ترین کی وفات کی خبر انتہائی افسوسناک اور دل رنجیدہ کرنے والی ہے، مفتی عبدالولی

حب (نمائندہ بولان) جمعیت علماء اسلام تحصیل حب کے امیر مفتی عبدالولی نے معروف قبائلی، سماجی و سیاسی شخصیت سردار الیاس ترین کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی بیان میں مفتی عبدالولی نے کہا کہ سردار الیاس ترین کی وفات کی خبر انتہائی افسوسناک اور دل رنجیدہ کرنے والی ہے مرحوم ایک ملنسار، ہنس مکھ، مخلص اور انسان دوست شخصیت کے مالک تھے، جنہوں نے اپنی زندگی عوامی خدمت، قبائلی روایات کی پاسداری اور لوگوں کے ساتھ محبت وخلوص میں گزاری انہوں نے کہا (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

برطانوی اخبار کی رپورٹ؛ طاہر اشرفی اور ان کے بھائی کیخلاف شفاف تحقیقات کا مطالبہ

سول سوسائٹی نیٹ ورک کا طاہر اشرفی کی سرکاری اور بین الاقوامی نمائندگی کے حوالے سے بھی معاملے کی جانچ کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) لاہور میں سول سوسائٹی نیٹ ورک پاکستان نے برطانوی اخبار دی ٹیلی گراف میں حافظ طاہر محمود اشرفی اور ان کے بھائی حسن معاویہ اشرفی سے متعلق شائع ہونے والی رپورٹ کے تناظر میں وزیرِاعظم شہباز شریف سے معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقا(بقیہ 45 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر محمد اورنگزیب سے آئی ایم ایف کے نمائندے ملاقات کر رہے ہیں

محمد آصف زندہ ہیں تو بھارتی فوج نے کشمیر میں کس بے گناہ کو شہید کیا؟

عطا تارڑ کا سوال

بھارت جواب دے کہ اس فیک انکاؤنٹر میں کس معصوم شخص کی جان لی گئی

ڈی جی آئی ایس پی آر کی پریس کانفرنس نے بھارتی فوج کے فیک انکاؤنٹر کا پول کھول دیا ہے، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے سوال اٹھایا ہے کہ محمد آصف زندہ ہیں تو بھارتی فوج نے کشمیر میں کس بے گناہ کو شہید کیا ہے؟ ڈی جی آئی ایس پی آر کی پریس کانفرنس کے حوالے سے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر بیان جاری کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے بھارتی فوج کے دعوؤں کی قلعی کھول کر رکھ دی ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ ڈی جی آئی ایس پی آر کی پریس کانفرنس نے بھارتی فوج کے فیک انکاؤنٹر کا پول کھول دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محمد آصف زندہ سلامت ہیں تو بھارتی فوج نے کس بے گناہ کشمیری کو شہید کیا ہے؟ (بقیہ 51 صفحہ 7پر)

پی ٹی آئی پی کی ملاکنڈ ڈویژن میں ٹیکس نفاذ کے خلاف تحریک کی حمایت

سوات (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹیرینز کے مرکزی صدر محمد انور زمان نے ملاکنڈ ڈویژن میں ٹیکس کے نفاذ کے خلاف تاجروں اور عوام کی جاری تحریک کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارٹی ملاکنڈ ڈویژن (بقیہ 62 صفحہ 7پر)

سوات: سیدو شریف میں بچوں کی لڑائی پر فائرنگ، بیچ بچا کرنے والا شخص جاں بحق، ایک زخمی

سوات (این این آئی) سوات کے علاقے سیدو شریف میں بچوں کی لڑائی کے معاملے پر دو فریقین کے درمیان تنازع شدت اختیار کر گیا اور فائرنگ کے نتیجے میں بیچ بچا کرنے والا شخص جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق بچوں کی لڑائی پر ساحل اور عدنان نامی دو فریقین کے درمیان تنازع پیدا ہوا، جس کے بعد نوبت فائرنگ تک جا پہنچی۔ فائرنگ کے دوران بیچ بچا کی کوشش کرنے والا زین خان گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگیا

سائرہ عطا کی زیرِ صدارت ریونیو انتظامیہ کے جائزہ اور استحکام کے حوالے سے ایک اہم اجلاس

عوامی شکایات کے بروقت ازالے اور ریونیو معاملات میں شفافیت، درستگی اور مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے

اوتھل (نمائندہ خصوصی) کمشنر لسبیلہ ڈویژن محترمہ سائرہ عطا کی زیرِ صدارت ریونیو انتظامیہ کے جائزہ اور استحکام کے حوالے سے ایک اہم اجلاس کانفرنس ہال، ڈسٹرکٹ کونسل اوتھل میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (لسبیلہ سراج احمد بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر) جنرل ریونیو (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفد ملاقات کر رہا ہے

سردار الیاس ترین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

مرحوم ہمارے قریبی ساتھی تھے ان کے انتقال کی خبر سے دلی افسوس ہوا، شریف پالاری

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کے صدر محمد شریف پالاری نے پاکستان پیپلز پارٹی حب کے سینئر رہنما سردار الیاس ترین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم ہمارے قریبی ساتھی تھے ان کے انتقال کی خبر سے دلی افسوس ہوا اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

سردار الیاس ترین دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے

مرحوم نے پسماندگان میں ایک بیٹا، چار بیٹیاں اور بیوہ چھوڑی ہے

حب (نمائندہ بولان) سردار الیاس ترین دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے مرحوم نے پسماندگان میں ایک بیٹا، چار بیٹیاں اور بیوہ چھوڑی ہے، تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سردار الیاس ترین دل دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے مرحوم کی نماز جنازہ بھوانی مدرسہ میں ادا کی گئی بعد ازاں مرحوم کا جسد خاکی آبائی گاؤں پشین لے گئے جہاں مرحوم کی تدفین کی جائے گی مرحوم نے اپنے پسماندگان میں ایک بیٹا، چار بیٹیاں اور بیوہ چھوڑی ہے

چترال، پی ٹی آئی کا ورکرز کنونشن، ٹاؤن ہال سیل ہونے پر مقام تبدیل

چترال (این این آئی) اسلام آباد لانگ مارچ کے سلسلے میں پاکستان تحریک انصاف کے رہنماں اور کارکنوں کے اجلا(بقیہ 60 صفحہ 7پر)

احتساب عدالت نے اپر کوہستان اسکینڈل میں ملوث ملزم کی بے نامی اثاثے ضبط کرنے کا حکم دیدیا

پشاور (این این آئی) احتساب عدالت نے اپر کوہستان اسکینڈل کے ملزم کی بے نامی اثاثے ضبط کرنے کا حکم دے دیا۔

ٹھٹھہ، ڈپٹی کمشنر سرمد علی بھاگت سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیرِ صدارت اجلاس

اجلاس میں سیکریٹری صحت بلوچستان کی جانب سے نامزد نمائندے نے شرکت کی

اوتھل (نمائندہ خصوصی) کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیرِ صدارت Primary Health Care اور Independent Immunization کی Monitoring کے حوالے سے Review Meeting منعقد ہوئی۔ اجلاس میں سیکریٹری صحت بلوچستان کی جا(بقیہ 53 صفحہ 7پر)

پی سی ڈی ایم اے، سلیم مکاتی چیئرمین، شاہد بشیر سینئر وائس چیئرمین منتخب

کراچی (این این آئی) پاکستان کیمیکلز اینڈ ڈائز مرچنٹس ایسوی ایشن (پی سی ڈی ایم اے) کے سال 28-2026 کے سا(بقیہ 61 صفحہ 7پر)

پشاور ہائیکورٹ، پی ٹی آئی ضلعی صدر عرفان سلیم کی ضمانت قبل از گرفتاری درخواست منظور

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی ضلعی صدر عرفان سلیم کی نومئی ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں ضمانت قبل از گرفتاری منظور کرلی۔

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کیلئے مجوزہ انتخابی پروگرام جاری

بلدیاتی انتخابات کیلئے پولنگ 14 دسمبر 2026 کو تجویز

لاہور (این این آئی) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول تیار کرلیا گیا۔ الیکشن کمیشن نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کیلئے مجوزہ انتخابی پروگرام جاری کردیا۔ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات 15 دسمبر 2026 سے 15 جنوری 2027 کے درمیان کرانے کی تجویز ہے، الیکشن کمیشن (بقیہ 55 صفحہ 7پر)

قومی شاہراہ زیرو پوائنٹ کے قریب وٹہ پل پر مزدا اور موٹرسائیکل میں تصادم

آگ لگنے سے دو افراد جھلس کر زخمی، حاجی محمد خان دودا کی ہدایت پر فائر بریگیڈ کی گاڑی جائے حادثہ پر روانہ کردی گئی،

اوتھل (نمائندہ خصوصی) گزشتہ روز قومی شاہراہ زیرو پوائنٹ کے قریب وٹہ پل کے مقام پر ٹیٹان مزدا اور موٹرسائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں دونوں گاڑیوں (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

کے ایم سی پنشنرز کے 40 فیصد اضافے کی عدم ادائیگی کا معاملہ

کراچی (این این آئی) کے ایم سی ریٹائرڈ ایمپلائز ایسوسی ایشن (بقیہ نمبر 59 صفحہ 7پر)

مخالف فریق ہماری جائیدادوں پر زبردستی قبضہ کرنا چاہتے ہیں، محمد ایوب

زخمی کرنے والے تمام حملہ آور ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے انہیں گرفتار کیا جائے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) دادو کے قریب گوٹھ گل محمد واریاسو کے رہائشی ملاح برادری کے زخمیوں محمد ایوب، عزیز ملاح اور بلاول ملاح نے روتے ہوئے الزام لگاتے ہوئے کہا ہے کہ زمین کی ملکیت کے تنازعہ پر ان کی ہی برادری کے افراد جن میں محمد رمضان ملاح، سکندر ملاح، علی حیدر ملاح، سرور ملاح اور دیگر شامل ہیں، نے ان پر حملہ کر کے انہیں زخمی کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مخالف فریق ہماری زمین پر قبضہ کرنے کے لیے ایسے ہتھکنڈے استعمال کر رہا ہے، جو ہماری جائیدادوں پر زبردستی قبضہ کرنا (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

دہری شہریت سرکاری افسران کو ایک ہفتے میں تفصیلات جمع کرانے کا حکم

،سول سرونٹس کو اپنے اور زیرِ کفالت افراد کی غیر ملکی شہریت متعلق تفصیلات دینا ہوں گی

غیر ملکی شہریت، غیر ملکی سفری دستاویزات اور غیر ملکی شہری سے شادی کی تفصیلات دینا لازم ہوگا ورنہ کارروائی ہوگی، میمو

اسلام آباد (این این آئی) دہری شہریت رکھنے والے سرکاری افسران کی غیر ملکی شہریت سے متعلق قواعد 2026 پر عملدرآمد کا فیصلہ کیا گیا ہے، سول سرونٹس کو غیر ملکی شہریت سے متعلق ڈیکلریشن ایک ہفتے میں جمع کرانے کی ہدایت کردی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے اس حوالے سے او ایم جاری کردیا جس کے مطابق غیر ملکی شہریت، غیر ملکی سفری دستاویزات اور غیر ملکی شہری سے شادی کی تفصیلات دینا لازم ہوگا۔ آفس میمورنڈم میں کہا گیا کہ عدم تعمیل یا غلط معلومات دینے کی صورت محکمانہ کارروائی ہوسکتی ہے، غیر ملکی شہریت کا ڈیکلریشن جمع کرانے کیلئے افسران کو ایک ہفتے کی مہلت دی جارہی ہے بصورت دیگر ڈیکلریشن جمع نہ کرانے والے افسران کے خلاف کارروائی ہوسکتی ہے۔ آفس میمورنڈم میں کہا گیا کہ غلط ڈیکلریشن جمع کرانا سول سرونٹس کیلئے مس(بقیہ 52 صفحہ 7پر)

کوئٹہ، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تربت، جامعہ تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن شجرکاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

فنڈز کی کمی کے باعث لاکھوں پناہ گزین بچے تعلیم سے محروم ہو سکتے ہیں، اقوام متحدہ

گزشتہ سال تقریباً 58 لاکھ پناہ گزین بچے اور نوجوان سکول نہیں جاسکے، ادارہ برائے مہاجرین

جنیوا (این این آئی) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے مہاجرین (یواین ایچ سی آر) نے خبردار کیا ہے کہ فنڈز کی کمی کے باعث سکولوں کے تعلیمی پروگراموں کے لیے درکار فنڈنگ خطرے میں ہے جس سے لاکھوں پناہ گزین بچے تعلیم سے محروم ہوسکتے ہیں۔ اماراتی نیوز ایجنسی کے مطابق یواین ایچ سی آر نے جمعے کو بیان میں کہا کہ گزشتہ سال تقریباً 58 لاکھ پناہ گزین بچے اور نوجوان سکول نہیں جا سکے، یہ دنیا بھر میں (بقیہ 57 صفحہ 7پر)

پی ٹی آئی سمیت جو بھی قانون توڑے گا کارروائی ہوگی

عظمیٰ بخاری

حکومتیں بدلتی رہیں، قومی وژن اور عوامی فلاح کی پالیسیاں نہیں بدلنی چاہئیں

پاکستان کی ترقی کسی ایک صوبے یا حکومت کی نہیں، ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے' وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پاکستان کو آگے بڑھانا ہے تو پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے۔ وزیرِاعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا واضح مؤقف ہے کہ حکومتیں تبدیل ہوتی رہیں لیکن قومی وژن اور عوامی فلاح کی پالیسیاں تبدیل نہیں ہونی چاہئیں (بقیہ 58 صفحہ 7پر)

لاہور، صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق تقریب سے خطاب کر رہے ہیں